
(رجسٹرڈ)
امامیہ جنتری
2026
Imamia Jantri®
03 111 888 668
WWW.IMAMIAJANTRI.COM
553920
Trademark # Web 553921
43
Lahore. Ph: +92 42 37223686
@gmail.com,
Reg # 556364
KHARBOOKDEPOT.COM
Iftikhar®
BOOK DEPOT
ESTB 1955
ISSN 2707-4595

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جملہ حقوق محفوظ ہیں

اللہ عزوجل

پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَّلَا تَفَرَّقُوا (القرآن)

اور سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑے رہنا اور متفرق نہ ہونا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حضرت امام علی علیہ السلام | حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا | حضرت امام حسن علیہ السلام | حضرت امام حسین علیہ السلام | حضرت امام علی زین العابدین علیہ السلام | حضرت امام محمد باقر علیہ السلام |
| حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام | حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام | حضرت امام علی رضا علیہ السلام | حضرت امام محمد تقی علیہ السلام | حضرت امام علی نقی علیہ السلام | حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام |

**2026 عیسوی**

حضرت امام مہدی آخر الزماں علیہ السلام

**۱۴۴۷-۱۴۴۸ ہجری**

# امامیہ جنتری





TM Reg # Print 553920

TM Reg # Digital 553921

امامیہ جنتری کاپی ایکٹ رجسٹریشن نمبر 553920 کے تحت رجسٹرڈ ہے۔ کوئی ناشر اس کا جعلی ایڈیشن شائع کرے گا تو اس کے خلاف قانونی کاروائی ہوگی۔

**زیر نگرانی** الحاج مولانا فیاض حسین جعفری، مولانا حسن ظفر نقوی
**مدیران** علی فرزاد، آمنہ علی
**قانونی مشیر** اکبر لا ایسوسی ایٹس
**معاونین خصوصی** اطہر خان، سلمان نعیم
**تقویم** سید عباس سلطان
**زائچہ، کوائف سیارگان** جابر علی
**مجلس مشاورت** کیپٹن مظہر حسن زیدی، پروفیسر اقبال احمد، بابر حسین رضوی، رضا احسن مرزا، علی سلطان رومی
**کمپوزنگ** مادحہ بتول
**گرافکس** ایمن فاطمہ
**ڈسٹریبیوشن** حسام زیدی
**مطبع** عامر یونس پرنٹرز، فارما پیکجز

**پرنٹ میڈیا**
صادق علی بلتستانی، حسام زیدی، ذیشان
محمد انس اعجاز، عبید اللہ، وقار علی

**ڈیجیٹل میڈیا**
مادحہ بتول، سیدہ مہوش اعجاز،
ایمن فاطمہ، مریم علی

رعایتی قیمت -/390
علاوہ ڈاک خرچ

Iftikhar BOOK DEPOT ESTB 1955

افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) 43 مین بازار اسلام پورہ لاہور 54000 فون: 4127000 321 92+

اصلی امامیہ جنتری خریدنے کے لیے سرورق (ٹائٹل) پر چمکنے والی (Original) کی سٹیمپ اور معیار ضرور چیک کریں

اصلی امامیہ جنتری خریدنے کے لیے سرورق (ٹائٹل) پر چمکنے والی (Original) کی سٹیمپ اور معیار ضرور چیک کریں

جملہ حقوق بحق ناشر پاکستان کاپی رائٹ ایکٹ نمبر 553920 کے تحت محفوظ ہیں

## ترتیب مضامین


| ترتیب مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ایڈیٹر کے قلم سے | 3 |
| اسمائے باری تعالیٰ | 4 |
| حضرت رسولؐ اکرم، مولا علیؑ، بی بی فاطمہؑ کے القابات | 5-7 |
| دعائے حاجات | 8 |
| شاعری (مولانا حسن ظفر نقوی) (ڈاکٹر آغا مسرور رضا خاکی) | 9 |
| سیرت رسولؐ قبل بعثت (مولانا حسن ظفر نقوی) | 10 |
| نفس کی تلاش، تفکر سے تدبر تک (علی سلطان) | 13 |
| روح اور اسم اعظم، دو لافانی طاقتیں (آغا حسنین احمد) | 15 |
| نکاح کی بندش توڑ، نصیب جوڑ (مخدوم مبارک علی شمسی) | 16 |
| خوشحال ازدواجی گھریلو زندگی آپ کا حق ہے (سیدہ ارم زہرہ زیدی) | 17 |
| ویدک آسٹرولوجی، جادو نہیں سائنس ہے (سائرہ ممتاز) | 18 |
| نقش سورۃ فاتحہ، لامحدود برکتیں (زوار ریاض حسین جعفری) | 19 |
| عدد 8 مشکلات یا مہربانی؟ فیصلہ آپ کا (آغا جعفر) | 20 |
| 2026، عدد 1 کا سال (قاری منیر حسین محمدی) | 21 |
| علم رمل کی افادیت (محمد مہدی قنبری) | 22 |
| صحت اور اعجاز قرآن (محمد اکمل خان) | 24 |
| بانجھ پن اور حکمت اسلامی، امید کی نئی کرن (مخدوم مبارک علی شمسی) | 26 |
| مجرب عملیات (آغا جعفر) | 28 |
| کنجی، امن، رزق اور شفاء (محمد علی کمیلی) | 29 |
| لوح پنجتن پاک کامیابی کا مقدس وسیلہ (تطہیر عباس) | 31 |
| نقش 2026، اسم اعظم اور آپ کی کامیابی (غلام علی حسینی) | 33 |
| نوروز عالم افروز، مالی دشمن گریاں تنگی و مالی (جابر علی المعروف شایان علی) | 34-39 |
| نئی تحقیق، کعبہ کے بغیر دنیا رک جائے گی (ریاض حسین جعفری) | 40 |
| مجرب قرآنی عملیات (صوفیہ نقوی) | 41 |
| تقویم کیفیت سیارگان و نظرات سیارگان | 42-66 |
| میچ میکنگ، پائیدار رشتہ کا پہلا قدم (سید ذیشان حیدر علی) | 67 |
| علی العملیات (خالد شفیع) | 69 |
| درود کی فضیلت (سیدہ مہوش اعجاز) | 70 |
| وقت نکاح، کب کریں، کب نہ کریں (رانا تراب علی) | 71 |
| ختم کا کرشمہ، بیماری اور آسیب کا خاتمہ (راجا افتخار حسین) | 72 |
| نومولود کا پہلا تحفہ، نام (سید قمر حسین نقوی) | 73 |
| مجرب المجرب عملیات (جابر علی المعروف شایان علی) | 76 |
| پیدائشی زائچہ اور علم نجوم (سائیں عبداللطیف دامانی) | 77 |
| تسخیر محبت کا قرآنی راز (سیدہ زہرا بتول کاظمی) | 79 |
| حرز ذوالفقار (امامیہ جنتری) | 81 |
| قرآن کریم سے مجرب عملیات (پیر سید حیدر شیرازی) | 82 |
| تسبیح مولا علیؑ، ہر پریشانی کا حل (علی احمد کاشف) | 83 |
| اسم اعظم کا فیض، وسعت رزق سے شفاء تک (زاہد حسین جعفری) | 84 |
| نقوش امرۃ قب الجرس صدیوں سے پوشیدہ ایک نئی حقیقت (افضال حیدر) | 86 |
| ہفتہ وار اسم اعظم (جابر علی المعروف شایان علی) | 87 |
| قرآن کی تاثیر آزمودہ و بے نظیر (سید تجمل حسین شیرازی) | 89 |
| غربت کا خاتمہ ایک آسان روحانی حل (امیر حیدر) | 90 |
| قرآن کی انقلابی آیت (ڈاکٹر سید افضال حسن) | 91 |
| سورہ یٰسین کے خواص (سیدہ مادحہ بتول) | 92 |
| اثرات و خواص حروف تہجی (اکرام عباس کاظمی) | 94 |
| قسمت بدلتی ہے، جب پتھر اصلی ہو (سید ذیشان حیدر علی) | 96 |
| خواص سورۃ آل عمران (ایمن فاطمہ) | 98 |
| نماز کی پابندی کے فوائد (سیدہ مہوش اعجاز) | 100 |
| یک سالہ زائچے 2026 (جابر علی المعروف شایان علی) | 101-127 |
| نظرات قمر و سیارگان | 128-134 |
| فہرست کتب، اشتہارات | 135-144 |


اصلی امامیہ جنتری خریدتے وقت اس کے سرورق (ٹائٹل) پر چمکنے والی (Orignal) کی سٹیکر اور معیار ضرور چیک کریں

صرف اصلی امامیہ جنتری 2026 پی ڈی ایف
حاصل کرنے کے لئے سکین کریں۔

Original
IMAMIA JANTRI
2026
PDF
SCAN

قارئین امامیہ جنتری کو نیا سال مبارک ہو

CamScanner

# ایڈیٹر کے قلم سے




قارئین امامیہ جنتری، السلام علیکم!

ہم ذاتِ باری تعالیٰ کے شکر گزار ہیں جس نے بصدقۂ چہاردہ معصومینؑ ہمیں ایک بار پھر یہ سعادت بخشی کہ ہم امامیہ جنتری 2026ء کی اشاعت کے ساتھ آپ کی خدمت میں حاضر ہیں۔ یہ سب اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل وکرم، آئمہؑ اطہارؑ کی عنایت اور آپ کے غیر متزلزل اعتماد ومحبت کا ثمر ہے کہ امامیہ جنتری آج مومنین کے دلوں میں ایک خاص مقام رکھتی ہے۔ ہم اپنی پوری کوشش کرتے ہیں کہ ہر سال قارئین کو وہی مواد فراہم کیا جائے جو علم، تحقیق، روحانیت اور اعتبار کا حسین امتزاج ہو۔ امامیہ جنتری ہمیشہ سے مومنین کی پسندیدہ جنتری رہی ہے، جو نہ صرف تقویم کا خزانہ ہے بلکہ دینی، روحانی اور فکری رہنمائی کا بھی معتبر ذریعہ ہے۔

تاہم، افسوس کے ساتھ اپنے معزز قارئین کو آگاہ کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ کچھ غیر قانونی عناصر امامیہ جنتری کے نام سے جعلی اور غیر مستند پی ڈی ایف نسخے وٹس ایپ کے ذریعے پھیلا رہے ہیں۔ ان جعلی نسخوں میں نہ صرف تحریف شدہ مواد شامل کیا جاتا ہے بلکہ غلط تاریخیں، غیر معتبر تقویم اور خود ساختہ تحریریں شامل کر کے قارئین کو گمراہ کیا جا رہا ہے۔ ہم ادارہ امامیہ جنتری کی جانب سے واضح اور دوٹوک اعلان کرتے ہیں کہ ان جعلی نسخوں سے ہمارا کسی قسم کا کوئی تعلق نہیں۔ لہٰذا ہم اپنے تمام قارئین سے نہایت ادب کے ساتھ گزارش کرتے ہیں کہ امامیہ جنتری کی اصل پی ڈی ایف صرف اور صرف ہماری آفیشل موبائیل ایپلیکیشن سے حاصل کریں۔ یہی وہ واحد ذریعہ ہے جہاں امامیہ جنتری کا مستند، تصدیق شدہ اور مکمل طور پر چیک شدہ مواد فراہم کیا جاتا ہے۔ ہمارے ماہرین اور محققین کی ٹیم ہر تحریر، ہر تاریخ اور ہر سطر کو باریک بینی سے جانچنے کے بعد عوام کی خدمت میں پیش کرتی ہے تا کہ قارئین تک صرف وہی تحریر پہنچے جو علمی اعتبار سے مستند اور روحانی اعتبار سے مجرب ہو۔

اس کے علاوہ امامیہ جنتری میں دیئے گئے مواد سے متعلق روحانی رہنمائی، پتھروں کی خریداری، یا دیگر معلومات کے لیے صرف ہمارے آفیشل نمبر 03111 888 668 پر رابطہ کریں۔ اس نمبر کے علاوہ کسی بھی نمبر کے ذریعے سے رابطہ کرنے کی صورت میں ادارہ کسی نقصان، دھوکے یا مالی لین دین میں نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

ہم اپنے قارئین سے درخواست کرتے ہیں کہ امامیہ جنتری خریدتے وقت اس کے سرورق پر چمکدار "Original" کی مہر، طباعت کے معیار اور کاغذ کے معیار کا بغور جائزہ لیں۔ جعلی جنتری کی نشاندہی ہونے پر فوراً ہمارے آفیشل نمبر پر اطلاع دیں تا کہ ہم اس قسم کے گمراہ کن عوامل کے خلاف قانونی کارروائی کر سکیں۔ عزیز قارئین! آپ کا اعتماد امامیہ جنتری کا سب سے بڑا سرمایہ ہے۔ یہی اعتماد ہمیں ہر سال مزید محنت، تحقیق اور اخلاص کے ساتھ خدمتِ دین کے سفر کو جاری رکھنے کی قوت دیتا ہے۔ ہم آپ سے التماس کرتے ہیں کہ جعلی جنتری فروشوں کے خلاف آواز بلند کریں، اور دوسروں کو بھی اس حوالے سے آگاہی دیں، اور امامیہ جنتری کی اصل پہچان کو برقرار رکھنے میں ہمارا ساتھ دیں۔ یقین رکھیں، جب تک آپ کا تعاون اور دعائیں ہمارے ساتھ ہیں، امامیہ جنتری علم وہدایت کے چراغ کی طرح ہمیشہ روشن رہے گی، ان شاء اللہ۔

آغا علی فرزاد



# اسمائے باری تعالیٰ جل جلالہٗ

جدول بقاعدہ جفر معہ حروف باطن

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | اَللّٰهُ<br>خدا کا نام ا.ع.ص ٦٦ | اَلرَّحْمٰنُ<br>جمالی ر.ص.و ٢٩٨ | اَلرَّحِیْمُ<br>جمالی ر.و.ت ٢٥٨ |
| | | اَلْمَلِكُ<br>مشترک م.و.ت ٩٠ | اَلْقُدُّوْسُ<br>جمالی ق.ب.ض ١٧٠ | اَلسَّلَامُ<br>جمالی س.ق.ع ١٣١ | اَلْمُؤْمِنُ<br>جمالی م.ع.ل ١٣٦ |
| اَلْمُهَيْمِنُ<br>جمالی م.ه.ث ١٤٥ | اَلْعَزِيْزُ<br>جمالی ع.ی.ص ٩٤ | اَلْجَبَّارُ<br>جلالی ج.ی.ص ٢٠٦ | اَلْمُتَكَبِّرُ<br>جلالی م.ص.و ٦٦٢ | اَلْخَالِقُ<br>جمالی غ.ج.ف ٧٣١ | اَلْبَارِئُ<br>مشترک ب.ف.غ ٢١٣ |
| اَلْمُصَوِّرُ<br>جمالی م.غ.د ٣٣٦ | اَلْغَفَّارُ<br>جمالی غ.ش.د ١٢٨١ | اَلْقَهَّارُ<br>جلالی ق.ض.ع ٣٠٦ | اَلْوَهَّابُ<br>جمالی و.ن.ت ١٤ | اَلرَّزَّاقُ<br>جمالی ر.غ.د ٣٠٨ | اَلْفَتَّاحُ<br>جمالی ف.م.ل ٤٨٩ |
| اَلْعَلِيْمُ<br>جمالی ع.ی.ص ١٥٠ | اَلْقَابِضُ<br>جمالی ق.ز.ش ٩٠٣ | اَلْبَاسِطُ<br>جمالی ب.ع.ن ٧٢ | اَلْخَافِضُ<br>جمالی خ.ف.ع ١٤٨١ | اَلرَّافِعُ<br>جمالی ر.ص.ف ٣٥١ | اَلْمُعِزُّ<br>جمالی م.ه.ك ١١٧ |
| اَلْمُذِلُّ<br>جلالی م.ع.ن ٧٧٠ | اَلسَّمِيْعُ<br>جمالی س.ل.ب ١٨٠ | اَلْبَصِيْرُ<br>جمالی ب.ت.ج ٣٠٢ | اَلْحَكَمُ<br>جمالی ح.ل.ب ٦٨ | اَلْعَدْلُ<br>مشترک ع.د.ه ١٠٤ | اَللَّطِيْفُ<br>جمالی ل.ف.غ ١٢٩ |
| اَلْخَبِيْرُ<br>جمالی خ.غ.ز ٨١٢ | اَلْحَلِيْمُ<br>جمالی ح.د.غ ٨٨ | اَلْعَظِيْمُ<br>جمالی ع.ل.ب ١٠٢٠ | اَلْغَفُوْرُ<br>جمالی غ.ض.ع ١٢٨٦ | اَلشَّكُوْرُ<br>جمالی ش.ت.ج ٥٢٦ | اَلْعَلِيُّ<br>جلالی ع.ض.ع ١١٠ |
| اَلْكَبِيْرُ<br>جلالی ك.ج.د ٢٣٢ | اَلْحَفِيْظُ<br>جمالی ح.ص.د ٩٩٨ | اَلْمُقِيْتُ<br>جلالی م.ص.و ٥٥٠ | اَلْحَسِيْبُ<br>مشترک ح.غ.ل ٨٠ | اَلْجَلِيْلُ<br>جلالی ج.ف.غ ٧٣ | اَلْكَرِيْمُ<br>جمالی ك.ص.د ٢٧٠ |
| اَلرَّقِيْبُ<br>جمالی ر.د.غ ٣١٢ | اَلْمُجِيْبُ<br>جلالی م.ظ.ه ٥٥ | اَلْوَاسِعُ<br>جمالی و.ذ.ع ١٣٧ | اَلْحَكِيْمُ<br>جلالی ح.ت.ج ٧٨ | اَلْوَدُوْدُ<br>جمالی و.د.ه ٢٠ | اَلْمَجِيْدُ<br>جلالی م.ا.ط ٥٧ |
| اَلْبَاعِثُ<br>مشترک ب.م.ل ٥٧٣ | اَلشَّهِيْدُ<br>جمالی ش.ك.ف ٣١٩ | اَلْحَقُّ<br>مشترک ح.ع.ل ١٠٨ | اَلْوَكِيْلُ<br>جلالی و.ی.ص ٦٦ | اَلْقَوِيُّ<br>جلالی ق.ف.ع ١١٦ | اَلْمَتِيْنُ<br>جمالی م.ع.ل ٥٠٠ |
| اَلْوَلِيُّ<br>مشترک و.ص.و ٤٦ | اَلْحَمِيْدُ<br>جمالی ح.و.ت ٦٢ | اَلْمُحْصِيْ<br>جلالی م.ج.د ١٤٨ | اَلْمُبْدِئُ<br>جلالی م.ع.د ٥٦ | اَلْمُعِيْدُ<br>جلالی م.ل.ب ١٢٤ | اَلْمُحْيِيْ<br>جمالی م.ل.ب ٦٨ |
| اَلْمُمِيْتُ<br>جلالی م.ن.ت ٤٩٠ | اَلْحَيُّ<br>جلالی ح.ی.د ١٨ | اَلْقَيُّوْمُ<br>جلالی ق.ع.ن ١٥٦ | اَلْوَاجِدُ<br>جلالی و.ن.ت ١٤ | اَلْمَاجِدُ<br>جلالی م.ر.ه ٤٨ | اَلْوَاحِدُ<br>مشترک و.ط.ق ١٩ |
| اَلْاَحَدُ<br>جلالی ا.م.ل ١٣ | اَلصَّمَدُ<br>جلالی ص.ت.ج ١٣٤ | اَلْقَادِرُ<br>جلالی ق.ذ.غ ٣٠٥ | اَلْمُقْتَدِرُ<br>جلالی م.ع.ن ٧٤٤ | اَلْمُقَدِّمُ<br>مشترک م.ن.ع ١٨٤ | اَلْمُؤَخِّرُ<br>مشترک م.و.ت ٨٤٦ |
| اَلْاَوَّلُ<br>مشترک ا.ط.ق ٣٧ | اَلْاٰخِرُ<br>مشترک ا.ف.غ ٨٠١ | اَلظَّاهِرُ<br>مشترک ظ.ن.ت ١١٠٦ | اَلْبَاطِنُ<br>مشترک ب.و.ت ٦٢ | اَلْوَالِيْ<br>جمالی و.ق.ع ٤٧ | اَلْمُتَعَالِيْ<br>مشترک م.ق.ع ٥٥١ |
| اَلْبَرُّ<br>جمالی ب.و.ت ٢٠٢ | اَلتَّوَّابُ<br>جمالی ت.ف.غ ٤٠٩ | اَلْمُنْتَقِمُ<br>جلالی م.ن.ت ٦٣٠ | اَلْعَفُوُّ<br>جمالی ع.ع.ن ١٥٦ | اَلرَّءُوْفُ<br>جمالی ر.ت.و ٢٨٧ | مَالِكُ الْمُلْكِ<br>جلالی م.ع.ن ٢١٢ |
| ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ<br>جلالی ذ.ج.د ١١٠٠ | | اَلْمُقْسِطُ<br>جلالی م.م.ل ٢٠٩ | اَلْجَامِعُ<br>مشترک ج.ب.ض ١١٤ | اَلْغَنِيُّ<br>مشترک ع.غ.ل ١٠٦٠ | اَلْمُغْنِيْ<br>جمالی م.ج.د ١١٠٠ |
| اَلْمَانِعُ<br>جلالی م.د.ش ١٦١ | اَلضَّارُّ<br>جلالی ض.ش.د ١٠٠١ | اَلنَّافِعُ<br>جمالی ن.ه.ث ٢٠١ | اَلنُّوْرُ<br>مشترک ن.ف.غ ٢٥٦ | اَلْهَادِيْ<br>جمالی ه.ج.ح ٢٠ | اَلْبَاقِيْ<br>جلالی ب.ا.ط ١١٣ |
| اَلْوَارِثُ<br>جلالی و.ز.ش ٧٠٧ | اَلرَّشِيْدُ<br>مشترک ر.ی.ص ٥١٤ | اَلصَّبُوْرُ<br>جلالی ص.ص.و ٢٩٨ | اَلْبَدِيْعُ<br>جلالی ب.ب.ض ٨٦ | اَلسَّتَّارُ<br>جمالی س.ف.غ ٦٦١ | اَلْمُنْعِمُ<br>جمالی م.د.غ ٢٠٠ |



CamScanner

جو شخص امید کی راہ میں بگٹٹ دوڑتا ہے وہ موت سے ٹھوکر کھاتا ہے حضرت علیؑ

# اسمائے مبارکہ و القابات حضور پرنور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

## مع حروف باطن و اعداد



| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُحَمَّدٌ<br>م،ح،د<br>۹۲ | اَحْمَدُ<br>ا،ذ،غ<br>۵۳ | حَامِدٌ<br>ح،ذ،غ<br>۵۳ | مرتبہ: کراچی<br>راجہ افتخار حسین جفار<br>03 111 888 668 | | مَحْمُوْدٌ<br>م،ن،ت<br>۹۸ | قَاسِمٌ<br>ق،ہ،ث<br>۲۰۱ | عَاقِبٌ<br>ع،ہ،ث<br>۱۷۳ |
| فَاتِحٌ<br>ف،م،ل<br>۴۸۹ | شَاهِدٌ<br>ش،ب،ض<br>۳۱۰ | حَاشِرٌ<br>ح،ہ،ث<br>۵۰۹ | رَشِيْدٌ<br>ر،ی،ض<br>۵۱۴ | مَشْهُوْدٌ<br>م،ق،ع<br>۳۵۵ | بَشِيْرٌ<br>ب،ح،ر<br>۵۱۲ | نَذِيْرٌ<br>ن،س،د<br>۲۶۷ | دَاعٍ<br>د،ق،ع<br>۷۵ |
| شَافٍ<br>ش،ف،خ<br>۳۸۱ | هَادٍ<br>ہ،ص،و<br>۱۰ | مَهْدٍ<br>م،ش،ر<br>۴۹ | مَاحٍ<br>م،ش،ر<br>۴۹ | مُنْجٍ<br>م،ط،ق<br>۹۳ | نَاهٍ<br>ن،غ،ر<br>۵۶ | رَسُوْلٌ<br>ر،ع،ن<br>۲۹۶ | نَبِيٌّ<br>ن،و،ت<br>۶۲ |
| اُمِّيٌّ<br>ا،ث،خ<br>۵۱ | تِهَامِيٌّ<br>ت،ح،ر<br>۴۵۶ | هَاشِمِيٌّ<br>ہ،ر،د<br>۳۵۶ | اَبْطَحِيٌّ<br>ا،ب،ب<br>۳۰ | عَزِيْزٌ<br>ع،ی،ض<br>۹۴ | عَارِفٌ<br>ع،س،د<br>۳۵۱ | رَءُوْفٌ<br>ر،و،ت<br>۲۸۶ | رَحِيْمٌ<br>ر،د،خ<br>۲۵۸ |
| طٰهٰ<br>ط،ن،ت<br>۱۴ | مُجْتَبٰى<br>م،ز،ش<br>۴۵۵ | طٰسٓ<br>ط،م،ل<br>۴۹ | مُرْتَضٰى<br>م،ت،ح<br>۱۴۵۰ | حٰمٓ<br>ح،ر،د<br>۴۸ | مُصْطَفٰى<br>م،ہ،ث<br>۲۲۹ | يٰسٓ<br>ی،ن،ت<br>۷۰ | اَوْلٰى<br>ا،ق،ع<br>۴۷ |
| مُزَّمِّلٌ<br>م،ہ،ث<br>۱۱۷ | وَلِيٌّ<br>و،ص،و<br>۴۶ | مُدَّثِّرٌ<br>م،ع،ن<br>۴۴۷ | مَتِيْنٌ<br>م،خ،ل<br>۵۰۰ | مُصَدِّقٌ<br>م،ی،ض<br>۲۴۴ | طَيِّبٌ<br>ط،ز،ش<br>۲۱ | نَاصِرٌ<br>ن،ہ،ث<br>۳۴۱ | مَنْصُوْرٌ<br>م،ت،ح<br>۳۸۶ |
| مِصْبَاحٌ<br>م،ا،ظ<br>۱۴۱ | مَامُوْرٌ<br>م،ز،ش<br>۲۸۷ | حِجَازِيٌّ<br>ح،ا،ظ<br>۲۹ | عَالِمٌ<br>ع،ا،ظ<br>۱۴۱ | قُرَشِيٌّ<br>ق،ت،ح<br>۴۱۰ | صَابِرٌ<br>ص،م،ل<br>۲۹۳ | اَلتَّقِيُّ<br>ت،و،ت<br>۵۱۰ | حَافِظٌ<br>ح،ط،ق<br>۹۸۹ |
| كَامِلٌ<br>ک،ز،ش<br>۹۱ | صَادِقٌ<br>ص،ظ،د<br>۱۹۵ | اَمِيْنٌ<br>ا،ف،خ<br>۱۰۱ | عَبْدُاللهِ<br>ع،ب،ض<br>۱۴۲ | كَلِيْمُ اللهِ<br>ک،ض،ع<br>۱۶۶ | حَبِيْبُ اللهِ<br>ح،د،خ<br>۸۸ | نَجِيُّ اللهِ<br>ن،ف،خ<br>۱۲۹ | صَفِيُّ اللهِ<br>ص،ت،ح<br>۲۴۶ |
| خَاتِمُ الْاَنْبِيَاءِ<br>خ،ع،ن<br>۱۱۳۶ | حَسِيْبٌ<br>ح،خ،ل<br>۸۰ | مُجِيْبٌ<br>م،ظ،د<br>۵۵۰ | شَكُوْرٌ<br>ش،ت،ح<br>۵۲۶ | مُبَلِّغٌ<br>م،ح،ر<br>۱۰۷۲ | رَسُوْلُ الرَّحْمَةِ<br>ر،ث،خ<br>۹۷۵ | قَوِيٌّ<br>ق،د،خ<br>۱۱۴ | حَفِيٌّ<br>ح،ن،ت<br>۹۸ |
| مَامُوْنٌ<br>م،ذ،غ<br>۱۳۷ | مَعْلُوْمٌ<br>م،ص،و<br>۱۸۶ | حَقٌّ<br>ح،خ،ل<br>۱۰۸ | مُبِيْنٌ<br>م،ص،و<br>۱۰۲ | مُطِيْعٌ<br>م،ف،خ<br>۱۲۹ | رَسُوْلُ الرَّاحَةِ<br>ر،ل،ب<br>۹۳۶ | اَوَّلٌ<br>ا،ط،ق<br>۳۷ | اٰخِرٌ<br>ا،ف،خ<br>۸۰۱ |
| ظَاهِرٌ<br>ظ،ن،ت<br>۱۱۰۶ | بَاطِنٌ<br>ب،و،ت<br>۶۲ | نَبِيُّ الرَّحْمَةِ<br>ن،ذ،غ<br>۱۴۱۷ | يَتِيْمٌ<br>ی،ل،ب<br>۴۶۰ | كَرِيْمٌ<br>ک،ص،و<br>۲۷۰ | حَكِيْمٌ<br>ح،ت،ح<br>۷۸ | خَاتِمُ الرُّسُلِ<br>خ،خ،ل<br>۱۳۶۸ | سَيِّدٌ<br>س،ص،د<br>۷۴ |
| سِرَاجٌ<br>س،ل،ب<br>۲۶۴ | مُنِيْرٌ<br>م،ر،د<br>۳۰۰ | اَلْحَقُّ<br>ا،ظ،د<br>۱۳۹ | مُكَرَّمٌ<br>م،ر،د<br>۳۰۰ | مُبَشِّرٌ<br>م،ی،ض<br>۵۴۲ | مُذَكِّرٌ<br>م،ن،ت<br>۲۶۷ | مُطَهَّرٌ<br>م،ب،ض<br>۲۵۴ | قَرِيْبٌ<br>ق،د،خ<br>۳۱۲ |
| خَلِيْلٌ<br>خ،ض،غ<br>۶۷۰ | مَدْعُوٌّ<br>م،ح،ر<br>۱۲۰ | جَوَّادٌ<br>ج،ن،ت<br>۱۴ | خَاتَمٌ<br>خ،ہ،ث<br>۱۰۴۱ | عَادِلٌ<br>ع،ش،ر<br>۱۰۵ | شَهِيْرٌ<br>ش،ک،ح<br>۵۱۵ | شَهِيْدٌ<br>ش،ک،ح<br>۳۱۹ | مَبْعُوْثٌ<br>م،ب،ض<br>۶۱۸ |



CS CamScanner



یا اللہ

یَا مُحَمَّدُ　یَا عَلِیُّ　یَا فَاطِمَۃُ　یَا حَسَنُ　یَا حُسَینُ

# القابات امامت امیرالمومنین
# علی ابن ابی طالب علیہ السلام



| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِمَامُ الْمُتَّقِیْنَ | اِمَامُ الْمُسْلِمِیْنَ | اِمَامُ الْعَارِفِیْنَ | اِمَامُ الْوَاصِلِیْنَ | اِمَامُ الْمُوَحِّدِیْنَ | اِمَامُ الْمُحَقِّقِیْنَ | اِمَامُ السَّالِکِیْنَ | اِمَامُ الْمُحْسِنِیْنَ | اِمَامُ الصَّادِقِیْنَ |
| اِمَامُ الْاَوَّلِیْنَ | اِمَامُ الْعٰلَمِیْنَ | اِمَامُ الْمُتَعَبِّدِیْنَ | اِمَامُ السَّابِقِیْنَ | اِمَامُ الْمَسْبُوْقِیْنَ | اِمَامُ الْمَخْلُوْقِیْنَ | اِمَامُ الْعَادِلِیْنَ | اِمَامُ الْمُتَعَلِّمِیْنَ | |
| اِمَامُ الْمُرْشِدِیْنَ | اِمَامُ الْمُبَشِّرِیْنَ | اِمَامُ الْمُنْذِرِیْنَ | اِمَامُ الْمُقْسِطِیْنَ | اِمَامُ الْعَاشِقِیْنَ | اِمَامُ الْمُقَرَّبِیْنَ | اِمَامُ الرَّاشِدِیْنَ | اِمَامُ الْمُتَوَکِّلِیْنَ | اِمَامُ الشَّاهِدِیْنَ |
| اِمَامُ الْمُتَکَلِّمِیْنَ | اِمَامُ الطَّاهِرِیْنَ | اِمَامُ الْمُبَارِزِیْنَ | اِمَامُ الْمُعَظِّمِیْنَ | اِمَامُ الْاَجْوَدِیْنَ | اِمَامُ الْقَارِئِیْنَ | اِمَامُ الْمَالِکِیْنَ | اِمَامُ الْمُفْلِحِیْنَ | |
| اِمَامُ الرَّاکِعِیْنَ | اِمَامُ السَّاجِدِیْنَ | اِمَامُ الْمَحْکُوْمِیْنَ | اِمَامُ الْمُتَاَخِّرِیْنَ | اِمَامُ الْمُحِبِّیْنَ | اِمَامُ الرَّاسِخِیْنَ | اِمَامُ الْوَاصِفِیْنَ | اِمَامُ الْخَاشِعِیْنَ | اِمَامُ الْمُکَبِّرِیْنَ |
| اِمَامُ الْقَائِمِیْنَ | اِمَامُ الْمُقَدَّسِیْنَ | اِمَامُ الْاَفْصَحِیْنَ | اِمَامُ الْبَاذِلِیْنَ | اِمَامُ الْمُکَمِّلِیْنَ | اِمَامُ الْکَامِلِیْنَ | اِمَامُ الْحَافِظِیْنَ | اِمَامُ الْمُشَفِّعِیْنَ | |
| اِمَامُ الْمُکَرَّمِیْنَ | اِمَامُ الْقَانِتِیْنَ | اِمَامُ الْمُهَاجِرِیْنَ | اِمَامُ الشَّاهِدِیْنَ | اِمَامُ الْمُطَهَّرِیْنَ | اِمَامُ الْمَخْلُوْمِیْنَ | اِمَامُ الصَّامِتِیْنَ | اِمَامُ الرَّافِعِیْنَ | اِمَامُ الْاَطْهَرِیْنَ |
| اِمَامُ الْاَئِمَّۃِ | اِمَامُ الْمُلْهِمِیْنَ | اِمَامُ الْمُقَاتِلِیْنَ | اِمَامُ الْاَشْجَعِیْنَ | اِمَامُ الْاَعْلَمِیْنَ | اِمَامُ الْاَمِیْنِیْنَ | اِمَامُ الزَّکِیِّیْنَ | اِمَامُ الْاَوْرَعِیْنَ | |
| اِمَامُ الْمُجْتَهِدِیْنَ | اِمَامُ الْاَمِرِیْنَ | اِمَامُ الْمُجَاهِدِیْنَ | اِمَامُ الْخَطِیْبِیْنَ | اِمَامُ الْمُطِیْعِیْنَ | اِمَامُ الْمُبَرِّیْنَ | اِمَامُ الْمُقَارِنِیْنَ | اِمَامُ الْخَاضِعِیْنَ | اِمَامُ الْاَفْضَلِیْنَ |
| اِمَامُ الْغَالِبِیْنَ | اِمَامُ الْمُخْبِرِیْنَ | اِمَامُ الْمُتَقَلِّبِیْنَ | اِمَامُ الْمُعَلِّمِیْنَ | اِمَامُ الصَّالِحِیْنَ | اِمَامُ الْمُظَفَّرِیْنَ | اِمَامُ النَّاظِرِیْنَ | اِمَامُ الْعَالِمِیْنَ | |
| اِمَامُ الْمُحْتَسِبِیْنَ | اِمَامُ الْمَعْطُوْفِیْنَ | اِمَامُ الشَّهِیْدِیْنَ | اِمَامُ الْوَارِثِیْنَ | اِمَامُ الْمُطَیِّبِیْنَ | اِمَامُ الْاَکْمَلِیْنَ | اِمَامُ الْکَاظِمِیْنَ | اِمَامُ الْمُسَبِّحِیْنَ | اِمَامُ الْمَعْشُوْقِیْنَ |



CamScanner

# حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

## کے اسمائے صفات و القابات (بقاعدہ جعفر مع حروف باطن اعداد)

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فاطمة<br>ف ص غ<br>۵۳۰ | جلیلة<br>ج ز ع<br>۴۷۳ | بتول<br>پ ف غ<br>۴۲۵ | تقیة<br>ت ع ر<br>۵۶۰ | حبیبة<br>غ پ ض<br>۳۲۲ | نقیة<br>ن ع ر<br>۵۶۰ | طاهرة<br>ط ظ ذ<br>۹۱۵ | حرة<br>ع ر ذ<br>۶۰۹ | حورآء<br>غ ق غ<br>۳۱۵ |
| راکعة<br>ر ق ع<br>۶۹۱ | راضیة<br>ر ک ع<br>۱۳۱۱ | زهرآء<br>ز ف ع<br>۳۱۳ | رشیدة<br>ر ص ذ<br>۴۱۶ | رضیة<br>ر ی ص<br>۱۳۶۰ | ریحانة<br>ر ذ غ<br>۲۲۹ | ساجدة<br>س ر ذ<br>۳۶۸ | سعیدة<br>س ل پ<br>۵۳۳ | سیدة<br>س ض ع<br>۴۷۳ |
| شهیدة<br>ش ق غ<br>۷۱۹ | صابرة<br>ص ض ر<br>۶۹۳ | صادقة<br>ص ز ش<br>۵۹۵ | صدوقة<br>ص ل پ<br>۶۰۰ | صدیقة<br>ص غ ن<br>۶۰۳ | طیبة<br>ط ا ظ<br>۳۲۱ | عارفة<br>غ ث غ<br>۷۵۱ | عالیة<br>ع ذ ض<br>۵۱۱ | عدیلة<br>غ ی ص<br>۵۱۳ |
| عذرآء<br>ع ض ع<br>۴۷۸ | عزیزة<br>غ ص ذ<br>۲۹۳ | علیمة<br>ع ص ذ<br>۵۵۰ | فاضلة<br>ف ث غ<br>۱۳۱۱ | فریدة<br>ف ت ع<br>۶۹۳ | کریمة<br>ک ض غ<br>۹۷۰ | کوثر<br>ک ض ع<br>۷۳۶ | کوکب<br>ک ر ذ<br>۳۸ | مبشرة<br>م ص ذ<br>۹۳۳ |
| محمودة<br>م ت غ<br>۲۹۹ | مطهرة<br>م پ ض<br>۶۵۳ | معصومة<br>م پ ض<br>۲۳۶ | ملهمة<br>م ک ع<br>۵۱۵ | ممتحنة<br>م ن ت<br>۹۳۸ | منصورة<br>م پ ض<br>۷۸۶ | موفقة<br>م ی ص<br>۹۲۹ | مهدیة<br>م ک ع<br>۳۵۹ | مؤمنة<br>م ذ غ<br>۵۳۶ |
| ناعمة<br>ن ا ظ<br>۵۱۱ | زکیة<br>ز ف غ<br>۳۳۷ | مرضیة<br>م ت ع<br>۱۳۵۰ | محدثة<br>م غ ر<br>۹۵۲ | وحیدة<br>و ع ر<br>۳۲۸ | والهة<br>و ت ن<br>۳۳۲ | وجیهة<br>ر ذ ع<br>۷۶۰ | صفیة<br>ص ر ذ<br>۵۸۰ | خلیفة<br>ع ل پ<br>۳۸۸ |
| جمیلة<br>ن ز ش<br>۲۸۳ | مصلیة<br>م ی ص<br>۵۷۰ | قائمة<br>ق ط ق<br>۵۳۱ | قارئة<br>ق ا ظ<br>۷۰۱ | صائمة<br>ص ظ ذ<br>۵۳۱ | وجیهة<br>ذ ذ ع<br>۳۳۳ | حکیمة<br>غ پ ض<br>۲۷۸ | زاهدة<br>ز ذ ع<br>۳۷۷ | عابدة<br>غ ا ظ<br>۲۷۷ |
| مخدرة<br>م ل پ<br>۱۳۳۳ | قادرة<br>ف م ل<br>۱۹۵ | ناصحة<br>ن ف ع<br>۵۳۹ | عاملة<br>غ ظ ق<br>۵۳۱ | ولیة<br>و ض ع<br>۳۳۶ | صالحة<br>ص ز غ<br>۵۲۹ | واجبة<br>و م ل<br>۱۲۷۷ | فصیحة<br>ف غ ر<br>۵۹۸ | منجیة<br>م ظ ذ<br>۵۰۳ |

## آقازادی حضرت بی بی فَاطِمَۃُ الزَّهْرَاء سلام اللہ علیہا کے حضور 14 سلام برائے حَلِّ مُشکلات

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ ① اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ مَكَّةَ وَمِنٰى ② اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ زَمْزَمَ وَالصَّفَا ③ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى زَيْنَبَ ④ اَلتَّقِيَّةِ وَكُلْثُوْمِ ⑤ اَلزَّكِيَّةِ وَعَلٰى سَكِيْنَةِ الْمَرْضِيَّةِ ⑥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ وَفَاطِمَةَ ⑦ وَرُقَيَّةَ ⑧ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ وَعَاتِكَةَ ⑨ وَصَفِيَّةَ ⑩ اَلسَّلَامُ عَلٰى نِسَاءِ الْمَخْفِيَّةِ ⑪ اَلسَّلَامُ عَلٰى بَنَاتِ الْهَاشِمِيَّةِ ⑫ اَلسَّلَامُ عَلٰى سَادَاتِ الْعَلَوِيَّةِ ⑬ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ جَمِيْعًا ⑭ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ



# دعائے حاجات

جو شخص ہر نماز کے بعد اس دُعا کو ہمیشہ پڑھے گا خصوصاً جمعہ کی نماز کے بعد تو اللہ تعالیٰ ہر خوف کی چیز سے اس کی حفاظت کریگا اُس کے دشمنوں پر اُسکی مدد کریگا اور اسکو غنی کر دیگا اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچائے گا جہاں اس کا خیال بھی نہ جائے اور اُس کی زندگی اُس پر آسان کر دیگا اور اس کا قرض ادا کر دیگا اگر چہ وہ پہاڑ کے برابر ہو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا وَاحِدُ يَا مَوْجُوْدُ يَا جَوَّادُ يَا بَاسِطُ يَا كَرِيْمُ يَا وَهَّابُ

اے اللہ اے یکتا اے یگانہ اے موجود اے بہت سخی اے پھیلانے والے اے کرم کرنے والے اے بہت دینے والے

يَا ذَا الطَّوْلِ يَا غَنِيُّ يَا مُغْنِيْ يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ يَا حَيُّ

اے بخشش کرنے والے اے بے پرواہ اے بے پرواہ کرنے والے اے بہت کھولنے والے اے بہت روزی دینے والے اے تمام چیزوں کو جاننے والے اے حقیقت کو جاننے والے اے زندہ

يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ

اے قائم بالذات اے بہت رحم کرنیوالے اے بے انتہا مہربان اے آسمانوں اور زمین کو بلا نمونہ پیدا کرنے والے اے بزرگی اور عظمت والے

وَالْاِكْرَامِ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ نَفِّحْنِيْ مِنْكَ بِنَفْحَةِ خَيْرٍ تُغْنِيْنِيْ بِهَا

اے بہت زیادہ مہربان اے بہت زیادہ احسان کرنے والے مجھے اپنی طرف سے ایسی خوشبو عطا کر جو تیرے سوا تمام سے

عَمَّنْ سِوَاكَ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا

بے پرواہ کردے اگر تم کامیابی چاہتے ہو تو یہ (جان لو) کہ کامیابی آچکی ہے بے شک ہم نے آپ کو کھلی ہوئی کامیابی عطا

مُّبِيْنًا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ اَللّٰهُمَّ يَا غَنِيُّ يَا حَمِيْدُ يَا مُبْدِئُ

کی ہے۔ اللہ کی طرف سے مدد اور قریبی فتح (کی اُمید ہے) اے اللہ اے بے پرواہ اے قابل تعریف اے پیدا کرنیوالے

يَا مُعِيْدُ يَا وَدُوْدُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا فَعَّالًا لِّمَا يُرِيْدُ اِكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ

اے دوبارہ زندہ کرنیوالے اے بہت زیادہ محبت کرنیوالے اے عظمت والے عرش کے مالک اے جو چاہے وہ کر گزرنے والے اپنی حلال کی ہوئی باتوں کے ذریعے

عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَاحْفَظْنِيْ بِمَا حَفِظْتَ

حرام باتوں سے مجھے بے پرواہ کردے اور اپنے فضل کے ذریعے اپنی ذات کے سوا تمام سے بے پرواہ کردے اور جس ذریعے تونے اپنے کلام

بِهِ الذِّكْرَ وَانْصُرْنِيْ بِمَا نَصَرْتَ بِهِ الرُّسُلَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

کی حفاظت کی اسی سے میری بھی حفاظت فرما اور جن ذرائع سے تونے اپنے رسولوں کی مدد فرمائی انہی ذرائع سے میری مدد فرما تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔



CamScanner

آغا مسعود رضا خاکی

## ہدیہ نعت

جب کہیں نعت کا عنوان نظر آتا ہے
نظم کے روپ میں ایمان نظر آتا ہے

ایک لذت ہے جو ہر لحظہ فزوں ہوتی ہے
اک جلوہ ہے جو ہر آن نظر آتا ہے

علم کے شہر کی پُر کیف ہواؤں میں مجھے
خُلد کی طرح کا سامان نظر آتا ہے

ایک گھر جس میں ہے انوار کی بارش پیہم
اس میں اک بولتا قرآن نظر آتا ہے

جو کبھی فرش پہ ہے اور کبھی عرش پہ ہے
ایک اس شان کا انسان نظر آتا ہے

خاک پر سجدہ معبود میں ہے جس کی جبیں
وہ خدائی کا نگہبان نظر آتا ہے

کبھی جبرائیل میں آتے ہیں خدمت کے لئے
کبھی دروازہ پہ رضوان نظر آتا ہے

یہ وہ دروازہ رحمت ہے جہاں آکے گدا
بھیک ملتے ہی سلیمان نظر آتا ہے

یہ وہ در ہے کہ جہاں خاک کے ہر ذرہ میں
عرش کی طرح کا سامان نظر آتا ہے

کاش اس در پہ پہنچ جائیں گدائی کے لئے
مجھ کو ہر دل میں یہ ارمان نظر آتا ہے

جب سے اس در پہ جھکائی ہے جبیں خاکی نے
لوگ کہتے ہیں مسلمان نظر آتا ہے

مولانا سید حسن ظفر نقوی

## شانِ پنجتن

کسی کے آنے کی کرتی ہیں آرزو آنکھیں
کسی کو پانے کی کرتی ہیں جستجو آنکھیں

کسی وجود کی خوشبو رچی ہے سانسوں میں
کسی کو ڈھونڈتی رہتی ہیں چار سو آنکھیں

نہ جانے کب کہاں دیدار ان کا ہو جائے
ہمیشہ اس لیے رکھتا ہوں با وضو آنکھیں

میں چپ رہا مرے اشکوں نے بھید کھول دیا
ہوں لب خموش تو کرتی ہیں گفتگو آنکھیں

یہ انتظار کی دولت انہی کو ملتی ہے
جو ان کی راہ میں رکھیں لہو لہو آنکھیں

نہ بند کرنا مری پتلیاں جو مرجاؤں
لحد میں بھی مجھے رکھیں گی سُرخرو آنکھیں

مجال کس میں ہے اس نور کے مقابل ہو
مجال کس میں ہے کر لے جو رُوبرو آنکھیں

خوشی ہو، غم ہو، یہ آنسو گواہی دیتے ہیں
عقیدتوں کی بچاتی ہیں آبرو آنکھیں

ہر اک نظر میں جل اٹھے دیئے عقیدت کے
بکھیرتی ہیں فضاؤں میں رنگ و بو آنکھیں

ملا ہے حق سے سراپا حبیب برحق کا
وہ خدوخال و ابرو وہ ہوبہو آنکھیں

ظفر نظر سے جو اوجھل ہے دل کا مالک ہے
تلاش میں ہے اسی کے یہ کوبکو آنکھیں



# سیرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قبل بعثت

از قلم:
مولانا سید
حسن ظفر نقوی

Youtube ▶ ImamiaJantriOfficial

سیرت النبیؐ کے ایک پروگرام میں شرکت کی دعوت دی گئی، وہاں تقریباً بارہ یا تیرہ مقررین تھے جن میں لائق صد احترام علماء کے علاوہ جدید اصطلاح کے مطابق کچھ معزز دانشور حضرات نے بھی سخنوری کے لعل و گوہر نچھاور کیے۔ ایک بات کی کمی جو میں نے شدت سے محسوس کی وہ یہ تھی کہ تمام فاضل مقررین کی گفتگو کا محور بعثت کے بعد کی حیاتِ طیبہ سے تعلق رکھتا تھا۔ اس سے پہلے کے چالیس سال آقائے دو جہاں کی سیرت کیا رہی یہ سننے کو کان ترستے رہے اور جگہوں پر بھی یہی بات مشاہدے میں آئی کہ جب بھی سیرت رسولؐ پڑھائی یا سنائی جاتی ہے تو لاشعوری طور پر اس چالیس سالہ حیاتِ طیبہ کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے، بہت کم مشاہدے میں یہ بات آئی کہ آپ کی حیاتِ طیبہ کے ان چالیس برسوں پر بھی روشنی ڈالی جائے۔ لہٰذا یہی بات سوچ کر قلم اٹھایا ہے کہ مختصر طور پر ہی سہی بچوں اور جوانوں کے لئے کچھ ان چالیس برسوں کا بھی ذکر کر دیا جائے۔

آپؐ ایک ایسے معاشرے میں تشریف لائے جو جہالت اور طوائف الملوکی میں ڈوبا ہوا تھا۔ قبائلی تعصبات کا یہ عالم تھا کہ ذرا ذرا سی بات پر شروع ہونے والی لڑائیاں برسوں بلکہ کئی کئی صدیوں تک جاری رہتی تھیں۔ جہالت اس درجہ کی تھی کہ بیٹی کو منحوس قرار دے کر زندہ در گور کر دیا جاتا تھا، توہم پرستی کا یہ عالم تھا کہ اپنی حاجات کے لئے بتوں کے سامنے لوٹا کرتے تھے اور بتوں کے سامنے قربانیاں پیش کرتے تھے، کچھ ایسے لوگ بھی تھے جو خانۂ کعبہ کے گرد تقریباً برہنہ طواف کرنے کو اللہ کی عبادت سمجھتے تھے۔ اللہ کے گھر میں مختلف قبائل اور گروہوں کے تین سو ساٹھ بت رکھے تھے، یعنی تین سو ساٹھ فکروں کی نمائندگی کر رہے تھے، شراب پانی کی جگہ استعمال ہو رہی تھی، حج کے دنوں میں میلہ لگایا جاتا تھا جو تاریخ میں "بازار عکاظ" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ دینِ ابراہیمی صرف زبان تک رہ گیا تھا اور اس پر عمل کرنے والوں کی تعداد انگلیوں پر شمار کی جا سکتی تھی، غلاموں اور کنیزوں کو ایک جانور سے بھی کم قیمت سمجھا جاتا تھا۔

آپؐ ایک ایسے گھرانے میں تشریف لائے جو زمانۂ جاہلیت میں بھی معزز ترین گھرانہ شمار ہوتا تھا، جناب ہاشمؑ کی شجاعت، سخاوت، وجاہت زبان زد عام تھی، آپؐ کے دادا جناب عبدالمطلبؑ کا ابرہہ کے ہاتھیوں کے لشکر کے مقابلے میں ڈٹ جانا ضرب المثل تھا۔ آپؐ کے دنیا میں تشریف لانے سے پہلے ہی آپؐ کے والد جناب عبداللہ دنیا سے کوچ فرما چکے تھے، دو سال کے سن کو پہنچے تو والدہ گرامی جناب آمنہؑ بھی انتقال فرما گئیں۔ جناب عبدالمطلبؑ نے آپ کو اپنے سایۂ عاطفت میں لے لیا اور اس زمانے کا مشہور واقعہ سیرت نگاروں نے بالاتفاق نقل کیا ہے کہ جب مکہ میں ایک بار قحط پڑا اور اہل مکہ اپنے جھوٹے خداؤں سے مایوس ہو گئے تو جناب عبدالمطلبؑ کے در دولت پر حاضر ہو کر ان سے دعا کی درخواست کی۔

یہ واقعہ خود ایک دلیل ہے کہ آپ کا گھرانہ توحید پرست اور دینِ ابراہیمی کا حقیقی وارث تھا۔ جناب عبدالمطلبؑ اپنے کمسن بھتیجے کا ہاتھ تھام کر بیت اللہ میں تشریف لائے اور حجر اسود کے قریب آ کر ایک ہاتھ خانۂ کعبہ کی دیوار پر رکھا اور دوسرے ہاتھ سے رحمت للعالمین کے چہرۂ اقدس کا رخ آسمان کی طرف کر کے اس چہرے کا واسطہ دے کر رحمت کی دعا کی اور سب نے دیکھا کہ ابھی دعا کے الفاظ ختم نہیں ہوئے تھے کہ آسمان پر سیاہ گھٹائیں نمودار ہو گئیں اور رحمتِ خداوندی نازل ہونے لگی۔ جناب عبدالمطلبؑ جانتے تھے کہ میرا یہ پوتا مقام محمود پر فائز ہے اسی لئے اسے اللہ کی بارگاہ میں وسیلہ قرار دیا۔ آپ کا سن مبارک آٹھ سال کو پہنچا تو جناب عبدالمطلبؑ کا بھی آخری وقت آ پہنچا، دنیا سے رخصت ہونے سے پہلے جناب عبدالمطلبؑ نے اپنے پوتے کی مرضی معلوم کی کہ وہ اپنے کس چچا کے ساتھ زندگی گزارنا پسند کریں گے تو حضور اکرمؐ نے دوڑ کر اپنے چچا جناب ابوطالبؑ کا دامن تھام لیا۔ اس طرح جناب عبدالمطلبؑ نے حضور کو جناب ابوطالبؑ کے سپرد کر دیا۔

جناب ابوطالبؑ نے اس طرح اپنے وعدے کو نبھایا کہ ہمیشہ اپنے بچوں پر آنحضرت کو ترجیح دی، یہی کیفیت جناب فاطمہ بنت اسدؑ کی آپؐ سے محبت کی تھی کہ آپ اپنے بچوں کو کھانا نہیں دیتی تھیں جب تک حضور تشریف نہیں لے آتے تھے، جب کھجوروں کی فصل طائف یا مدینے (اس وقت تک یثرب نام تھا، ہجرت کے بعد مدینۂ منورہ ہو گیا) سے گھر میں آتی تو جناب فاطمہ بنت اسدؑ بہترین خرمے چن کر آنحضرتؐ کے لئے الگ کر کے رکھ دیتی تھیں، جناب ابوطالبؑ سایہ بن کر آپ کے ساتھ رہتے تھے اور اپنے بیٹوں کو بھی نصیحت کر دی تھی کہ ایک لمحے کے لئے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے غافل نہ رہنا، اس کے ساتھ "عظیم خبر" ہے اور یہودی اس کے بدترین دشمن ہیں۔

یہی آپ کا وہ سن مبارک ہے جب سارے مکے میں آپ کی شرافت اور دیانت

صابری دارالکتب الکریم مارکیٹ اُردو بازار لاہور 37320770, 37320310

مکتبہ الرضا 18 سمٹ میاں مارکیٹ اُردو بازار لاہور 37245166

کی گونج سنائی دینے لگی، آپ بچپنا ہونے کے باوجود اس دور میں رائج کھیل کود اور دوسرے ایسے ہی مشاغل سے بہت دور تھے، آپؐ زیادہ تر وقت غور وفکر میں ڈوبے نظر آتے تھے، جلد ہی آپ کی صداقت اور امانت کا چرچہ سارے حجاز میں پھیل گیا، لوگوں نے آپ کو نام کے بجائے "صادق" یا "امین" کے لقب سے پکارنا شروع کر دیا۔ یہ خود اس بات کی دلیل ہیں کہ اللہ نے ہمیشہ زمانۂ جاہلیت کی ہر قسم کی برائی سے دور رکھا۔ جب آپ کا سن مبارک بارہ برس کا ہوا تو جناب ابوطالبؑ کو تجارتی سفر درپیش ہوا۔ جناب ابوطالبؑ نے چاہا کہ اپنے بھتیجے کو اپنے دوسرے بھائیوں کے پاس چھوڑ کر سفر پر جائیں تو آپؐ اپنے چچا کے دامن سے لپٹ گئے اور اپنے ساتھ لے جانے کی خواہش کا اظہار کرنے لگے۔ جناب ابوطالبؑ اپنے بھتیجے کی محبت کا یہ عالم دیکھ کر انتہائی جذباتی ہو گئے اور فرمایا کہ: میرے لال اب میں تم کو کبھی اپنے سے جدا نہیں ہونے دوں گا۔ یہ آپ کا پہلا سفر تجارت تھا۔

یہی وہ سفر تجارت ہے جس میں آپ کی ذات اقدس سے کراماتِ دنیا کے سامنے آنے لگیں تھیں اگرچہ اس سے پہلے بھی اہل مکہ نے بارہا ایسی کرامات کا آپ کی ذات پُرنور سے مشاہدہ کیا تھا۔ خاص طور پر جناب حلیمہ سعدیہ کی گواہی کو سب جانتے تھے کہ کس طرح آپ کی وجہ سے ان کی سست اور کمزور سواری براق کی طرح رواں دواں ہو گئی تھی اور کس طرح آپ شیرخوارگی کے دوران اپنے رضاعی بھائی یا بہنوں کے حق کا خیال رکھتے تھے، اگرچہ بعض محققین اور سیرت نگاروں نے اعتراضات بھی اٹھائے ہیں مگر جنت البقیع میں جناب حلیمہ سعدیہ کی نمایاں قبر اور آپ کے قوم قبیلے کا وجود اور سب سے بڑھ کر حضور اکرمؐ کا آخری وقت تک اپنے رضاعی بہن بھائیوں کا خیال رکھنا، یہ سب ایسی حقیقتیں ہیں جنہیں نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔

بہرحال ہم ذکر کر رہے تھے اس پہلے تجارتی سفر کا جو آنحضرتؐ نے بارہ سال کے سن مبارک میں اپنے چچا جناب ابوطالبؑ کے ہمراہ کیا تھا، یہ ایک بڑا تجارتی قافلہ تھا جس میں سو سے زیادہ تجار شریک تھے اور سب نے اس بات کو محسوس کیا کہ بادل کا ایک بڑا ٹکڑا ہے جو اس قافلے پر سایہ فگن رہتا ہے، جب بھی آپ کسی وجہ سے قافلے سے علیحدہ ہوتے تو وہ بادل کا ٹکڑا بھی آپ کے ساتھ ہی جاتا۔ اس کرامت کو سارے قافلے والے دیکھ رہے تھے، اسی سفر کے دوران بحیرہؑ راہب کا واقعہ بھی پیش آیا۔ جب یہ تجارتی قافلہ شام کے علاقے میں داخل ہوا اور ایک جگہ قیام کیا تو وہیں بحیرہؑ راہب کا قیام اور اس کی عبادت گاہ تھی، اس نے غور سے دیکھا اور ایک خاص درخت کے سائے میں بیٹھے ایک بارہ تیرہ سال کے بچے کو بھی دیکھا، اس نے جناب ابوطالبؑ سے ملاقات کی اور سارے قافلے کو دعوت دی۔

دوسرے دن جناب ابوطالبؑ سارے قافلے کو راہب کی طرف لے کر گئے لیکن آنحضرتؐ کو سامان کے ساتھ چھوڑ کر گئے، جب یہ افراد راہب نے دیکھا کہ آج بادل کا ٹکڑا ساتھ نہیں، اس نے غور سے سب کو دیکھا اور جناب ابوطالبؑ سے سوال کیا کہ کیا کسی کو چھوڑ کر آئے ہو؟ آپ نے بتایا کہ ایک فرد کو سامان کے پاس چھوڑ کر آئے ہیں۔ راہب نے کہا کہ اسے بھی بلاؤ۔ حضورؐ کو بلایا گیا، اب راہب نے دیکھا کہ اب بادل کا ٹکڑا ساتھ ساتھ آرہا ہے، جب آپ تشریف لے آئے تو راہب پہلے غور سے دیکھتا رہا پھر جناب ابوطالبؑ سے سوال کیا کہ آپ سے اس بچے کا کیا رشتہ ہے؟ آپ نے جواب دیا کہ: میرا بیٹا ہے۔ راہب کہنے لگا کہ: میرا علم یہ کہتا ہے کہ اس کے والد دنیا سے جا چکے ہیں۔ جناب ابوطالبؑ نے فرمایا کہ: تم نے درست کہا ہے یہ میرے مرحوم بھائی کا بیٹا ہے۔ راہب آگے بڑھا اور حضورؐ کے بالکل قریب آ کر اجازت طلب کی کہ اگر آپ شانے سے ذرا چادر ہٹائیں تو میں کچھ دیکھنا چاہتا ہوں۔ آپؐ نے شانے سے ذرا سی چادر ہٹائی تو مہر نبوت ظاہر ہو گئی۔ راہب نے آگے بڑھ کر مہر نبوت کا بوسہ لیا اور جناب ابوطالبؑ سے کہا کہ: اس کی حفاظت جان سے بڑھ کر کرنا اور خاص طور پر یہودیوں سے بچانا۔ جب قافلہ آرہا تھا اور بادل کا ٹکڑا ساتھ تھا تو میں سمجھ گیا تھا کہ اسی قافلے میں وہ ہستی ہے جس کے انتظار میں، میں اب تک زندہ ہوں اور یہ اسی درخت کے سائے میں تشریف فرما ہوئے جس کے بارے میں مجھے علم دیا گیا تھا کہ اس درخت کے سائے میں آخری نبی تشریف فرما ہوں گے۔ کاش میں اس وقت تک زندہ رہتا جب یہ مبعوث ہوں گے تو ان کی نصرت کرتا اور ان کی ہمرکابی میں جہاد کرتا۔

اگرچہ مذکورہ بالا واقعے میں کچھ اعتراضات اور اشکالات بھی وارد ہوئے ہیں لیکن یہ واقعہ تواتر کے ساتھ نقل کیا جاتا ہے۔

اس کے بعد آپ مسلسل تجارتی قافلوں کے ساتھ جاتے تھے اور آپ کی امانت اور دیانت پورے حجاز میں مشہور ہو گئی تھی، یہی سبب بنا اس بات کا کہ جناب ابوطالبؑ نے حجاز کی مشہور ترین خاتون جناب خدیجہ بنت خویلد سے بات کی کہ جہاں وہ دوسروں کو اپنا مال تجارت دیتی ہیں، ان کے بھتیجے کو بھی تجارتی سامان دے کر بھیجیں، جناب خدیجہ بنت خویلد تک بھی آپ کی شہرت پہنچ چکی تھی اور آپ خود بھی چاہتی تھیں کہ حضورؐ آپ کے ساتھ شریک تجارت ہوں، آپ نے خوشی خوشی جناب ابوطالبؑ کی پیشکش کو قبول کر لیا اور بہت سا مال تجارت دے کر آپ کو شام کے سفر پر بھیجا۔ جناب خدیجہ کے دل میں حضورؐ کے لئے عقیدت اور احترام پیدا ہو چکا تھا۔ آپ نے اپنے معتمد غلام میسرہ کو حضورؐ کے ساتھ روانہ کیا اور سمجھا دیا کہ ان کے کام میں مداخلت کی کوشش نہ کرے، جیسا وہ کریں اور کہیں اطاعت کرتے رہنا اور واپس آ کر مکمل احوال بتانا۔ میسرہ نے بھی سفر کے دوران عجیب و غریب حالات کا مشاہدہ کیا، جن کی تفصیل کے لئے الگ دفتر درکار ہے۔

بہرحال ان واقعات میں ایک تو بادل کی ہمراہی، دوسرے میسرہ یہ دیکھتا تھا کہ

چائنہ کمپنی اُردو بازار لاہور 37244114

سلطان نیوز ایجنسی اخبار مارکیٹ لاہور 37249813

آپ کسی خشک درخت کے پاس بھی بیٹھتے تھے تو وہ سرسبز ہو جاتا تھا۔ بہرحال جب مکہ والوں کا یہ تجارتی قافلہ شام پہنچا تو میسرہ نے دیکھا کہ تمام تاجروں نے اپنا سامان کھول لیا اور بازار لگا لیا لیکن حضورؐ نے اپنا تجارتی سامان نہیں کھولا، دوسرے دن بھی ایسا ہی ہوا، مکہ کے دوسرے تاجر حیران بھی تھے اور خوش بھی تھے کہ اس مرتبہ خدیجہ نے ایسے شخص کو بھیجا ہے جو تجارت کے آداب سے ناواقف ہے اور خدیجہ کو بڑا نقصان پہنچنے والا ہے۔ حضورؐ نے اس وقت تک اپنا سامانِ تجارت نہیں کھولا جب تک مکے کے دیگر تاجروں کا مال فروخت نہیں ہو گیا۔ اس کے بعد آپ نے اپنے سامانِ تجارت کو فروخت کے لئے بازار میں رکھ دیا اور مالِ تجارت کو کئی حصوں میں تقسیم کر دیا، جس سامان میں نقص ہوتا اسے الگ رکھتے اور خریدار کو اس نقص سے آگاہ کر دیتے۔ لوگوں نے اس سے پہلے مکے کے تاجروں میں یہ دیانت نہیں دیکھی تھی، آپؐ کی سچائی کی دھوم مچ گئی اور جلد ہی آپ کا سارا سامان نہایت اچھے داموں میں فروخت ہو گیا، آپ کے اس عمل سے ایک طرف مکے کے دوسرے تاجروں کی حق تلفی بھی نہیں ہوئی کیونکہ آپ نے پہلے انھیں اپنا مال فروخت کرنے کا موقع دیا، دوسری طرف آپ نے معاشرے کو ایمانداری سے تجارت کرنے کا درس بھی دے دیا۔

پہلے واپس جانے والے تاجروں کے ذریعے حضور کے سفر کے حالات جناب خدیجہ بنت خویلد تک پہنچ رہے تھے اور آپ بے چینی سے آنحضرت کی واپسی کی راہ دیکھ رہی تھیں، آپ کے دل میں حضورؐ کے لئے ایک خاص مقام پیدا ہوتا جا رہا تھا، آخر وہ دن قریب آ گئے جب حضورؐ سفر سے واپسی پر مکے کے قریب پہنچ گئے اور جس دن حضور کو مکے میں داخل ہونا تھا جناب خدیجہ اپنے محل نما گھر کی بالکونی میں کنیزوں کے ساتھ بیٹھ گئیں اور راستے پر نگاہیں جما دیں اگرچہ درمیان میں پردہ حائل تھا مگر یہ پردہ آپ کو حضور کے نور کا مشاہدہ کرنے میں رکاوٹ ثابت نہیں ہو رہا تھا، آپ دیکھ رہی تھیں کہ حضور کی صورت میں ایک نور ہے جو ان کی طرف بڑھ رہا ہے، بس اسی نور نے آپ کے دل کو منور کر دیا اور آپ کا دل حضور کی طرف کھنچتا چلا گیا، آنحضرتؐ نے تجارت کی تفصیلات پیش کر دیں، اس مرتبہ ہمیشہ سے زیادہ منافع ہوا تھا مگر جناب خدیجۃ الکبریٰ کے دل میں تو نورِ نبوت گھر کر چکا تھا، آپ نے اپنے غلام میسرہ سے سفر کی تفصیلات پوچھیں تو اس نے راستے میں پیش آنے والے واقعات اور کرامات کا تفصیل سے ذکر کیا، آپ کی دیانت اور صداقت کے بارے بیان کرتا چلا گیا۔ اس سیرت و کردار کو جاننے کے بعد وہ خدیجہ جو عرب کے مشہور ترین اور امیر ترین افراد کے رشتوں کو ٹھکرا چکی تھیں ایک فیصلے تک پہنچ گئیں مگر اس سے پہلے اطمینانِ قلب کی خاطر اپنے چچا زاد بھائی ورقہ بن نوفل کو طلب کیا، ان ورقہ بن نوفل پر بعض نادانوں نے مسیحی ہونے کا الزام لگایا ہے حالانکہ یہ دینِ ابراہیم پر تھے، ہاں انجیل سمیت آسمانی کتابوں کے عالم تھے اور کفر و شرک سے دور رہتے تھے، جب ورقہ بن نوفل نے کہا کہ جو آپ کے دل میں ہے میں باخبر ہوں، آپ کی قسمت کا ستارہ عروج پر ہے، یہ محمد ابن عبداللہ وہی ہستی ہیں جن کا آسمانی کتابوں میں تذکرہ ہے اور یہ وہی زمانہ اور جگہ ہے جہاں سے سارے عالم میں اللہ کے دین کا نور چمکے گا اور عرب و عجم ابوطالبؑ کے بھتیجے کے سامنے سرنگوں ہو جائیں گے۔ ورقہ بن نوفل نے جو بیان کیا اس کی بہت تفصیل ہے لیکن ہمارے پیشِ نظر اختصار ہے۔

چند روز کے بعد جناب خدیجہ نے اپنی ایک سہیلی کے ذریعے جناب ابوطالب کو پیغام بھجوایا۔ مختصراً یہ کہ جناب ابوطالبؑ نے اپنے بھتیجے کی ان سے مرضی معلوم کی اور حضور کی رضامندی کے بعد باقاعدہ بنی ہاشم کے سرکردہ افراد جناب ابوطالبؑ کی سربراہی میں جناب خدیجہ کے ہاں حضور کا رشتہ لے کر گئے، کچھ دیر کی بات چیت کے بعد نکاح کی تاریخ طے ہو گئی۔

قابلِ غور بات یہ ہے کہ حضور کی طرف سے جناب ابوطالبؑ نے خطبۂ نکاح جاری کیا اور جناب خدیجہ کی طرف سے ورقہ بن نوفل نے لیکن ان دونوں مومن افراد کو بغض و عناد کی بنیاد پر کفر سے نسبت دی گئی۔ بہرحال مہر کی رقم جناب ابوطالب نے اپنے مال سے ادا کی اور اس عقد کے بعد بنی ہاشم نے خاندان کے شان کے مطابق آپ کے ولیمے کی دعوت کئی دن تک کی، یہی عمل جناب خدیجہ کی جانب سے بھی انجام پایا۔ شادی کے بعد جناب خدیجہ نے اپنا تمام مال و دولت حضورؐ کے قدموں میں نچھاور کر دیا اور یہی وہ مالِ خدیجہ تھا جو اسلام کی بنیادوں میں خرچ ہوا اور اللہ نے جناب خدیجہؑ کو فاطمہ زہراؑ جیسی بیٹی عطا فرمائی جن کی اولاد، اولادِ رسول کہلاتی ہے۔

ہم نے کوشش کی کہ مختصر طور پر حضورؐ کے اعلانِ نبوت سے پہلے کی حیاتِ طیبہ پر روشنی ڈالیں۔ ہم نے بہت احتیاط سے قلم اٹھایا ہے لیکن پھر بھی نادانستہ طور پر کوئی کوتاہی ہوئی ہو تو انسانی غلطی سمجھ کر معاف فرما دیجیے گا۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْن

ناچیز: سید حسن ظفر نقوی کراچی، پاکستان

مولانا حسن ظفر نقوی صاحب کی
شہرہ آفاق کتب
مرجعیت معصومینؑ کی نگاہ میں
انصار حسینی
حکمران کی صفات
غزواتِ رسول
تاریخ کعبہ
www.iftikharbookdepot.com

# خود آگاہی

# نفس کی تلاش

## تفکر سے تدبر تک

علی سلطان

(لائف کوچ)

03 111 888 668 —— Youtube ImamiaJantriOfficial

**مقدمہ** : قرآن مجید ایک ایسا زندہ اور بامقصد کلام ہے جو انسان کو محض الفاظ کی تلاوت پر نہیں بلکہ فکر، تدبر، اور عمل کی طرف بلاتا ہے۔ اس کلام میں دو اصطلاحات بار بار آتی ہیں۔ تفکر اور تدبر۔ بظاہر یہ دونوں الفاظ ایک جیسے لگتے ہیں، مگر قرآن کی روح میں ان کے معنی، استعمال اور مقاصد مختلف ہیں۔ یہ دونوں افعال دراصل انسان کے نفس میں ودیعت کردہ ایسی مخفی صلاحیتوں کا اظہار ہیں جن کا علم خود نفس کو نہیں ہوتا، اور قرآن انہیں بیدار کرنے کے لیے آیا ہے۔

### 1 تفکر

کائنات کے رازوں پر غور و فکر۔ فطرت میں چھپی حکمتوں کی دریافت

تفکر کا لفظ قرآن میں ان مقامات پر استعمال ہوا ہے جہاں انسان کو کائنات، فطرت، زندگی اور موت کے مظاہر میں غور کی دعوت دی گئی ہے۔

**معنوی تعریف**: تفکر وہ عمل ہے جس میں نفسِ انسانی اپنی عقل، وجدان، اور مشاہدہ کے ذریعے کائنات میں کارفرما نظم اور حکمت کو تلاش کرتا ہے۔

**قرآنی مثالیں:**

كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ (البقرہ: 219)

وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ (آل عمران: 191)

أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوا فِي أَنْفُسِهِمْ (الروم: 8)

"کیا انہوں نے اپنے نفس میں تفکر نہیں کیا کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، سب کو حق کے ساتھ اور ایک معیّن وقت کے لیے پیدا کیا ہے؟ اور بے شک بہت سے لوگ اپنے رب سے ملاقات کے منکر ہیں۔"

**روحانی پہلو**: تفکر نفس کی اس قوت کو بیدار کرتا ہے جو کائنات کو دیکھ کر اللہ کی معرفت حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، مگر بے خبری میں سوئی رہتی ہے۔

**مثال**: ایک شخص آسمانوں کی وسعت میں غور کرتا ہے اور جان لیتا ہے کہ یہ نظام کسی خودکار اتفاق کا نتیجہ نہیں بلکہ ایک علیم و حکیم خالق کی نشانی ہے۔ یہ معرفت نفس کی مخفی قوت کی بیداری ہے۔

شیکسپئر کا قول ہے : **ترجمہ**: "انسان کیا ہی عظیم تخلیق ہے! عقل میں کتنا شاندار! صلاحیت میں کتنا لامحدود! جسمانی ساخت میں، حرکت میں، کس قدر عمدہ اور قابلِ تعریف! عمل میں فرشتے کی مانند! دنیا کی زینت! تمام جانوروں میں سب سے اعلیٰ نمونہ اور پھر بھی میرے لئے یہ سب کیا ہے؟ صرف خاک کا جوہر!

یہ اقتباس تفکر کی وسعت کو ظاہر کرتا ہے کہ انسان خود ایک نشانِ عظمت ہے، بشرطیکہ وہ خود پر غور کرے۔

### 2 تدبر

قرآن کے پیغام میں معنوی گہرائی کی تلاش۔۔۔

وحی کی روشنی سے اپنے آپ کو پہچاننا تدبر کا استعمال قرآن مجید کے حوالے سے اس وقت ہوتا ہے جب انسان الہامی کلام کی تہہ تک پہنچنے کی کوشش کرے۔

**معنوی تعریف**: تدبر وہ باطنی عمل ہے جس کے ذریعے نفس اپنے اندر چھپی ہوئی اخلاقی، فکری، اور روحانی قوتوں کو قرآن کی روشنی میں پہچانتا ہے۔

**قرآنی مثالیں:**

أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَىٰ قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا (محمد: 24)

كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ (ص: 29)

**نفسیاتی پہلو**: تدبر نفس کو اپنے عیوب، ارادوں، اور مقصدِ حیات پر غور کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ تاکہ وہ اپنے آپ کو پہچان کر اصلاح کرے۔ یہ وہی قوت ہے جسے قرآنی اصطلاح میں "نفسِ لوّامہ" یا "نفسِ مطمئنہ" کی طرف ارتقاء کہا گیا ہے۔

**مثال**: ایک انسان سورۃ العصر میں تدبر کرتا ہے اور اپنے وقت کے ضیاع، نیت کی کمزوری، اور اعمال کی اصلاح پر متوجہ ہوتا ہے۔ یہ بیداری نفس کی گہرائی میں تبدیلی پیدا کرتی ہے۔

### 3 تفکر اور تدبر ایک تقابلی جائزہ

تفکر انسان کو "باہر" کی دنیا سے خدا کی طرف لے جاتا ہے، جبکہ تدبر اسے "اندر" کی دنیا سے خدا کے قریب کرتا ہے۔ ایک مظاہرِ فطرت میں خدا کو تلاش کرتا ہے، دوسرا وحی کے آئینے میں اپنی حقیقت کو پہچانتا ہے۔

### 4 علامہ اقبال، مولانا رومی اور اسلامی فکر میں مقام

اسلامی مفکرین نے تفکر و تدبر کو محض علمی مشق نہیں بلکہ ایک روحانی سفر قرار دیا ہے۔ اقبال کے نزدیک تفکر انسان کو فطرت شناسی اور تدبر اسے خودی کی بیداری تک لے جاتا ہے۔ وہ علم اور وجدان کے امتزاج کو ایمان کی بنیاد سمجھتے ہیں۔

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے، بتا، تیری رضا کیا ہے؟

**رومی فرماتے ہیں:**

ہر کسی را راز قرآن آشکار — حسب فہم و ظرف او کردہ نگار

یعنی قرآن کا راز ہر ایک پر اس کی استعداد کے مطابق کھلتا ہے، بشرطیکہ وہ اپنے نفس کی گہرائیوں میں جھانکنے کی ہمت کرے۔ امام غزالی کے نزدیک تفکر عبادت کی اعلیٰ ترین شکل ہے، اور تدبر وہ زینہ ہے جس سے انسان اپنے قلب کو تزکیہ کی طرف لے جاتا ہے۔

**نتیجہ:** تفکر اور تدبر قرآن کی دعوتِ فکر کے دو رخ ہیں۔۔

ایک انسان کو باہر کی دنیا یعنی کائنات کی نشانیاں دکھاتا ہے، دوسرا اس کے اندر چھپے ہوئے باطنی خزانے کو کھولتا ہے۔ دونوں افعال انسان کے نفس کی مخفی صلاحیتوں کو بیدار کرتے ہیں۔۔ ایسی صلاحیتیں جو علمِ وحی اور مشاہدۂ کائنات کے بغیر سوتی رہتی ہیں۔ جب انسان تفکر سے حقیقت کو پہچانتا ہے، اور تدبر سے اس حقیقت کو اپنی زندگی میں نافذ کرتا ہے، تبھی وہ کامل انسان بنتا ہے۔ یہی قرآن کا اصل مقصد ہے۔ نفس کو جگانا، پہچان دینا، اور مقامِ عبدیت تک پہنچانا، انسان کے پاس بے انتہا مخفی صلاحیتیں ہیں جن سے وہ بے خبر ہے کیونکہ نفس اس کو یہ سوچنے نہیں دیتا اور یوں وہ صلاحیتیں خوابیدہ (Dormant) ہو جاتی ہیں۔

قدرتی وسائل استعمال کرنے سے ختم ہو جاتے ہیں اور نفس کی مخفی صلاحیتیں استعمال نہ کرنے سے (علی سلطان)

مولا علی علیہ سلام کا فرمان ہے کہ "انسان کا نفس اس کا سب سے قوی دشمن ہے"، انسان کے نفس کے اندر پوری کائنات کا علم ہے۔ مغربی مالک نے تو اس کے ذریعے دریافت اور ایجادات کر کے مادی ترقی حاصل کر لی مگر انسان پستی میں چلا گیا۔ لہٰذا انسان کو اپنے اندر جھانکنا ہوگا اور نفس کے اندر کی کدورتوں کو صاف کرنا ہوگا۔ یہ بیماری تجھ ہی سے ہے، مگر تُو اسے محسوس نہیں کرتا، اور تیرا علاج بھی تیرے اندر ہی ہے، مگر تُو اسے نہیں سمجھتا۔ تُو سمجھتا ہے کہ تُو ایک چھوٹا سا وجود ہے، حالانکہ تیرے اندر ایک پوری کائنات پوشیدہ ہے۔

درحقیقت تُو ہی وہ واضح کتاب ہے جس کے حروف سے پوشیدہ حقیقتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ پس تجھے اپنے باہر دیکھنے کی کوئی ضرورت نہیں، جو کچھ تُو تلاش کر رہا ہے وہ تیرے اندر ہی موجود ہے۔ بس غور و فکر کر۔ علی ابن ابی طالب مولا نے اس بات کی نشانی دی کی ہے دشمن بھی تیرا نفس ہے اور سب سے قیمتی جوہر بھی تیرا نفس ہے۔ "مگر لوگ سوئے ہوئے ہیں جب مریں گے تب جاگیں گے"

# صدقہ سے شفاء

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد پاک ہے کہ بیمار اپنا علاج صدقہ دینے سے کرے ☆ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ بیماری کو چار چیزیں ختم کرتی ہے ❶ صدقہ ❷ علاج ❸ پرہیز ❹ ٹھنڈا پانی (کپڑا تر کر کے ماتھے پر رکھنا)۔ ☆ مجمع الدعوات میں ہے کہ صدقہ آسمانی بلاؤں کو دور کرتا ہے اور تقدیر کے اٹل فیصلے کو بھی بدل دیتا ہے۔ ☆ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اس نے عرض کی کہ میرے گھر میں گیارہ افراد ہیں جو کہ سب کے سب بیمار ہیں تو آپؑ نے فرمایا کہ ان کا علاج صدقہ دینے سے کرو کیونکہ صدقہ سے بہتر اور کوئی علاج نہیں۔

☆ حضرت امام علی رضا علیہ السلام کا فرمان ہے کہ صدقہ مریض کو مرض موت سے بچاتا ہے۔ ☆ کتاب فردوس میں شیخ مفیدؒ سے منقول ہے کہ اگر کسی شخص کو کوئی بیماری لاحق ہو گئی ہو تو ایک جام پانی اور گندم کے پیمانے کو گندم سے بھر کر ان پر 40 مرتبہ سورۂ حمد پڑھے بعد ازاں پانی کو مریض پر چھڑکے اور گندم کو کسی مستحق کو دے تا کہ وہ اسکی صحت یابی کے لیے دعا کرے۔

☆ مجمع الدعوات میں داؤد ابن زربی سے روایت ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے صدقہ دینے کا یہ طریقہ ارشاد فرمایا کہ چار کلو گندم (اسکی قیمت بھی دی جا سکتی ہے) لے کر مریض کو پیٹھ کے بل لٹا کر اس کے سینے پر رکھ کر یہ دعا پڑھے بعد از آں گندم کے چار حصے کر کے فقیروں میں تقسیم کر دے (تحفۃ العوام مقبول جدید مطبوعہ افتخار بک ڈپو)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ اِذَا سَئَلَكَ بِهِ
الْمُضْطَرُّ كَشَفْتَ مَا بِهِ مِنْ ضُرٍّ وَمَكَّنْتَ لَهُ فِي الْاَرْضِ
وَجَعَلْتَهُ خَلِيْفَتَكَ عَلٰى خَلْقِكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُعَافِيَنِيْ مِنْ عِلَّتِيْ

**ترجمہ** اے اللہ بیشک میں تجھ سے سوال کرتا ہو تیرے اس اسم سے کہ جب بھی اس سے تجھے پریشان نے پکارا تو نے اسکو اس کے ذریعے سے کشادگی فرمائی اور تو نے اس کو زمین پر قابض فرمایا اور اسکو اپنی مخلوق پر اپنا خلیفہ مقرر فرمایا چاہیے کہ تو صلوات بھیجے محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات اور مجھے میری مرض سے عافیت عطا فرما۔

روشنی

# روح اور اسم اعظم

## دولافانی طاقتیں

آغا حسنین احمد

(ماہر عملیات)

03 111 888 668 —— Youtube ImamiaJantriOfficial

لاکھوں درود وسلام حضرت محمدؐ اور انکی آلؑ کے بعد امامیہ جنتری کے بانی آغا نثار احمد۔ آغا افتخار حسین مرحومین کیلئے دعائے فاتحہ جنکی وجہ سے کروڑوں دکھی لوگوں نے روحانیت سے استفادہ کیا۔ مولا کریم ان مرحومین کے درجات بلند فرمائے۔ امامیہ جنتری کی وجہ سے لاکھوں افراد پاکستان، سعودیہ، دبئی، کویت، عمان، آسٹریلیا، کینیڈا، فرانس، یوکے، ڈنمارک، امریکہ، اٹلی، ناروے، ہالینڈ، جرمنی سے مجھ سے رابطہ کرکے استفادہ کرچکے ہیں۔ ان میں سے کافی مومنین نے فون پر اور خط پر فرمائشیں کیں۔ اکثر نے سوال کیا اور فرمائش کی کہ میں **"روح"** کے موضوع پر لکھوں۔ میری عمر نومبر 2026 کو 87 سال ہوگی کچھ پتا نہیں کب بلاوہ آجائے۔

**روح** ایسا موضوع ہے جس پر لکھنا مشکل ترین ہے کیونکہ آج تک روح کی ماہیت، پیمائش، وزن کو کوئی نہیں پہچان سکا۔ دنیا کی عظیم کتاب قرآن مقدس ہے جس کا دعویٰ ہے کہ اسمیں ہر خشک وتر کا ذکر ہے۔

"اے رسول لوگ آپ سے روح کے متعلق پوچھتے ہیں آپ کہہ دیجئے کہ روح میرے رب کا امر ہے اور تم کو اسکے متعلق تھوڑا علم دیا گیا ہے"۔

(پارہ 15۔ سورۃ بنی اسرائیل۔ آیت نمبر 85) کائنات کے اسرار میں سے ہے تاحال سب سے مخفی راز ہے روح۔ القرآن۔ (پارہ عم 30۔ سورۃ القدر 97۔ آیت نمبر 4)

تنزل الملائکۃ والروح فیھا باذن ربھم من کل امر

اس میں فرشتے اور روح اپنے پروردگار کی اجازت سے ہر معاملہ لیکر اترتے ہیں۔ فجر طلوع ہونے تک یہ رات سلامتی ہی سلامتی ہے۔

یسبح لہ مافی السموات ومافی الارض

روح والی یا بے روح ہر چیز اللہ کی تسبیح کرتی ہے (القرآن)

قرآنی علوم کا آغاز 28 حروف ابجد سے ہوتا ہے۔ مثلاً 1۔ بلا فصل نقطوں کی عمودی کلی ہے مگر جب تک اسکی روح ل ف نہ بولیں ہم الف بول ہی نہیں سکتے۔ اسی طرح ہر حرف کی روح ہے۔ اسکی روح ل ف 110=80+30 ہے جو اسم علیؑ کے عدد ہیں۔ اسم اعظم کے معنی ہیں اللہ تعالیٰ کے وہ نام جسکو وسیلہ بنا کر دعا کی جائے تو فوراً قبول ہوجائے۔ اسم اعظم کی چھ جماعتیں ہیں۔

1۔ اسم اعظم ظاہری 2۔ اسم اعظم باطنی 3۔ اسم اعظم اسراری 4۔ اسم اعظم قلندری 5۔ اسم اعظم باموکل 6۔ اسم اعظم تاحیات

اسم اعظم تاحیات میں سائل کی رُوح بھی شامل ہوتی ہے اس لیے آج اسکا اظہار ضروری ہوچکا ہے۔

**مثلاً**: نام ہے **علی فرزاد** اسکو بسط حرفی کریں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ع | ل | ی | ف | ر | ز | ا | د |

اب ہر حرف کو ملفوظی کریں۔

| | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ع | ی | ن | ل | ا | م | ی | ا | ف | ا | ر | ا | ز | ا | ل | ف | د | ا | ل |

اس لائن میں جو حرف بار بار آئے ہیں وہ کاٹ دیں۔ مکررات کاٹنے کے بعد جو حروف حاصل ہوئے وہ یہ ہیں۔

**مستحصلہ**: ع ی ن ل ا م ف ر ز د۔ اب ان حروف کو ملفوظی کریں۔ انکو تخلیص کریں یعنی تکرار والے حروف کاٹ دیں۔

**مستحصلہ**: ع ی ن ا ل م ف ر ز د۔ اب قیامت تک ان 10 حروف کو ملفوظی کرتے رہیں اور مکررات کاٹتے رہیں تو مستحصلہ بھی 10 حروف ہی آئینگے لہٰذا ہمارا جفری عمل مکمل ہوا۔ کمال یہ ہے کہ ان 10 حروف میں سائل کا نام **علی فرزاد** بھی شامل ہے اور اسکے نام کے روحانی حرف بھی شامل ہیں۔ انکو لکھ کر جمع کریں۔

| | |
|---|---|
| ع + ی + ن + ا + ل + م + ف + ر + ز + د | 492 = |
| 4+7+200+80+40+30+1+50+10+70 | |

کمال یہ ہے کہ **علی فرزاد** کا مفرد عدد 6 ہے اور مستحصلہ کا مفرد عدد 6 ہے۔ اب 492 کے وہ اسم الٰہی تلاش کریں جو حرف ع سے شروع ہوں، وہ یہ ہیں۔ "یا علیم، یا اکرام، یا حسیب"، 492 تاحیات عشاء کی نماز کے بعد پڑھیں۔ جو ورد نہ کرسکے وہ مجھ سے اسم اعظم تاحیات کی لوح بنوالے، میں نے 1996ء سے 2025ء تک اللہ تعالیٰ کے 800 سے زائد اسماء الحسنیٰ معنی کے ساتھ تلاش کرلئے ہیں، جس کو چاہیے امامیہ جنتری کے توسط سے منگوالیں اور مزید کسی بھی قسم کی روحانی مشاورت کیلئے امامیہ جنتری آفیشل نمبر 03111 888 668 کے ذریعے رابطہ قائم کیجئے۔

مجلس عزا و ماتم داری بسلسلہ 15 محرم الحرام 2 بجے دن بمقام امام بارگاہ آغا طالب علی نمبردار 38 جیم بی دربار تحصیل و ضلع فیصل آباد

# مسئلہ کیا ہے؟

# نکاح کی بندش توڑ! نصیب جوڑ

مخدوم سید مبارک علی شمسی (روحانی سکالر)

03 111 888 668 — Youtube ImamiaJantriOfficial

## اللھم صل علیٰ محمد و آل محمد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ بعد از سلام آپ تمام احباب کی صحت وسلامتی ، وسعتِ رزق اور مزید کامیابی وکامرانی کیلئے دعا گو ہوں۔ میری طرف سے امامیہ جنتری کی پوری انتظامیہ ، اس کے قارئین اور اس سے جڑے تمام افراد کو نیا سال 2026ء بہت بہت مبارک ہو۔ دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ امامیہ جنتری کے بانی آغا نثار احمد مرحوم اور مدیرِ اعلیٰ آغا افتخار حسین مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے (آمین) ۔ حسب سابق اس دفعہ بھی قارئین کی پُرزور فرمائش پر شادی ، بیاہ اور نکاح ومنگنی کی بندش کے خاتمہ کیلئے اپنے بزرگوں کے آزمودہ عمل کے ساتھ حاضر خدمت ہوں ، امید واثق ہے کہ ایسے تمام بچے/ بچیاں جن کو نکاح وشادی میں رکاوٹ کا سامنا ہے یا کسی وجہ سے وہ رکاوٹ سے دوچار ہیں وہ اس سے بھرپور استفادہ کریں گے اور بندہ احقر کے حق میں دعا کریں گے۔ ہمارے وطن عزیز پاکستان میں شادی بیاہ ، نکاح ومنگنی میں بندش نے تقریباً ہر گھرانے کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر وبیشتر والدین بچوں کی شادی میں تاخیر کی وجہ سے پریشانی کا شکار ہیں۔ واضح رہے کہ شادی ونکاح میں رکاوٹ کے پیچھے بہت سارے روحانی مسائل ہو سکتے ہیں ۔ جن کو صحیح طور پر سمجھنا اور ان کا حل تلاش کرنا از حد ضروری بلکہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ یہ ایک پیچیدہ اور حساس موضوع ہے جس کی مختلف وجوہات ہیں، جن میں روحانی، جسمانی، اور سماجی عوامل شامل ہیں۔ تشخیص کی خاطر اس مضمون میں ہم بندش نکاح کے مختلف پہلوؤں پر ایک تفصیلی جائزہ پیش کریں گے۔

**1 نظرِ بد (بری نظر):** جب کوئی آدمی کسی دوسرے شخص کی خداداد صلاحیت ، اچھی قسمت، حسن یا دولت کو دیکھ کر اپنے دل میں حسد پیدا کرتا ہے تو انسان کو نظر لگ جاتی ہے۔ یہ نظر بد اتنی شدید ہوتی ہے کہ رشتے آنے یا بات طے ہونے سے پہلے ہی اسے ختم کر سکتی ہے۔ بسا اوقات اس کا اثر اتنا شدید ہوتا ہے کہ نا صرف بار بار بات ہوتے ہوتے رہ جاتی ہے بلکہ متاثرہ لڑکی یا لڑکے کی صحت بھی متاثر ہوتی ہے۔

نکاح یا شادی صرف دو جسموں کا ملاپ ہی نہیں ہوتا، دو نفوس کی جنسی تسکین کا عمل نہیں ہوتا بلکہ دو خاندان مل کر تیسرے کنبے/خاندان کی بنیاد رکھتے ہیں۔ جس میں برادری والے اور دیگر عزیز و اقارب بھی شامل ہوتے ہیں اور اسے خوشی کا موقع سمجھ کر دونوں فریق اور اس کے عزیز و اقارب خوشی کا اظہار بھی کرتے ہیں۔ مگر وقت کی طاقت و تاثیر، سعادت و نحوست کی ایک اپنی اہمیت ہے۔ جس کو مدنظر رکھ کر یہ دیکھا جاتا ہے کہ نکاح یا شادی کے لئے کونسا وقت، کونسا دن اور کونسی تاریخ رکھی جائے۔ ان اوقات سے آگاہی حاصل کرنے کا جزو اعظم نجوم کا علم ہے۔ علم النجوم کی روشنی میں نکاح اور شادی کے لئے بہتر یا موافق اوقات درج ذیل ہیں۔

1. طالع جوزا۔ طالع سنبلہ ۔ یا۔ طالع میزان میں نکاح کرنا بہتر ہوتا ہے۔
2. جب قران زھرہ با شمس ہو۔ یا۔ قران شمس با مشتری ہو۔ تو نکاح کرنا بہتر ہوتا ہے۔
3. شادی کے لئے۔ پیر، بدھ، جمعرات اور جمعہ کا دن بہتر ہوتا ہے۔
4. دونوں کے زائچہ پیدائش میں دیکھیں :۔

a. لڑکی کے زائچہ میں نحس کواکب کتنے ہیں۔
b. لڑکے کے زائچہ میں نحس کواکب کتنے ہیں۔

اگر لڑکے کے زائچہ پیدائش میں نحس کواکب لڑکی کے زائچہ پیدائش کے برابر ہوں۔ یا۔ اس سے زیادہ ہوں تو شادی انشاء اللہ مبارک ثابت ہو گی۔ زائچہ پیدائش کے لئے پیدا ہونے کی تاریخ، پیدا ہونے کی جگہ اور پیدا ہونے کا وقت بالکل درست معلوم ہونا چاہئے۔

اسی طرح نکاح و شادی کے لئے ناموافق اوقات درجہ ذیل ہیں۔

1. جب مشتری رجعت میں ہو۔ اس وقت نکاح منحوس ہوتا ہے۔
2. مشتری بحالت رجعت یا استقامت جس برج میں دوبار حرکت کرے اس وقت نکاح منحوس ہوتا ہے۔
3. چاند کی 14 اور 15 تاریخوں میں نکاح یا شادی درست نہیں ہوتی اور اسی طرح چاند کی 28 اور 29 تاریخوں میں بھی نکاح یا شادی منحوس ہوتی ہے۔
4. چاند کی جس منزل میں کسی کی پیدائش ہو (جس قمری تاریخ میں پیدائش ہوئی ہو) اس میں نکاح درست نہیں۔
5. عورت کو اپنی سالگرہ کے دن شادی نہیں کرنی چاہئے۔
6. قمر در عقرب میں نکاح کرنے کا انجام بہتر نہ ہوگا۔
7. شوال کے مہینے میں نکاح کرنا اچھا نہیں ہوتا۔
8. جب دن میں گرم ہوا چل رہی ہو نکاح کرنا بعد میں جدائی کا باعث ہوتا ہے

شادی کرنے کیلئے صحیح وقت کا تعین کروانے، زائچہ بنوانے اور ہر قسم کی بندش کی توڑ کیلئے 03111 888 668 پر رابطہ کریں۔

19،20،21 رمضان کی شب مجالس بسلسلہ شہادت حضرت علی علیہ السلام بمقام امام بارگاہ دربار حسین سادات، چکوال پنجاب۔ عابدی برادران 0300-5512961

اوراق و وظائف

# حمٓ کا کرشمہ

## بیماری اور آسیب کا خاتمہ

راجہ افتخار حسین
(ماہر عملیات)

03 111 888 668 —— Youtube ImamiaJantriOfficial

آج دنیا بھر میں سینکڑوں قسم کے طریق علاج دریافت کئے جا رہے ہیں۔ یورپ کے ہر ڈاکٹر کے پاس دعویٰ مسیحائی ہے جس ڈاکٹر اور حکیم سے ملو اس کے اشتہار پڑھو اس کے مجربات معلوم کرو تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ امراض تو کیا قضا بھی ان کی دواؤں سے ٹل سکتی ہے۔ حالانکہ یہ مشاہدہ بتا رہا ہے جس ہسپتال سے سینکڑوں مریض صحت یاب ہو کر نکلتے ہیں، اسی ہسپتال سے ہزاروں لاشیں بھی نکلتی ہیں جب کوئی مرض پیچیدگی اختیار کر جاتا ہے یا قضائے الٰہی پہنچ جاتی ہے تو تمام ڈاکٹروں کے تجربات آلات وادویات سب طاقتیں دھری رہ جاتی ہیں۔ قضا کا علاج اللہ نے پیدا نہیں کیا کیونکہ قضا مرض نہیں بلکہ امر خدا ہے اس کیلئے نہ کوئی آپریشن کامیاب ہے نہ سرجری نہ کوئی دوا نہ کوئی جڑی بوٹی یہ قانون قدرت ہے۔ جو اپنی جگہ اٹل ہے لیکن دیکھا گیا ہے کہ اگر قسمت نے یاوری کی تو بسا اوقات افادیت اور سریع الاثری میں یورپ کی مجرب ادویات سے زیادہ خدا کے کلام نے مسیحائی کا اثر دکھایا ہے۔

**مجرب عمل حمٓ:** یہ عمل متبرک کتاب "صحیفہ فاطمہ نور الکبیر" سے ماخوذ ہے۔ حروف مقطعات میں حمٓ قرآن حکیم کی سات سورتوں کے شروع میں نازل ہوا ہے۔ حق تعالیٰ نے اس عدد یعنی سات کو خاص اہمیت بخشی ہے مثلاً 7 آسمان، 7 سیارے، 7 طبقات، ہفتہ کے 7 دن۔

**حمٓ اور سات سورتیں:**

1 حمٓ ﴿۱﴾ تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ﴿۲﴾

2 حمٓ ﴿۱﴾ تَنزِيلٌ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ﴿۲﴾

3 حمٓ ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ﴿۲﴾

4 حمٓ ﴿۱﴾ وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ ﴿۲﴾

5 حمٓ ﴿۱﴾ تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ﴿۲﴾

6 حمٓ ﴿۱﴾ وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ ﴿۲﴾ إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُّبَارَكَةٍ ۚ إِنَّا كُنَّا مُنذِرِينَ ﴿۳﴾

7 حمٓ ﴿۱﴾ تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ﴿۲﴾

ان آیات کے اعداد یہ ہیں، آیت نمبر 1 کے اعداد 1460 ہیں، آیت نمبر 2 کے اعداد 1253 ہیں، آیت نمبر 3 کے اعداد 278 ہیں، آیت نمبر 4 کے اعداد 640 ہیں، آیت نمبر 5 کے اعداد 1388 ہیں، آیت نمبر 6 کے اعداد 3231 ہیں، آیت نمبر 7 کے اعداد 1388 ہیں کل میزان یہ ہوا،

9638=1388+3231+1388+640+278+1253+1460

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حمٓعسٓقٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ |
| حمٓ | حمٓعسٓقٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ |
| حمٓ | حمٓ | حمٓعسٓقٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ |
| حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓعسٓقٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ |
| حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓعسٓقٓ | حمٓ | حمٓ |
| حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓعسٓقٓ | حمٓ |
| حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓ | حمٓعسٓقٓ |

لوح کی دوسری جانب ساتوں آیات کے استخراج کردہ اعداد سے مثلث آتشی کندہ ہوگی، جو یہ ہے

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۳۲۱۴ 6 | ۳۲۰۸ 1 | ۳۲۱۶ 8 |
| ۳۲۱۵ 7 | ۳۲۱۳ 5 | ۳۲۱۰ 3 |
| ۳۲۰۹ 2 | ۳۲۱۷ 9 | ۳۲۱۲ 4 |

وفق ۹۶۳۸

**فوائد:** ساتوں حمٓ معہ آیات مذکورہ بالا کا یہ نقش جملہ امراض ظاہری و باطنی، امراض خبیثہ و امراض کہنہ، تمام ضدی امراض، جادو سحر، آسیب نیز محبت و تسخیر میں نہایت کارآمد سریع الاثر ہے صرف یہ کہ امر خدا (قضا الٰہی) نہ پہنچا ہو یہ لوح اپنے اندر حیرت انگیز طور پر شفائے عظیم سمائے ہوئے ہے۔ رابطہ کرنے کے لئے امامیہ جنتری کے نمبر 03111 888 668 پر کال ملائیں۔

# گلستان اسم

# نومولود کا پہلا تحفہ نام

سید قمر حسین نقوی

03 111 888 668 —— Youtube ImamiaJantriOfficial

قارئین امامیہ جنتری، السلام علیکم، صد شکر ربّ کائنات کا جس نے عزت بخشی اور آپ سے ہم کلام ہونے کا شرف بخشا، قارئین آپ کے اعتماد کا شکریہ اور آئندہ بھی آپ کی پریشانی و مسائل میں آپ کے ساتھ ہیں۔ بچوں کا نام رکھنے سے پہلے ان کا زائچہ بنوالیں یہ بچوں کے مستقبل کیلئے نہایت ضروری ہے، دیگر گھریلو مشکلات کی درستگی، بچیوں کی شادی میں رکاوٹ، بے اولادی، بیماری، بیرون ملک سفر، روزگار میں حائل رکاوٹ دور کرنے اور اپنے تمام مسائل کے حل کیلئے رابطہ کریں، گذشتہ سال جن قارئین کے مسائل حل ہوئے وہ دعا میں یاد رکھیں اور جن بچیوں کی شادی ہوئی ان کے بہترین مستقبل کیلئے دعا گو ہوں۔ بانی امامیہ جنتری بیگم و آغا نثار احمد، بیگم و آغا افتخار حسین اور میرے خاندان کے مرحومین کیلئے سورۃ الفاتحہ کی اپیل۔

## نقشہ ابجد قمری

| حروف | ا | ب پ | ج چ | د ڈ | ہ | و | ز | ح | ط | ی ے | ک گ | ل | م | ن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیمت | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 20 | 30 | 40 | 50 |
| حروف | س | ع | ف | ص | ق | ر ڑ | ش | ت ٹ | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
| قیمت | 60 | 70 | 80 | 90 | 100 | 200 | 300 | 400 | 500 | 600 | 700 | 800 | 900 | 1000 |

## لڑکوں کے نام

| نمبر شمار | نام | مطلب | اعداد | موافق عدد | عنصر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | عبداللہ | اللہ کا بندہ | 25 | 7 | خاکی |
| 2 | اسداللہ | اللہ کا شیر | 23 | 5 | آتشی |
| 3 | محمد | تعریف کیا گیا | 20 | 2 | آتشی |
| 4 | علی | اونچا، بلند | 11 | 2 | خاکی |
| 5 | حسن | خوبصورت | 19 | 1 | خاکی |
| 6 | حسین | خوبصورت | 20 | 2 | خاکی |
| 7 | عباس علی | شیر | 27 | 9 | خاکی |
| 8 | عابد رضا | عبادت گزار | 25 | 7 | خاکی |
| 9 | علی باقر | عالم دین | 17 | 8 | خاکی |
| 10 | جعفر رضا | ندی، دریا | 31 | 4 | خاکی |
| 11 | موسیٰ رضا | اللہ کے نبی کا نام | 28 | 1 | آتشی |
| 12 | محمد کاظم | نیک پارسا | 36 | 9 | آتشی |
| 13 | علی رضا | بلندی، پاک | 22 | 4 | خاکی |
| 14 | علی نقی | پرہیزگار | 18 | 9 | خاکی |
| 15 | تقی رضا | نیک پارسا | 17 | 8 | بادی |
| 16 | محمد مہدی رضا | ہدایت کیا ہوا | 45 | 9 | آتشی |
| 17 | ریان حیدر | جنت کا دروازہ | 24 | 6 | خاکی |
| 18 | مظاہر علی | دکھانے والا | 32 | 5 | آتشی |
| 19 | تشہد علی | عجز و انکساری | 27 | 9 | بادی |
| 20 | محمد علی محتشم | دولت مند | 54 | 9 | آتشی |
| 21 | محراب علی | سجدہ کی جگہ | 28 | 1 | آتشی |
| 22 | قمر رضا | چاند | 18 | 9 | آبی |
| 23 | کیان عباس | محبت کرنے والا | 25 | 7 | آبی |
| 24 | علی حیدر | اونچا، بلند | 26 | 8 | خاکی |
| 25 | ساجدین علی | سجدہ کرنے والا | 31 | 4 | آبی |
| 26 | ارج علی | شان و شوکت | 17 | 8 | آتشی |
| 27 | نویان علی | شہزادہ، امیر | 29 | 2 | بادی |
| 28 | نقیب حسن | مدح خوان | 28 | 1 | بادی |
| 29 | وردان حیدر | وظائف، شاگرد | 33 | 6 | بادی |
| 30 | شعیب علی | درست کرنے والا | 24 | 6 | آتشی |
| 31 | شاداب علی | تروتازہ | 22 | 4 | آتشی |
| 32 | وجدان حیدر | اللہ پاک کا نام | 34 | 7 | بادی |
| 33 | اسد علی | شیر، اونچا | 22 | 4 | آتشی |
| 34 | ظل عباس | سایہ | 28 | 1 | آبی |
| 35 | قاسم حسن | بانٹنے والا | 31 | 4 | آبی |
| 36 | غیور عباس | غیرت مند | 26 | 8 | خاکی |
| 37 | ظافر علی | کامیاب | 31 | 4 | آبی |
| 38 | اقرب علی | قربت داری | 17 | 8 | آتشی |
| 39 | بریر حیدر | سچ بولنے والا | 22 | 4 | بادی |
| 40 | حسن مہدی | خوبصورت | 33 | 6 | خاکی |
| 41 | دائم رضا | ہمیشہ، صدا | 20 | 2 | خاکی |
| 42 | برہان علی | دلیل، حجت | 26 | 8 | بادی |
| 43 | شاوار علی | بادشاہ | 24 | 6 | آتشی |
| 44 | سبط حیدر | اولاد | 32 | 5 | آتشی |
| 45 | شاہ میر علی | خوبصورت، جوان | 27 | 9 | آتشی |
| 46 | زرتاش علی | دولت مند | 28 | 1 | آتشی |
| 47 | فتاح حیدر | کھولنے والا | 36 | 9 | آتشی |
| 48 | توکل حسین | بھروسہ، اعتماد | 35 | 8 | بادی |
| 49 | جواد علی | محبت کرنے والا | 25 | 7 | آبی |
| 50 | محمد ہادی رضا | ہدایت والا | 42 | 6 | آتشی |

جشن مولود امام زمانؑ 15 اور 16 شعبان کی درمیانی رات امام بارگاہ امام حسینؑ بمقام گاؤں جھکری ضلع راولپنڈی میں منعقد ہوگا۔ منجانب: ذوالفقار علی اصغر ... فون 0333 5289675

| | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 51 | مستجاب حیدر | قبول کیا گیا | 35 | 8 | آتشی | 67 | کسام حیدر | شگفتہ، کھلا ہوا | 28 | 1 | آبی | 84 | اِنس علی | محبت | 23 | 5 | آتشی |
| 52 | ازن عباس | اجازت | 29 | 2 | آتشی | 68 | مشہد علی | مقدس پاک | 27 | 9 | آتشی | 85 | یسال حیدر | پھولوں کا تاج | 26 | 8 | بادی |
| 53 | جرار حیدر | بہادر، شیر | 23 | 5 | آبی | 69 | محمد شہد مہدی | گواہی دینے والا | 47 | 2 | آتشی | 86 | سفیر حسین | قاصد | 37 | 1 | آبی |
| 54 | محمد قائم رضا | سدا، بہادر، ہمیشہ | 37 | 1 | آتشی | 70 | محمد متقی | عبادت گزار | 30 | 3 | آتشی | 87 | مشف عباس | چاہنے والا | 34 | 7 | آبی |
| 55 | عون محمد | مددگار | 38 | 2 | خاکی | 71 | ارتسام حیدر | دعا کرنے والا | 33 | 6 | آتشی | 88 | عین رضا | آنکھ | 24 | 6 | خاکی |
| 56 | کجل عباس | صاف، محمد | 28 | 1 | آبی | 72 | قارب حسین | عزت والا | 26 | 8 | آبی | 89 | بہلول علی | ہنس مکھ | 30 | 3 | بادی |
| 57 | آل علی | اولاد | 15 | 6 | آتشی | 73 | حرب علی | بڑائی کا سامان | 23 | 5 | خاکی | 90 | حشم عباس | دولت مند | 31 | 4 | خاکی |
| 58 | اخی عباس | بھائی | 24 | 6 | آتشی | 74 | مشاق حیدر | وعدہ | 27 | 9 | آتشی | 91 | فاطر علی | فتح، نصرت | 31 | 4 | آتشی |
| 59 | محمد تراب حیدر | توبہ قبول کرنے والا | 48 | 3 | آتشی | 75 | سبط حسن | اولاد، بیٹا | 32 | 5 | آبی | 92 | اعیان علی | آنکھیں | 26 | 8 | آتشی |
| 60 | وہاج مہدی | روشن، چمکدار | 29 | 2 | بادی | 76 | قرطاس حیدر | کاغذ، ورق | 34 | 7 | آبی | 93 | سائل رضا | مانگنے والا | 21 | 3 | آبی |
| 61 | لسان حیدر | زبان | 30 | 3 | خاکی | 77 | مفاتح علی | کھولنا، چابی | 36 | 9 | آتشی | 94 | حسین علی | دو کمان | 30 | 3 | آبی |
| 62 | ابوتراب علی | مٹی کا باپ | 29 | 2 | آتشی | 78 | زریت حسین | اولاد، کنبہ | 34 | 7 | آبی | 95 | عمار یاسر | صاحب علی | 24 | 6 | خاکی |
| 63 | برار علی | عہد پورا کرنے والا | 18 | 9 | بادی | 79 | سحاب حیدر | بادل | 32 | 5 | آبی | 96 | علی اشتر | بہادر، نڈر | 21 | 3 | خاکی |
| 64 | دبیر حسین | عدل وانصاف | 24 | 6 | خاکی | 80 | اذعان علی | اطاعت، یقین | 32 | 5 | آتشی | 97 | نادعلی | پکارنا | 21 | 3 | بادی |
| 65 | عابس رضا | خوشحال | 27 | 9 | خاکی | 81 | علی شجران | سایہ دار درخت | 25 | 7 | خاکی | 98 | ضرغام حیدر | طاقتور، شیر | 31 | 4 | بادی |
| 66 | عاکف علی | عبادت کرنے والا | 29 | 2 | خاکی | 82 | وصی عباس | جانشین | 32 | 5 | بادی | 99 | حسین بادشاہ | حاکم، سربراہ | 36 | 9 | خاکی |
| **لڑکیوں کے نام** | | | | | | 83 | تقدس رضا | پاکیزگی، عزت | 25 | 7 | بادی | 100 | نساب علی | بڑے نسب والا | 25 | 7 | بادی |
| 1 | آمنہ بتول | امن والی | 30 | 3 | آتشی | 19 | اریدہ بتول | پسند کی جانے والی | 28 | 1 | آتشی | 37 | پارسہ بتول | پاکیزہ | 27 | 9 | بادی |
| 2 | فاطمہ | بچانے والی | 27 | 9 | آتشی | 20 | حنا بتول | مہندی | 29 | 2 | خاکی | 38 | اشاء بتول | مشابہ ہونا | 20 | 2 | آتشی |
| 3 | سکینہ بتول | سکون وآرام | 34 | 7 | آبی | 21 | عرفہ بتول | مہک | 37 | 1 | آبی | 39 | اجرزہرا | ثواب | 21 | 3 | آتشی |
| 4 | بتول زہرا | درخشاں | 30 | 3 | بادی | 22 | مطیہ زہرا | سواری | 34 | 7 | آتشی | 40 | امارہ بتول | حکم دینے والی | 28 | 1 | آتشی |
| 5 | زینب بتول | پاک وپاکیزہ | 30 | 3 | آبی | 23 | اوج زہرا | اونچائی، بلندی | 25 | 7 | آتشی | 41 | امہ بتول | امت | 25 | 7 | آتشی |
| 6 | زہرا بتول | پاک دامن | 30 | 3 | آبی | 24 | گل زہرا | پھول | 20 | 2 | آبی | 42 | عاطہ بتول | جاننے والی | 37 | 1 | خاکی |
| 7 | قلب زہرا | دل | 21 | 3 | آبی | 25 | آداب زہرا | سلام | 23 | 5 | آتشی | 43 | عطرت زہرا | قرابت داری | 37 | 1 | خاکی |
| 8 | عکس زہرا | سایہ | 30 | 3 | خاکی | 26 | قرط بتول | کان کی بالی | 27 | 9 | آبی | 44 | علیا بتول | عزت، مرتبہ | 27 | 9 | خاکی |
| 9 | مثوب زہرا | ثواب | 32 | 5 | آتشی | 27 | فراشہ بتول | پروانہ | 34 | 7 | آتشی | 45 | مقدسہ بتول | پاک وپاکیزہ | 35 | 8 | آتشی |
| 10 | عناب زہرا | خوشبو | 30 | 3 | خاکی | 28 | کونین زہرا | دونوں جہاں | 34 | 7 | آبی | 46 | لبابہ بتول | حصہ | 28 | 1 | خاکی |
| 11 | کنیز زہرا | خادمہ | 30 | 3 | آبی | 29 | عشیق زہرا | عشق، محبت | 27 | 9 | خاکی | 47 | ناعمہ بتول | نرم ونازک | 37 | 1 | بادی |
| 12 | کومل بتول | نرم، پیاری | 30 | 3 | آبی | 30 | ہبہ بتول | عطیہ | 27 | 9 | آتشی | 48 | نویرا بتول | پھول کی کلی | 30 | 3 | بادی |
| 13 | عبا بتول | چادر | 25 | 7 | خاکی | 31 | عشوہ بتول | ناز، ادا | 36 | 9 | خاکی | 49 | ہادیہ بتول | ہدایت والی | 31 | 4 | آتشی |
| 14 | مہمین زہرا | نازک، نرم | 30 | 3 | آتشی | 32 | مناب زہرا | قائم مقام | 27 | 9 | آتشی | 50 | لیلیٰ بتول | رات | 23 | 5 | خاکی |
| 15 | عرش بریں | آسمان | 22 | 4 | خاکی | 33 | رخص زہرا | نرم ونازک | 32 | 5 | خاکی | 51 | دلاج زہرا | پھول | 26 | 8 | خاکی |
| 16 | نایاب زہرا | قیمتی، نادر | 25 | 7 | بادی | 34 | عطا زہرا | انعام | 32 | 5 | خاکی | 52 | آیت زہرا | نشانی | 21 | 3 | آتشی |
| 17 | کائنات زہرا | دنیا جہاں | 28 | 1 | آبی | 35 | عریش زہرا | سایہ دار جگہ | 28 | 1 | خاکی | 53 | زرمین زہرا | امیر وکبیر | 34 | 7 | آبی |
| 18 | اسلوب زہرا | طرز، طریقہ | 33 | 6 | آتشی | 36 | طابہ بتول | پاک وپاکیزہ | 32 | 5 | آتشی | 54 | رجاء بتول | امید، آس | 21 | 3 | آتشی |

13 [illegible] 0300 4377967

| | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 55 | راحمہ بتول | مہربانی | 35 | 8 | خاکی | 71 | فدک زہرا | باغ، ملکیت | 29 | 2 | آتشی | 87 | آیہ بتول | نشانی | 22 | 4 | آتشی |
| 56 | رعنا بتول | خوش نما | 30 | 3 | خاکی | 72 | حورعین زہرا | کشادہ آنکھیں | 44 | 8 | خاکی | 88 | انشا بتول | عبادت والی | 25 | 7 | آتشی |
| 57 | راعیہ بتول | الفت، محبت | 31 | 4 | خاکی | 73 | تسمیہ بتول | بسم اللہ | 35 | 8 | بادی | 89 | آئمہ بتول | پیشوا، رہنما | 25 | 7 | آتشی |
| 58 | حریمہ بتول | حرمت، عزت | 35 | 8 | خاکی | 74 | گوشہ بتول | پیارا حصہ | 31 | 4 | آبی | 90 | درشہوار | موتی | 23 | 5 | خاکی |
| 59 | حراء بتول | عبادت کی جگہ | 26 | 8 | خاکی | 75 | عرشیہ بتول | فلک، آسمان | 33 | 6 | خاکی | 91 | سماء زہرا | آسمان | 26 | 8 | آبی |
| 60 | حرمت زہرا | عزت وآبرو | 33 | 6 | خاکی | 76 | ارم زہرا | جنت | 22 | 4 | آتشی | 92 | رطابہ بتول | تروتازہ | 34 | 7 | خاکی |
| 61 | جاذبہ بتول | کشش | 33 | 6 | آبی | 77 | تسکین زہرا | سکون، راحت | 33 | 6 | بادی | 93 | نایاب زہرا | قیمتی | 25 | 7 | بادی |
| 62 | جبین زہرا | ماتھا، پیشانی | 26 | 8 | آبی | 78 | علیسا بتول | عزت دار | 33 | 6 | خاکی | 94 | قسطاس زہرا | چاہنے والی | 50 | 5 | خاکی |
| 63 | ثمین زہرا | قیمتی، گراں قدر | 30 | 3 | آبی | 79 | قدسیہ بتول | پاک وپاکیزہ | 32 | 5 | آبی | 95 | قندیل زہرا | شمع روشنی | 29 | 2 | آبی |
| 64 | ارسہ بتول | تابع | 29 | 2 | آتشی | 80 | عرفہ بتول | خوشبو، مہک | 37 | 1 | خاکی | 96 | فریال زہرا | نرم ونازک | 30 | 3 | آتشی |
| 65 | اجیہ بتول | عالی شان | 25 | 7 | آتشی | 81 | خوشبو زہرا | مہک | 38 | 2 | خاکی | 97 | رخسار زہرا | گال | 32 | 5 | خاکی |
| 66 | راعنہ بتول | خوش نما | 35 | 8 | خاکی | 82 | اسوہ بتول | راستہ | 33 | 6 | آتشی | 98 | وما بتول | پیار کرنے والی | 26 | 8 | بادی |
| 67 | طٰہٰ بتول | قرآن پاک کی سورۃ | 29 | 2 | آتشی | 83 | احور فاطمہ | پیاری آنکھوں والی | 44 | 8 | آتشی | 99 | ظافرہ بتول | کامیاب | 40 | 4 | خاکی |
| 68 | وردہ بتول | گلاب کا پھول | 32 | 5 | بادی | 84 | زر بتول | دولت مند | 24 | 6 | آبی | 100 | عروہ بتول | صبر کرنے والی | 40 | 4 | خاکی |
| 69 | ردا بتول | چادر | 22 | 4 | خاکی | 85 | سماح بتول | سخاوت | 34 | 7 | آبی | | | | | | |
| 70 | اریکہ بتول | تخت | 26 | 8 | آتشی | 86 | اطاع زہرا | پیروی کرنے والی | 33 | 6 | آتشی | | | | | | |

## برائے طلب اولاد

معتبر روایت میں ہے کہ طلب اولاد کے لیے درج ذیل آیات کو ہر روز اول و آخر صلوٰت کیساتھ 11 مرتبہ پڑھے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے تو نعمت اولاد سے سرفراز ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾

**ترجمہ** اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے پروردگار تو اپنے پاس سے پاک اولاد عنایت کر بیشک تو دعا سننے والا ہے (آل عمران 38)

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾ (الانبیاء۔۸۹)

**ترجمہ** پروردگار تو مجھ کو تنہا نہ چھوڑ اور تو بہترین وارثین میں سے ہے۔

**برائے طلب اولاد** ہر نماز کے بعد 11 مرتبہ درج ذیل آیت کو پڑھنا اور لکھ کر عورت کے گلے میں باندھنا نعمت اولاد کے حصول کے لیے مفید ہے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾ (فرقان ۷۴)

**ترجمہ** پرودگار ہمیں ہماری بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہم کو پرہیزگاروں کا پیشوا بنا (فرقان 74)

## عقیقہ سے شفاء

☆ عقیقہ سنت مئوکدہ ہے ساتویں دن بہتر ہے یہ تا حد بلوغت باپ پر سنت ہے بعد میں خود کرے۔

☆ بچہ کے بال منڈوا کران بالوں کے برابر چاندی یا چاندی کی رقم صدقہ کرے

☆ عقیقہ کے جانور میں قربانی کے جانور کی شرائط کا ہونا مستحب ہے۔

☆ گوشت کم از کم 10 مومنوں کو کھلائیں یا کچا تقسیم کردیں۔

☆ والدین اور گھر کے وہ افراد جو والد کی کفالت میں ہوں عقیقہ کا گوشت نہ کھائیں

☆ سری پائے اور کھال صدقہ کرے قصائی کو اجرت میں دینا جائز نہیں۔

☆ بوقت ذبح درج ذیل دعا پڑھے (لکیر سے اوپر والا صیغہ لڑکے کیلئے اور نیچے والا لڑکی کیلئے ہے)

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ عَقِيْقَةٌ عَنْ (بچہ یا بچی کا نام لے) لَحْمُهَا بِلَحْمِهٖ وَدَمُهَا بِدَمِهٖ

اللہ کے نام سے اور اللہ کی مدد سے اے اللہ عقیقہ فلاں سے ہے اس کا گوشت اس کے گوشت کیلئے اور اس کا خون اس کے خون کیلئے اور اس کی ہڈیاں

وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهٖ وَشَعْرُهَا بِشَعْرِهٖ وَجِلْدُهَا بِجِلْدِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا وِقَاءً لِّمُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اس کی ہڈیوں کیلئے اور اس کے بال اس کے بالوں کیلئے اور اس کی کھال اس کی کھال کیلئے ہے اے اللہ اس کو قربان ہونے والا آل محمد کے ساتھ ہونے کا

☆ دعا کے بعد بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ کر ذبح کیا جائے اور ذبح کرنے کے بعد صلوات پڑھ کر یہ کہے اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْ (من کے بعد مریض اور اس کے باپ کا نام لے)

**برائے اصلاح اولاد** ہر نماز کے بعد درج ذیل آیات 3 مرتبہ پڑھیں

وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾

اور میری اولاد کی اصلاح فرما (الاحقاف ۱۵) پروردگار مجھے اور میری اولاد کو نماز کا پابند بنادے اے رب ہماری دعا قبول فرما (ابراہیم ۴۰)

جلوس ذوالجناح مجلس 13 محرم بمقام امام بارگاہ محلہ شاہ خراسان ... ضلع ... سید ... جعفری 0300-4377967

بندگی

# مجرب المجرب عملیات

جابر علی
المعروف شایان علی
(ماہر علوم مخفی)

03 111 888 668 — Youtube ImamiaJantriOfficial

قارئین کی پرزور فرمائش پر میں وہ وظائف تحریر کر رہا ہوں جو نہ صرف میرے مجربات کا حصہ ہیں بلکہ بہت سے عاملین حضرات نے بھی انہیں اکثر مجرب پایا ہے۔ ان شاء اللہ جو لوگ اس پر عمل کریں گے، انہیں مجرب پائیں گے۔ ہر عمل کے آغاز اور اختتام پر 9 مرتبہ درود پڑھنا لازم ہے۔ یہ عملیات مکمل پاکیزگی کے ساتھ، قبلہ رخ ہو کر خشوع وخضوع سے انجام دیں۔

## رزق میں اضافہ کے لیے

**عمل:** سورۃ الواقعہ روزانہ رات کو ایک مرتبہ پڑھیں۔

**خصوصی وظیفہ:** "یَا رَزَّاقُ" 101 بار روزانہ صبح پڑھیں۔

**قرآنی آیت:** "وَمَا مِن دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللَّهِ رِزْقُهَا" اس آیت مبارکہ کو 60 مرتبہ پڑھنا ہے اور بالخصوص یہ عمل جمعہ سے شروع کرنا ہے۔

## بیماری سے شفایابی کے لیے

**عمل:** صبح وشام 7 بار سورۃ الفاتحہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

**خصوصی وظیفہ:** "یَا شَافِي" 111 بار پانی پر پڑھ کر مریض کو پلائیں۔

**قرآنی آیت:** "وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ"، اس آیت مبارکہ کو مریض کے نام مع والدہ کے بالحاظ اعداد حروف ابجد پڑھیں اور 309 روپے صدقہ کر دیں۔ اور مریض کا وزن کروا کر وزن کے مطابق گندم بھی صدقہ کریں ان شاء اللہ مریض شفایاب ہوگا۔

## شادی کے لیے

**عمل:** سورۃ یوسف روزانہ پڑھیں۔

**خصوصی وظیفہ:** "یَا وَدُودُ" 1000 بار جمعہ کی رات پڑھیں۔

**قرآنی آیت:** "وَيُمْدِدْكُم بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ"، اس آیت مبارکہ کو جمعہ کے دن بوقت طلوع آفتاب 666 مرتبہ پڑھیں۔ جب تک شادی نہ ہو روزانہ بعد نماز فجر اس کو اپنا معمول بنالیں۔ ان شاء اللہ بہترین جگہ اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

## امیگریشن مسائل کا حل

**عمل:** سورۃ الملک روزانہ ایک مرتبہ پڑھیں۔

**خصوصی وظیفہ:** "یَا فَتَّاحُ" 41 بار فجر کے بعد پڑھیں۔

**قرآنی آیت:** "رَبِّ ابْنِ لِي عِندَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِي مِن فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهِ"، ہفتہ والے دن طلوع آفتاب کے فوراً بعد اس آیت مبارکہ کو 80 مرتبہ پڑھیں بعد ازاں روزانہ 8 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

## جادو ٹونہ سے نجات

**عمل:** سورۃ البقرہ کی تلاوت کا معمول بنائیں۔

**خصوصی وظیفہ:** آیۃ الکرسی 21 بار روزانہ پڑھیں۔

**قرآنی آیت:** "وَقَالَ الظَّالِمُونَ إِن تَتَّبِعُونَ إِلَّا رَجُلًا مَّسْحُورًا"، اس آیت مبارکہ کو 181 مرتبہ پانی پر دم کر کے پانی گھر کے چاروں کونوں میں چھڑک دیں جادو کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ یہ عمل ہفتہ سے شروع کر کے آئندہ ہفتہ تک یعنی 8 روز جاری رکھیں۔

## عدالتی مقدمات میں کامیابی کے لیے

**عمل:** سورۃ یوسف کی تلاوت کریں۔

**خصوصی وظیفہ:** "یَا عَدْلُ" 99 بار عدالت جانے سے پہلے پڑھیں۔

**قرآنی آیت:** "قُلِ اللَّهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَن تَشَاءُ وَتَنزِعُ الْمُلْكَ مِمَّن تَشَاءُ"، اگر آپ واقعی حق پر ہیں لیکن حق آپ کو نہیں مل رہا تو جمعہ کے دن نماز جمعہ سے قبل اس آیت مبارکہ کو 108 مرتبہ پڑھیں اور بعد ازاں بقیہ دنوں میں تہجد کے وقت پڑھا کریں ان شاء اللہ حق آپ کی دہلیز پر ہوگا۔

## بری عادات چھڑانے کے لیے

**عمل:** سورۃ الشمس روزانہ 7 بار پڑھیں۔

**خصوصی وظیفہ:** "یَا مُقِيتُ" 21 بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پئیں۔

**قرآنی آیت:** "إِنَّ النَّفْسَ لَأَمَّارَةٌ بِالسُّوءِ إِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّي"، اس آیت مبارکہ کو 270 مرتبہ پڑھا کریں اور جس کو بری عادات ہوں اس کے کپڑوں پر روزانہ سینے کی جگہ پر پھونک دیا کریں اس سے بہت جلد بری عادات سے خلاصی نصیب ہوگی۔

**آخری گزارش:** یہ تمام وظائف عاملین کے مجربات میں سے ہیں۔ انہیں پورے یقین اور خلوص نیت سے پڑھیں۔ اللہ پاک ہر مشکل کو آسان فرمائے۔

جشن حضرت عباسؑ علمدار مورخہ ۴ شعبان بمقام قدیمی امام بارگاہ راولپنڈی ۔ انجمن سپاہ عباسؑ راولپنڈی



کاشف الکرب

# پیدائشی زائچہ اور علمِ نجوم

سائیں
عبداللطیف دامانی
(ماہر علوم فلکیات)
03 111 888 668 —— Youtube ImamiaJantriOfficial

قارئین کرام! السلام علیکم ۔ اللہ رب العزت کے لئے حمد وثناء اور بے شمار درود وسلام حضرت محمدؐ وآل محمدؐ پر۔

علم نجوم (Astrology) وقت اور سیاروں کے اثرات کا علم ہے۔ قدیم حکماء کا ماننا تھا کہ ایک طبیب اس وقت تک مکمل طبیب نہیں بن سکتا جب تک کہ وہ علم نجوم سے واقف نہ ہو۔ مشہور طبیب بوعلی سینا بھی فرماتے ہیں کہ جب تک میں نے علم نجوم نہیں سیکھا تھا، مجھے محسوس ہوا کہ علم طب نامکمل تھا۔ جس طرح طبیب مریض کی نبض دیکھ کر اس کے اندرونی امراض کی تشریح کرتا ہے، اسی طرح منجم سیاروں کے حساب سے انسان کی زندگی کے معاملات کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہے۔

یہ بات واضح ہونی چاہئے کہ علم نجوم کو علم غیب سمجھنا غلط ہے۔ علم غیب صرف اللہ کے لئے خاص ہے۔ نجوم، رمل اور جفر صرف ایسے علوم ہیں جیسے دیگر دنیاوی علوم، جو اللہ نے انسانوں کو دنیا کے نظام چلانے کے لئے عطا کئے۔ قرآن پاک میں سورۃ النحل، آیت 16 میں ارشاد ہے:

**وَعَلَامَاتٍ ۚ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُونَ**

اور علامات معین کر دیں اور لوگ ستاروں سے بھی راستے دریافت کر لیتے ہیں

یہ آیت واضح کرتی ہے کہ ستارے ہمیشہ انسان کی رہنمائی کے لئے اہم رہے ہیں، چاہے وہ سمندری سفر ہوں یا زندگی کے دوسرے معاملات۔

## سیاروں کی نمائندگی

ہر سیارہ ایک علامتی کردار ادا کرتا ہے۔ زائچے میں ان کی پوزیشن سے زندگی کے مختلف پہلو سمجھے جاتے ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| شمس (سورج) | والد، شہرت، طاقت | قمر (چاند) | ماں، ذہن، جذبات |
| مریخ | بھائی، ہمت، حادثات، غصہ | زہرہ | بہن، محبت، ازدواجی تعلقات |
| عطارد | تعلیم، ذہانت، کاروبار | مشتری | روحانیت، دولت، علم |
| زحل | عمر، مشکلات، ضبط وصبر | | |

## گھروں کی اہمیت

زائچہ بارہ گھروں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ہر گھر زندگی کے ایک پہلو کی نمائندگی کرتا ہے:

| | |
|---|---|
| پہلا گھر | فردی شخصیت، جسمانی خصوصیات، ظاہری روپ |
| دوسرا گھر | خاندان، مالی معاملات، اثاثے، آمدنی |
| تیسرا گھر | قریبی رشتے مختصر سفر، مواصلات |
| چوتھا گھر | تعلیم ابتدائی، خاندان، گھر، والدین |
| پانچواں گھر | محبت، اولاد، اخلاص، تفریح |
| چھٹا گھر | بیماری، حادثات، قرض |
| ساتواں گھر | ازدواجی زندگی، شراکت داری |
| آٹھواں گھر | موت، طویل مدتی بیماریاں، وراثت، مشترکہ وسائل |
| نواں گھر | بیرون ملک سفر، اعلیٰ تعلیم، دین وروحانیت |
| دسواں گھر | شہرت، سرکاری حیثیت، سماجی حیثیت |
| گیارہواں گھر | دولت، انعامات، خواہشات کی تکمیل |
| بارہواں گھر | سکون، سفر، بیوگی، روحانی آزادی |

## زندگی کے مختلف پہلو اور ان کا علم نجوم سے تعلق

| | |
|---|---|
| محبت اور اخلاص | پانچواں گھر اور قمر |
| حادثات و بیماری | چھٹا گھر اور مریخ |
| کاروبار | عطارد اور زہرہ |
| سفر بیرون ملک | نواں اور دسواں گھر |
| آرام وآسائش | بارھواں، چوتھا، ساتواں گھر اور شمس |
| شہرت | دوسرا اور دسواں گھر، شمس |
| خاندان | دوسرا، ساتواں اور چوتھا گھر |
| ازدواجی زندگی | ساتواں، چوتھا، دوسرا گھر، قمر و زہرہ |
| دولت | گیارہواں اور پانچواں گھر (قمر اور مشتری) |
| طلاق یا خلع | ساتواں اور بارھواں گھر |
| بیوگی | دوسرا، چوتھا اور بارھواں گھر |

## شادی اور ازدواجی زندگی

شادی کے بنیادی تعین کنندہ سیارے یہ ہیں: زہرہ، مشتری، شمس، مریخ۔

ازدواجی زندگی میں نااتفاقی اس وقت پیدا ہوتی ہے جب شادی کے سیاروں پر چھٹے گھر کے حاکم اثر ڈالیں۔ شادی کے وقت کا اندازہ بھی ساتویں اور چوتھے گھر یا ان پر اثرانداز ہونے والے سیاروں سے لگایا جاتا ہے۔

## ادوارِ سیارگان (Dashas)

ویدک نظام میں زندگی کے بڑے اور چھوٹے ادوار سیاروں کے حساب سے طے ہوتے ہیں۔ یہ ادوار انسان کی زندگی کے مختلف اوقات کی نشاندہی کرتے

قدیمی سالانہ مجلس عزا بسلسلہ شہادت خاتون جنتؑ 7 جمادی الثانی ۔ بمقام بستی بلوچاں موضع روشن احمد پور شرقیہ ۔ زوار غوث بخش مرحوم 0300-6412509

بک کارنر اقبال روڈ جہلم 0323-5777931

القائم بک ڈپو سٹیلائٹ ٹاؤن جھنگ 0333-6734585

ہیں:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شمس | 6 سال | قمر | 10 سال | مریخ | 7 سال |
| راہو | 18 سال | مشتری | 16 سال | زحل | 19 سال |
| عطارد | 17 سال | کیتو | 7 سال | زہرہ | 20 سال |

ہر سیارے کے دور اکبر میں دوسرے سیارے بھی اثر انداز ہوتے ہیں، جس سے دن، گھنٹے بلکہ منٹ تک کی پیشگوئی ممکن ہے۔

## زائچہ بنانے کے اصول

★ سب سے پہلے طالع (Ascendant) اور اس کا حاکم دیکھا جاتا ہے۔

★ پھر سیارہ قمر کی مضبوطی پر غور کیا جاتا ہے کیونکہ ذہنی صلاحیت اور ترقی کا انحصار اسی پر ہے۔

★ شمس اور نویں و چوتھے گھروں کی حالت سے والد اور پرورش کے پہلو سمجھے جاتے ہیں۔

اگر یہ عناصر مضبوط ہوں تو صاحبِ زائچہ کو ترقی کے اچھے مواقع ملتے ہیں۔

**نتیجہ** علم نجوم ایک پیچیدہ علم ہے۔ اس میں کامیاب پیشن گوئی کے لئے درج ذیل چیزوں پر عبور ضروری ہے:

| | |
|---|---|
| پیدائشی زائچے کی درست تیاری | سیاروں کی طاقت اور اثرات |
| قران اور نظرات | دور اکبر و اصغر کا صحیح حساب |

یہ علم کوئی غیبی علم نہیں بلکہ ایک سائنس ہے، جو اللہ کی عطا کردہ حکمتوں میں سے ایک ہے۔ اگر درست انداز میں استعمال کیا جائے تو یہ انسان کی رہنمائی اور مسائل کے حل میں بہترین ذریعہ ثابت ہو سکتا ہے۔

**نوٹ** زائچہ بنوانے یا مشاورت کے لئے امامیہ جنتری آفیشل نمبر **03111 888 668** پر رابطہ کریں۔

**زائچہ فیس** 1500 روپے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محمدؐ و آل محمدؐ کے صدقے آپ سب کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ آمین ثم آمین۔

**مستحب 4 روزے** 17 ربیع الاول کا روزہ ایک سال (355 دن) کے روزے رکھنے کے ثواب کے برابر ہے۔ ☆18 ذوالحجہ کا روزہ 60 سال کے گناہوں کا کفارہ ہے کیونکہ یہ عید غدیر کا مستحبی روزہ ہے۔ ☆25 ذی قعد کا روزہ 60 مہینوں کے روزے رکھنے کے مترادف ثواب رکھتا ہے۔

☆27 رجب کا روزہ 60 یا 70 سال کے روزوں کے برابر ثواب کا حامل ہے

مسجد حرام کی ایک نماز ایک لاکھ رکعت کے ثواب کے مساوی ہے۔

مسجد نبویؐ کی ایک نماز 50000 رکعت کے ثواب کے مساوی ہے۔

مسجد قبا کی ایک نماز ایک عمرہ کے ثواب کے مساوی ہے۔

مسجد کوفہ کی ایک نماز ایک عمرہ اور ایک حج کے ثواب کے مساوی ہے۔

# حضرت ابا الفضل العباس علیہ السلام سے توسل کے تین مجرب عملیات

**پہلا عمل** (سادہ اور تیز اثر): عالم محقق حاج ملا ہاشم خراسانی فرماتے ہیں: اگر کسی انسان کو کوئی بھی مشکل درپیش ہو، اور وہ چاہتا ہو کہ اس کی حاجات آسانی سے پوری ہو جائیں اور وہ کامیابی سے ہمکنار ہو جائے تو اسے چاہیے کہ ایک ہی مجلس میں یعنی ایک ہی دفعہ بیٹھ کر خشوع و خضوع سے 133 بار یہ دعا پڑھے:

يَا كَاشِفَ الْكَرْبِ عَنْ وَجْهِ الْحُسَيْنِ

اِكْشِفْ كَرْبِي بِحَقِّ أَخِيكَ الْحُسَيْنِ

(اے حسین علیہ السلام کی پریشانی دور کرنے والے عباس، آپؑ کو آپ کے بھائی حسینؑ کا واسطہ، میری پریشانی دور فرما دیجیے)

**دوسرا عمل** (نماز توسل): آیت اللہ شیخ محمد ابراہیم کلباسیؒ کی نقل کردہ: 2 رکعت نماز حضرت عباس (ع) کے توسل میں پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد 100 بار "یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ" پڑھیں۔ نماز کے بعد 100 بار سلام پڑھیں:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَبَّاسَ ابْنَ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

(سلام ہو تجھ پر اے عباس، فرزندِ امیر المومنین!)

یہ نماز حضرت امام صادقؑ سے منسوب ہے اور حاجات کے لیے بہت مؤثر ہے۔

**تیسرا عمل** (7 چہار شنبہ) (7 بدھ کا خاص عمل): محمد باقر خراسانیؒ کا تجربہ: سات راتیں چہار شنبہ کو یہ عمل کریں، ہر چہار شنبہ (بدھ) رات کو 100 بار یہ دعا پڑھیں:

عَبْدَ اللهِ يَا أَبَا الْفَضْلِ دَخِيلُكَ

(اے عبداللہ ابوالفضل! میں تیرا دخیل (پناہ مانگنے والا) ہوں۔) بروجندی (رح) نے خود اس عمل سے بڑی بڑی حاجات پائیں، حتیٰ کہ ساتویں شب چہار شنبہ کو حاجت پوری ہوئی۔

**آسان اور مختصر ہدایت:**

- فوری حاجت ہو تو پہلا عمل 133 مرتبہ دعائے حضرت عباسؑ، انجام دیں۔
- نماز سے توسل چاہیں تو دوسرا عمل انجام دیں۔
- مستقل مشکل ہو تو 7 چہار شنبہ یعنی لگاتار 7 بدھ تک توسل کریں۔

حضرت عباس علیہ السّلام کا وسیلہ ہر مشکل سے نجات کا حل ہے۔

WWW.IFTIKHARBOOKDEPOT.COM

سالانہ جشن گھوڑ سواری مولاؑ 5 رجب بعد از نماز ظہر بمقام۔ شمس پور ڈنڈیال بائی پاس انتظامیہ عون عباس

گلدستہ اعمال

# تسخیرِ محبت کا قرآنی راز

## دوریاں ختم ۔ رشتے قائم

سیدہ زہرا بتول کاظمی
(ماہر عملیات)

03 111 888 668 —— Youtube ImamiaJantriOfficial

تمام تعریفیں حمد وثنا، رب ذوالجلال والاکرام کے لئے جو ہمیں بن مانگے عطا کرتا ہے جو ہمیں کسی انسان کا محتاج نہیں ہونے دیتا۔ ہمیں ہر حال میں اس ذات کریم کا شکرادا کرنا چاہئے۔ بعد حمد وثناء دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم اور قبلہ آغا افتخار حسین صاحب کی مغفرت فرمائے جن کی کاوش کی بدولت لاکھوں مومنین امامیہ جنتری کے اعمال سے فیض یاب ہو رہے ہیں۔ قارئین امامیہ جنتری کے لئے تسخیر محبت کا مجرب المجرب عمل لے کر حاضر ہوئی ہوں ۔ یہ عمل حب کے لئے لاجواب و نایاب ہے۔ دور حاضر میں اختلافات زوجین، بہن بھائیوں میں دوری، گھریلو ناچاقیاں، دفاتر و دوست احباب میں اختلافات بے حد مشاہدے میں ہیں۔ اس عمل کو کرنے سے میاں بیوی، بہن بھائی، افسران دوست احباب کو تسخیر کیا جاسکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی محکم و اکمل کتاب قرآن کریم کی سورۃ توبہ کی آیت نمبر 128 جو کہ تسخیر کے لئے لاجواب ہے کا مجرب عمل پیش کر رہی ہوں:

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ

**1۔ سب سے پہلے آیت کو بسط حروفی کریں:** ل ـ ق ـ د ـ ج ـ ا ـ ء ـ ک ـ م ـ ر ـ س ـ و ـ ل ـ م ـ ن ـ ا ـ ن ـ ف ـ س ـ ک ـ م ـ ع ـ ز ـ ی ـ ز ـ ع ـ ل ـ ی ـ ہ ـ م ـ ا ـ ع ـ ن ـ ت ـ م ـ ح ـ ر ـ ی ـ ص ـ ع ـ ل ـ ی ـ ک ـ م ـ ب ـ ا ـ ل ـ م ـ و ـ م ـ ن ـ ی ـ ن ـ ر ـ ء ـ و ـ ف ـ ر ـ ح ـ ی ـ م

**2۔ اب ان حروف کو تلخیص کریں یعنی جو حروف دوبار یا سہ بار آئے ان کو کاٹ دیں:۔**

تلخیص کے بعد جو حروف برآمد ہوئے وہ یہ ہیں: ل ـ ق ـ د ـ ج ـ ا ـ ء ـ ک ـ م ـ س ـ ر ـ و ـ ن ـ ف ـ ع ـ ز ـ ی ـ ہ ـ ت ـ ح ـ ص ـ ب

**3۔ اب ان حروف سے عمل تیار کریں۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنہ میں سے ہر حروف کا اسم اعظم لیں:** ل سے لطیفُ ـ ق سے قویُ ـ د سے دائمُ ـ ج سے جوادُ ـ ا سے اللہُ ـ ک سے کریمُ ـ م سے معزُ ـ ر سے رحمنُ ـ س سے سبوحُ ـ د سے ودودُ ـ ن سے نذیرُ ـ ف سے فتاحُ ـ ع سے عزیزُ ـ ز سے زکیُ ـ ی سے یسیرُ ـ ہ سے ھادیُ ـ ت سے توابُ ـ ح سے حیُ ـ ص سے صبورُ ـ ب سے بدوحُ۔

| نمبر شمار | ورد | تعداد |
|---|---|---|
| 1 | یالطیفُ بحق لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 103 |
| 2 | یاقویُ بحق لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 116 |
| 3 | یادائمُ بحق لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 100 |
| 4 | یاجوادُ بحق لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 104 |
| 5 | یااللہُ بحق لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 66 |
| 6 | یاکریمُ بحق لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 90 |
| 7 | یامعزُ بحق لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 90 |
| 8 | یارحمنُ بحق لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 100 |
| 9 | یاسبوحُ بحق لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 103 |
| 10 | یاودودُ بحق لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 101 |

درود و قصر کی مجلس ۲۲۸/۱۷ صفر بمقام مرکزی امام بارگاہ قصر شاہ نجف ساندہ سادات گروپ ۔ بانی سید محمد اصغر علی رضوی



CamScanner

| نمبر شمار | ورد | تعداد |
|---|---|---|
| 11 | یا نذیرُ بحق لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 105 |
| 12 | یا فتاحُ بحق لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 102 |
| 13 | یا عزیزُ بحق لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 130 |
| 14 | یا زکیُ بحق لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 100 |
| 15 | یا یسیرُ بحق لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 100 |
| 16 | یا هادیُ بحق لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 101 |
| 17 | یا توابُ بحق لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 103 |
| 18 | یا حیُ بحق لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 90 |
| 19 | یا صبورُ بحق لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 100 |
| 20 | یا بدوحُ بحق لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | 101 |

عروج ماہ جمعہ کے دن یا زہرہ مشتری کی تثلیث میں ساعت زہرہ میں نقش زعفران کی روشنائی سے بنائیں یا پھر چاندی کے پترے پر کندہ کرلیں اور بتائے ہوئے طریقے کے مطابق نقش یا لوح کو سامنے رکھ کر تعداد کے مطابق ورد کریں۔ بعد ورد لوح کو اپنے پاس محفوظ کرلیں۔

[redacted]

شمکائیل　　بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ　　شفقیائیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| علی حسن بن فاطمه | لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ | عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ | عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ |
| ۱۱۱۹ | ۹۴۲ | ۴۱۶ | ۸۳۴ |
| ۹۴۱ | ۱۱۱۶ | ۸۳۷ | ۴۱۷ |
| ۸۳۶ | ۴۱۸ | ۹۴۰ | ۱۱۱۷ |

کہیعص　　حمعسق

فقطلشائیل　　لوبیائیل

اکثر چیزوں کے گم ہوجانے سے لوگوں کو بہت پریشانی ہوتی ہے۔ پس جس کو اس قسم کی پریشانی دوپہر سے پہلے پیش آئے وہ تین مرتبہ درج ذیل دعا پڑھ کر دستک دے یعنی تین مرتبہ ایک ہتھیلی دوسری ہتھیلی پر مارے پھر تلاش کرے ان شاء اللہ وہ شے مل جائے گی۔ اگر دوپہر کے بعد پریشانی پیش آئے تو اسی ترکیب سے دوسری دعا تین مرتبہ پڑھے اور دستک دے کر تلاش کرے۔

| | |
|---|---|
| قبل دوپہر کی دعا | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰهِ |
| بعد دوپہر کی دعا | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰهِ |



CamScanner

مجرب

# حرزِ ذوالفقار
## کی روحانی تاثیر

امامیہ جنتری

03 111 888 668 Youtube ImamiaJantriOfficial

انسانی تاریخ میں جادو، سحر، نظرِ بد اور حسد ایک ایسی حقیقت ہے جسے تمام مذاہب اور تہذیبوں نے تسلیم کیا ہے۔ جادو یا سفلی علم دراصل منفی روحانی طاقتوں کا استعمال ہے جس کے ذریعے کسی انسان کو جسمانی، ذہنی یا روحانی طور پر نقصان پہنچایا جاتا ہے۔ قرآنِ مجید میں بھی جادو، نظرِ بد اور حسد کا ذکر موجود ہے اور ان سے بچاؤ کے طریقے بھی واضح طور پر بیان کیے گئے ہیں۔ دراصل یہ تینوں ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں حسد وہ جذبہ ہے جو دل میں کسی کی نعمت یا کامیابی دیکھ کر پیدا ہوتا ہے، یہی حسد جب شدت اختیار کرتا ہے تو کبھی نظرِ بد کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے اور کبھی کالا جادو بن کر انسان کی زندگی پر اثرانداز ہوتا ہے۔ نظرِ بد فوری طور پر اپنا اثر دکھاتی ہے، جب کہ کالا جادو آہستہ آہستہ انسان کے جسم، ذہن اور روح پر گہرے اثرات چھوڑتا ہے۔ ان منفی قوتوں کے زیرِ اثر انسان کی زندگی میں بے برکتی، خوف، گھبراہٹ، بیماری، نااتفاقی، رشتوں میں دوری، کاروباری نقصان اور ذہنی دباؤ پیدا ہوتا ہے۔

**جادو، نظرِ بد اور حسد کے اثرات:** جادو کے اثرات بہت آہستہ ظاہر ہوتے ہیں، جبکہ نظرِ بد کے اثرات بہت جلدی ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں جادو کے زیرِ اثر انسان ابتدا میں محض ذہنی بے چینی محسوس کرتا ہے، لیکن وقت کے ساتھ ان کے اثرات گہرے ہوتے جاتے ہیں۔ ان علامات میں بلاوجہ خوف یا بے چینی، نیند کا نہ آنا، ڈراؤنے خواب، جسم میں بھاری پن، چکر یا کمزوری، کاروبار یا نوکری میں رکاوٹ، گھریلو جھگڑے، رشتہ طے نہ ہونا، بچوں کا ضدی یا بیمار رہنا، اور دل کا گھبراہٹ میں مبتلا رہنا شامل ہیں جبکہ۔ قرآنِ مجید میں "وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ" کے ذریعے اس برائی سے پناہ مانگنے کی تعلیم دی گئی ہے۔

**روحانی و نفسیاتی اثرات:** جادو، حسد اور نظرِ بد انسان کی روحانی توانائی کو کمزور کرتے ہیں۔ جس طرح جسم بیماری سے کمزور ہوتا ہے، اسی طرح روح بھی منفی توانائی کے زیرِ اثر آجاتی ہے۔ انسان عبادت سے غافل، دل سے بے چین اور ذہن سے بوجھل محسوس کرتا ہے۔ کبھی کبھی یہ اثرات رشتوں میں دوری، روزگار میں رکاوٹ یا اچانک پیش آنے والے حادثات کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں۔

**جادو اور نظرِ بد سے نجات کے اسلامی اطوار:** اسلام میں ان اثرات سے نجات کے لیے سب سے مؤثر ذریعہ روزانہ اذکارِ صبح و شام کی پابندی، سورۃ البقرہ کی تلاوت، آیت الکرسی، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کا ورد ہے۔ رسولِ اکرمؐ نے فرمایا: سورۃ البقرہ پڑھا کرو، اس کو حاصل کرنا برکت ہے، ترک کرنا حسرت، اور باطل پرست اس کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔" نماز کی پابندی، قرآن کی تلاوت اور دل کو ذکرِ الٰہی سے معمور رکھنا روحانی سکون کا ذریعہ ہے۔ جیسا کہ قرآنِ حکیم سورۃ الرعد، آیت نمبر 28 میں ارشاد ہے:

الَّذِينَ آمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُم بِذِكْرِ اللَّهِ
أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ ﴿۲۸﴾

"یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے ہیں اور ان کے دلوں کو یادِ خدا سے اطمینان حاصل ہوتا ہے اور آگاہ ہو جاؤ کہ اطمینان یادِ خدا سے ہی حاصل ہوتا ہے"۔

بعض اوقات انسان کو اپنی حفاظت کے لیے قرآن کی تلاوت کے ساتھ ساتھ روحانی ذرائع اختیار کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ انہیں ذرائع میں سے ایک حرزِ ذوالفقار ہے۔ اس تعویذ میں پانچ عدد نقش مہرِ نبوتؐ اور پانچ علمِ جفر کے اہم نقوش درج ہیں۔ اس کے علاوہ قرآنِ مجید کی اہم سورتیں شامل ہیں، جن میں آیت الکرسی، سورۃ یٰسین، سورۃ المزمل، سورۃ الضحیٰ، سورۃ الم نشرح، چہار قل شریف، سورۃ الفاتحہ، اور سورۃ الکوثر شامل ہیں۔ ان کے ساتھ ایک سو سے زائد دعائیں بھی درج ہیں جن میں دعائے جوشن کبیر و صغیر، نادِ علی اور دیگر حفاظت کی دعائیں شامل ہیں۔

امامیہ جنتری کا یہ خاص تعویذ جادو، نظرِ بد، حسد، جنات، بھوت پریت، وساوس شیطانی، خوف و دہشت، حادثاتِ سفر اور گھریلو ناچاقیوں سے نجات کے لیے مؤثر مانا گیا ہے۔ یہ بیروزگاری، قرض کی ادائیگی، کاروبار میں برکت، ملازمت میں ترقی اور امتحانات میں کامیابی کے لیے بھی مجرب ہے۔ اسے مرد و عورت دونوں ہر حالت میں گلے میں رکھ سکتے ہیں۔ جو شخص خلوصِ نیت اور پختہ یقین کے ساتھ یہ حرز پہنتا ہے، وہ اللہ کے فضل سے ہر بلا و مصیبت سے محفوظ رہتا ہے، اور اس کی زندگی میں امن، سکون اور کامیابی کی روشنی پھیلتی ہے۔ یہ مجرب تعویذ حاصل کرنے کے لیے آج ہی امامیہ جنتری آفیشل نمبر 03111 888 668 پر رابطہ کریں۔

سالانہ مجلس عزا 23 ذیقعد۔ بمقام: سید اولاد علی ضلع جہلم۔ بانی مجلس سید نذیر حسین شاہ کاظمی



CamScanner

66

وجدان

# قرآن کریم سے مجرب عملیات

پیر سید حیدر شیرازی

(ماہر تعویزات و نفسیات)

03 111 888 668 Youtube ImamiaJantriOfficial

السلام علیکم! گزشتہ سال کی کامیابی اور لوگوں کے بے حد اصرار پر آپ کی خدمت میں چند قرانی آیات پر مشتمل مجرب عملیات پیش کر رہا ہوں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ہر پریشانی کا حل اور ہر مرض کی شفا رکھی ہے علم الاعداد اور علم الجفر سے اس کا استعمال بہت آسان اور مؤثر ہے لیکن عام فہم اور آسانی سے سمجھ آنے والا علم ابجد، علم الاعداد ہے اس میں کچھ آیات مخصوص ہیں جن کے پہلے اور آخری حروف کے ابجد نکال کر اس کو خاص الخاص طریقہ سے آزمایا جاتا ہے اور اس کے بعد مخصوص قرآنی آیات کو عوام الناس کے فائدے کے لیے پیش کیا جاتا ہے تا کہ لوگ زیادہ سے زیادہ مستفید ہوسکیں۔

## بندش رزق کھلوانے کے لئے :

إِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ

إِنَّهُ كَانَ بِعِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا (سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر ۳۰، پارہ نمبر ۱۵)

ا+ا: 1+1=2

اس آیت کے پہلے اور آخری حرف کا ابجد 2 آیا ہے، اس آیت کی سوموار اور جمعہ کے دن صبح اور شام تسبیح کریں۔

## شادی یا رشتے کی رکاوٹ کیلئے :

وَأَنكِحُوا الْأَيَامَىٰ مِنكُمْ وَالصَّالِحِينَ مِنْ

عِبَادِكُمْ وَإِمَائِكُمْ ۚ إِن يَكُونُوا فُقَرَاءَ يُغْنِهِمُ اللَّهُ مِن

فَضْلِهِ ۗ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ﴿۳۲﴾ (سورۃ نور آیت ۳۲ پارہ نمبر ۱۸)

و+م: 6+40 = 46، 6+4 = 10، 0+1 = 1

اس آیت کے پہلے اور آخری حرف کا ابجد 1 آیا ہے، اس آیت کو ایک دائرے میں ہلدی سے لکھ کر درمیان میں ان کا نام لکھیں جن کا رشتہ یا تعلق جوڑنا ہو اور اس کو سر سبز درخت سے لٹکا دیں۔

## دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے :

قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنتَ الْأَعْلَىٰ ﴿٦٨﴾

(پارہ 16۔ سورۃ طٰہٰ۔ آیت نمبر 68)

ق+ی: 100+10 = 110، 0+1+1 = 2

اس آیت کے پہلے اور آخری حرف کا ابجد 2 آیا ہے، اس آیت کو سندور اور عرق گلاب سے صبح صادق کے وقت 2 مختلف کاغذوں پر لکھیں اور جس دشمن پر غلبہ چاہتے ہیں اس کا نام معہ والدہ لکھ دیں اور تعویذ اپنے پاس رکھیں، جب بھی دشمن کے سامنے بھی جائے گا اس پر رعب و تقویت رہے گی۔

## کالا جادو یا ٹونہ یا آسیب کے اثر کو زائل کرنے کیلئے :

فَلَمَّا أَلْقَوْا قَالَ مُوسَىٰ مَا جِئْتُم بِهِ السِّحْرُ ۖ إِنَّ اللَّهَ

سَيُبْطِلُهُ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ ﴿٨١﴾

وَيُحِقُّ اللَّهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ ﴿٨٢﴾ تک

(سورۃ یونس، آیت نمبر 82-81)

اس آیت کے پہلے اور آخری حرف کا ابجد 2 آیا ہے، اس آیت کو لکھ کر گھر کی دو سمت یعنی مشرق اور مغرب کی طرف لٹکا دیں یا آسیب زدہ یا خوف زدہ پر دن میں دو مرتبہ دم کریں۔

## محبت و شادی میں کامیابی کے لیے :

أَنِ اقْذِفِيهِ فِي التَّابُوتِ فَاقْذِفِيهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ

بِالسَّاحِلِ يَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّي وَعَدُوٌّ لَّهُ ۚ وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً

مِّنِّي وَلِتُصْنَعَ عَلَىٰ عَيْنِي ﴿٣٩﴾ (سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 39 پارہ نمبر 16)

و+ی: 6+10 = 16، 6+1 = 7

اس آیت کے پہلے اور آخری حرف کا ابجد 7 آیا ہے، اس آیت کو مٹھائی کے سات دانوں پر سات سو دفعہ پڑھ کر مطلوب کو کھلائیں اگر کھلا نہ سکیں تو صاف کاغذ پر سات دفعہ آیت لکھیں اور ہر آیت میں (مَحَبَّةً ) کے بعد مطلوب کا نام معہ والدہ لکھیں اور آیت مکمل کریں اور بھاری وزن تلے رکھ دیں۔ یا محبت کے لیے آتشی زعفرانی عمل کریں جو کہ مجرب اور آزمودہ ہے۔ بشرطیکہ یہ محبت غیر شرعی نہ ہو۔۔۔۔۔ اگر کوئی بات واضح نہ ہو رہی ہو تو امامیہ جنتری آفیشل نمبر 03111 888 668 کے ذریعے رابطہ کریں۔

WWW.IMAMIAJANTRI.COM



CamScanner

# تسبیح مولا علیؑ

## ہر پریشانی کا حل

علی احمد کاشف
روحانی خدمت و مشورہ کیلئے
03 111 888 668 Youtube ImamiaJantriOfficial

امید رونق افروز

محترم قارئین اسلام علیکم! 2014 سے مسلسل ہر سال میرے مضامین پاکستان کی اس عظیم امامیہ جنتری میں شائع ہوتے رہے ہیں، اور آپ حضرات کی پذیرائی حاصل ہوتی رہی ہے، یہ میرے لئے فخر اور ثواب کا ذریعہ ہے۔ صدیق اکبر فاروق اعظم مولائے کائناتؑ کے بارے میں رسول کریمؐ کی مشہور حدیث کا مفہوم ہے کہ اگر تمام درختوں کے قلم بن جائیں تمام سمندروں کی روشنائی بن جائے، تمام جنات حساب کرنے لگیں، تمام انسان لکھنے والے ہو جائیں تو بھی امیرالمومنین علی ابن ابی طالبؑ کے فضائل کا احاطہ نہیں ہو سکتا قلم کم پڑ جائیں گے روشنائی ختم ہو جائے گی، جنات تھک جائیں گے انسان ہار مان لیں گے، لیکن علیؑ فاروق اعظم علیہ سلام کے فضائل نہیں لکھ پائیں گے۔ معزز قارئین کرام سب سے بڑے امام علم لدنی کے حاصل مولا علی علیہ سلام ہیں جو خانہ کعبہ میں عالم ہی پیدا ہوئے، امام کا کوئی دنیاوی استاد نہیں ہوتا، ورنہ استاد امام سے زیادہ قابل احترام ہوتا۔ حضرت امام اعظم علیؑ کی تعلیم کردہ تسبیح پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ فائدہ اٹھائیں اور اپنے ہر مسئلے کا حل حاصل کریں. آیت اللہ بہجت اپنے شاگردوں کو یہ تسبیح پڑھنے کی تاکید فرماتے تھے۔ حضرت امام جعفر صادقؑ کے فرمان کا مفہوم ہے کہ اگر آپ اپنی نماز کی قبولیت چاہتے ہیں تو ہر نماز کے فوراً بعد ہماری دادی فاطمۃ الزہرہؑ کی تسبیح پڑھیں۔ (اول و آخر درود بر محمدؐ و آل محمدؐ، 34 مرتبہ اللہ اکبر، 33 مرتبہ الحمد للہ، 33 مرتبہ سبحان اللہ) اور ہماری جدہ خاتون جنت کے قاتلین پر لعنت بھیجیں ہم وعدہ کرتے ہیں کہ آپ کی نماز قبول ہوگی۔ (نماز وضو دل و دماغ طریقہ اہلبیتؑ پر ہونا ضروری ہے، سورۃ المائدہ آیت نمبر 6 کے مطابق وضو نہیں تو کچھ بھی نہیں)۔ تو عزیزان من امام اعظم حضرت علیؑ کی تسبیح کے کچھ عظیم فوائد پیش خدمت ہیں۔

یہ تسبیح پڑھنے والا اپنی منزل کمال تک پہنچ جاتا ہے، نماز قبول ہو جاتی ہے، دماغی امراض سے شفا، وہم اور وسوسوں سے نجات، برے اور فاسد خیالات سے نجات، موت کے خوف سے امان، ڈپریشن سے نجات ملتی ہے، حادثات، خدشات، خطرات تخریب کاری ایکسیڈنٹ سے تحفظ کیلئے اپنے مقام سے پڑھ کر نکلیں۔ یہ تسبیح ہر اس شخص کے لیے روحانی ڈھال ہے جو دنیاوی اور اخروی فتنوں سے محفوظ رہنا چاہتا ہے۔ خصوصاً نوجوان نسل جو ذہنی دباؤ اور الجھنوں کا شکار ہے، ان کے لیے یہ تسبیح ایک روحانی سہارا بن سکتی ہے۔ روحانیت میں ترقی ملتی ہے، خلائق میں عزت بڑھتی ہے، شیاطین جنات خوفزدہ ہو کر راستہ چھوڑ دیتے ہیں اور سب سے بڑا فائدہ یہ کہ آخرت میں 1000 درجات ملیں گے، ان میں کم سے کم درجہ یہ ہے کہ رسول کریمؐ کے جوار میں جگہ ملے گی، اندازہ کریں کہ سب سے کم درجہ اتنا بڑا ہے تو بقیہ 999 درجات کتنے بڑے ہوں گے؟ دوسرا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ دنیا میں ایک ہزار بلائیں دور ہوں گی ان میں سب سے چھوٹی بلا یہ ہے کہ یہ تسبیح پڑھنے والا کبھی مرتد نہیں ہوگا، یعنی اسلام سے کفر پر نہیں پلٹے گا، اگر اس کی تلاوت نے سب سے چھوٹی بلا کفر سے دوری ہوگی تو بقیہ 999 بلائیں کتنی بڑی بڑی ہوں گی؟ یہ تسبیح ہر مسئلے، ہر پریشانی ہر مصیبت سے نجات کا ذریعہ ہے، اس تسبیح کے ساتھ اگر انسان رزق حلال کی نیت، والدین کی خدمت اور نماز اول وقت کی پابندی اختیار کرے تو ان شاء اللہ اس کی زندگی میں برکت ہی برکت ہو جائے گی۔ اس تسبیح کی برکت سے ہر وہ شخص مستفید ہوگا جس نے دامن اہلبیتؑ کو مضبوطی سے تھام رکھا ہوگا۔

طریقہ: براء بن عازب نے امام علیؑ سے اپنی پریشانیوں اور موت کے خوف کا ذکر کیا تو آپؑ نے فرمایا کہ واجب نماز کے بعد 10 مرتبہ سبحان اللہ۔ 10 مرتبہ الحمد للہ، 10 مرتبہ اللہ اکبر اور 10 مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھ لیا کرو۔ بہترین نتائج کیلئے تسبیح کے اذکار عجلت میں نہ پڑھیں، حروف اور الفاظ کی ادائیگی بہترین طریقے سے کریں۔ اس تسبیح کو مولا علیؑ کی تسبیح بھی کہا جاتا ہے۔ نماز کے فوراً بعد تسبیح جناب سیدہ کے بعد میں پڑھا جاتا ہے۔ یہ قلیل سا ذکر فضائل میں بہت کثیر ہے۔ جیسا کہ امام جعفر صادقؑ نے فرمایا تسبیح جناب فاطمہ زہراؑ کے بعد اللھم العن قتلة الفاطمة ﷺ الزهرا پڑھنا ہے، اسی طرح تسبیح مولا علیؑ کے بعد اللھم العن قتلة الامیر المومنین ﷺ پڑھنا ہے، خیال رہے ہاتھ میں دامن امیرالمومنینؑ ہو، دامن قاتلین نہ ہو ورنہ تمام عبادتیں اور یہ تسبیح ضبط ہو جائیں گی۔ آج جب ہر طرف روحانی بے سکونی، جسمانی بیماریوں اور قلبی الجھنوں کا دور ہے، ایسے میں یہ تسبیح امید، تحفظ اور نور کا پیغام ہے۔ اسے اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنائیں۔ ہر قسم کے روحانی مسائل کیلئے دیئے گئے نمبر 03111 888 668 پر رابطہ کریں۔

کشکول عمل

# اسمِ اعظم کا فیض

## وسعتِ رزق سے شفا تک

زاہد حسین جعفری
(روحانی مشیر)
03 111 888 668
Youtube ImamiaJantriOfficial

### دعا اسم اعظم عمل وسیلہ برائے وسعت رزق

دعا عمل ایک وسیلہ ہوتا ہے بے نیاز خالق قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے کہ اے ایمان والو! مجھ تک پہنچنے کیلئے وسیلہ ڈھونڈو، محمدؐ و آلِ محمدؐ ہمارے لئے بہترین وسیلہ ہیں۔ بے نیاز خالق صرف متقیوں کے اعمال قبول فرماتا ہے دعا ایک اسم اعظم ہوتی ہے یہ نظر نہیں آتی مگر اس میں طاقت اتنی ہوتی ہے کہ یہ فرش سے عرش تک لے جاتی ہے، ضامن غریباں غریب الغربا، حضرت امام رضاؑ کا فرمان ہے کہ رب کعبہ کی قسم ہم ہی اسماء الحسنیٰ ہیں، قادر مطلق ہماری ہی معرفت اور وسیلہ کے بغیر کوئی عمل قبول نہیں کرتا۔ یہ دعا سلطان الانبیاء، پیغمبر اعظم حضرت محمد مصطفیٰ سے منسوب ہے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ

فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا

یہ دعا ہر واجب نماز کے بعد تلاوت کریں، اس دعا کی تلاوت کی برکت سے بیماری و تنگدستی دور ہوگی، وسیع رزق و دولت ملے گی ان شاء اللہ۔

### اسم اعظم برائے فراوانی رزق

وسعت رزق کیلئے یہ ایک مجرب عمل ہے صاحب کتاب کا آزمودہ عمل ہے کبھی خطا نہیں جاتا، بس پڑھنے والا ہی جان سکتا ہے آپ ہر واجب نماز کے بعد وسعت رزق کیلئے اپنا وظیفہ بنا لیں، ناغہ نہیں کرنا پھر دیکھیں پردہ غیب سے کس طرح رزق کی فراوانی ہوتی ہے۔ سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 26 اور 27 بسم اللہ کے ساتھ 5 مرتبہ پڑھیں،

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ

تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ

تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

قَدِيْرٌ (۲۶) تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ

وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ

وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (۲۷)"

اس کے بعد ہاتھ اٹھا کر

یا رحمٰن الدنیا والآخرة | یا رحیم الدنیا والآخرة

اور اس کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اپنے رزق میں فراوانی کیلئے دعا کریں۔ امید سے زیادہ کامیابی ہوگی۔ اس دعا کے ساتھ دیا گیا نقش انگوٹھی کے اندر بنوا کر پہنیں۔

### (نقش برائے فراوانی رزق)

الٓمٓ المٓصٓ الٓرٰ المٓرٰ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰهٰ
طٰسٓمٓ طٰسٓ یٰسٓ صٓ حٰمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

| | | |
|---|---|---|
| ۲۱۲۵۳ | ۲۱۲۴۸ | ۲۱۲۵۵ |
| ۲۱۲۵۴ | ۲۱۲۵۲ | ۲۱۲۵۰ |
| ۲۱۲۴۹ | ۲۱۲۵۶ | ۲۱۲۵۱ |

میکائیل

★★★★★★★★★

### مرض کینسر، سرطان

مرض کینسر ایک خطرناک مرض ہے، قابل علاج ہے لیکن استطاعت سے باہر علاج ہے۔ سن 2018 میں، امامیہ جنتری میں، میں نے تعویز اور دعائیں بتائیں تھی، ڈاکٹروں کی جانب سے لاعلاج قرار دیا گیا مرض کو ختم کرنے میں بہت کامیابی ہوئی تھی، حسب فرمائش دوبارہ بھیج رہا ہوں۔ اگر کینسر کے مریض کو ڈاکٹری علاج سے افاقہ نہ ہوتا ہو تو یہ نقش خالص زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ آب نیساں، آب خضر مصطفائی اور آب طاہر جو کہ تمام مزارات سے آب زم زم سعودی عرب، کربلا، شام اور ضامن غریباں، غریب الغربا، حضرت امام علی رضا کے روضہ سے جمع کیا گیا پانی، نقش نوروز کا پانی بھی ہوگا، جس کو میں نے آب طاہر اور آب خضر مصطفائی کا نام دیا ہے۔ شفائے کاملہ تو رب کریم کے ہاتھ میں ہے وہی بیماری دیتا ہے وہی شفاء دیتا ہے، باقی تمام اسباب تو صرف وسیلہ بنتے ہیں۔ اس کے علاوہ سات سلام، سورۃ حشر کی آخری چار آیات اور یہ دعا اسم اعظم پڑھ کر دعا کریں اپنے گناہوں کی

مغفرت کریں۔ منقول ہے کہ یہ دعا خاک شفا سے لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر مریض کو پلائیں، ان شاء اللہ مریض ہر قسم کے دردوں سے شفایاب ہوگا۔

بِسْمِ اللهِ الشَّافِي الْكَافِي بِسْمِ اللهِ الْمُعَافِي اللهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ

## (نقش برائے شفایابی کینسر)

المٓ المٓصٓ الرٓ المٓرٓ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ
طٰسٓمٓ طٰسٓ یٰسٓ صٓ حٰمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ

إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۳۳۴۸ | ۳۳۳۵۱ | ۳۳۳۵۴ | ۳۳۳۴۰ |
| ۳۳۳۵۳ | ۳۳۳۴۱ | ۳۳۳۴۷ | ۳۳۳۵۲ |
| ۳۳۳۴۲ | ۳۳۳۵۶ | ۳۳۳۴۹ | ۳۳۳۴۶ |
| ۳۳۳۵۰ | ۳۳۳۴۵ | ۳۳۳۴۳ | ۳۳۳۵۵ |

میکائیل

★ ★ ★ ★ ★ ★ ★ ★ ★

## بیٹیوں کی بخت کشائی، بندلیکھ کھولنا

یہ عمل سلطان الانبیاء حضرت محمدؐ سے منسوب ہے۔ والدین شادی کی وجہ سے پریشان ہوں، سخت سے سخت بندش لگی ہو، کسی نے بغض وعناد کی وجہ سے بندش لگادی ہو، رشتہ طے ہو کر ٹوٹ جاتا ہو، ایسے میں سورۃ الاحزاب کا نقش بہت کامیاب ہوا ہے، تقریباً پندرہ سال سے یہ نقش دے رہا ہوں، بہت سی دعائیں سمیٹی ہیں۔ ہرن کی جھلی پر نقش سورۃ الاحزاب بمعہ آیت سورۃ الذاریات مل سکتا ہے۔ بے نیاز خالق پنجتن پاکؑ ہر بچے کا بخت بلند کرے۔ آمین

## (نقش برائے بخت کشائی)

المٓ المٓصٓ الرٓ المٓرٓ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ
طٰسٓمٓ طٰسٓ یٰسٓ صٓ حٰمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ

إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۸۸۱۳ | ۸۸۸۱۷ | ۸۸۸۳۰ | ۸۸۸۰۷ |
| ۸۸۸۱۹ | ۸۸۸۰۸ | ۸۸۸۱۳ | ۸۸۸۱۸ |
| ۸۸۸۰۹ | ۸۸۸۲۳ | ۸۸۸۱۵ | ۸۸۸۲۰ |
| ۸۸۸۱۶ | ۸۸۸۱۱ | ۸۸۸۱۰ | ۸۸۸۳۱ |

میکائیل

★ ★ ★ ★ ★ ★ ★ ★ ★

جو کرم فرما خود نقش تیار نہ کر سکیں مجھ سے رابطہ کر کے تیار کروائیں۔

03111 888 668

# زوجین کے درمیان محبت کے لئے

میاں بیوی کے درمیان اتفاق و محبت میں اضافے کے بہت سے عوامل ہیں کہ جن میں سے اہم ایک دوسرے کا احترام ہے۔ دونوں کی ایک دوسرے کے لئے کچھ ذمہ داریاں ہیں جنہیں پورا کرنا لازم ہے جیسے کہ احترام، اپنے ہمسفر کو اہمیت دینا، مناسب امورِ زندگی کو مہیا کرنا، فضول اور بے نتیجہ بحث و مباحثہ نہ کرنا، صداقت، امانت، فداکاری اور ایک دوسرے کو معاف کرنا۔ یہ کچھ ایسی باتیں ہیں جو آپ کی زندگی کو بہتر بنا سکتی ہیں۔ ان کے علاوہ کچھ ایسی دعائیں ہیں جو یقیناً آپ کو فائدہ دیں گی۔

1۔ اگر میاں بیوی آپس میں ناراض ہوں اور ایک دوسرے کو دیکھنا بھی گوارا نہ ہو تو کوئی تیسرا شخص ان کی طرف سے وسیلہ بنتے ہوئے یہ عمل انجام دے سکتا ہے۔ 1001 مرتبہ "یاوَدود" کو شیرینی کے دو ٹکڑوں پہ پڑھ کر انہیں کھلا دے یا شربت پہ پڑھ کر انہیں پلا دے۔

2۔ شیرینی یا شربت پہ ایک بار سورہ واقعہ پڑھ کر بلا فاصلہ فوراً میاں اور بیوی کو کھلایا پلا دیا جائے، ان کے مابین محبت و اتفاق قائم ہوگا۔

3۔ میاں بیوی کے درمیان اختلاف ہو تو اس اختلاف کو ختم کرنے کے لئے ایک مرتبہ درود پڑھیں اور اس کے بعد سورہ نساء پڑھیں اور اس کے بعد 11 مرتبہ درود پڑھیں، ان شاء اللہ زوجین ایک دوسرے کے مُحِب ہو جائیں گے۔

4۔ میاں اور بیوی ایک دوسرے کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے کیلئے 11 مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

وَالضُّحٰى. وَاللَّيْلِ إِذَا سَجٰى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى

وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْأُولٰى. وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ

فَتَرْضٰى أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيمًا فَآوٰى وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدٰى

وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنٰى. فَأَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ

العجل العجل العجل الساعة الساعة الساعة الوحا الوحا الوحا

فلان بن فلان علی حب فلانه بنت فلانه. فلاں بن فلانه

کی جگہ شوہر اور اس کی ماں کا نام اور فلانہ بنت فلانہ کی بجائے بیوی اور اس کی ماں کا نام لینا ہے۔ یہ عملیات اعتقاد کے ساتھ انجام دیں ان شاء اللہ فائدہ مند ثابت ہوں گے۔

راہِ خدا

# نقوشِ امر ثاقب الجرس

## صدیوں سے پوشیدہ ایک نئی حقیقت

افضال حیدر
روحانی مشیر
03 111 888 668
Youtube ImamiaJantriOfficial

(فیض از جناب سرکار باب الحوائج امام موسیٰ کاظم علیہ السلام)

معزز قارئین امامیہ جنتری 2026 اسلام علیکم!! میں امامیہ جنتری کے تمام منتظمین اور مدیر اعلیٰ صاحب کا تہہ دل سے ممنون و مشکور ہوں جنہوں نے مجھے موقع عطا فرمایا کہ میں میرے مولا امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کا عطا کردہ سلسلہ نقوش امر کے نادر و نایاب نقوش میں سے 16 خانوں والا نقش مثلث آپ کی خدمت میں پیش کرسکوں۔ جو کہ نہایت ہی مجرب و سریع الاثر جو تمام جملہ حاجات میں تیر بہ حدف قرار پانے والا یہ نقش ہر جائز کام کے لیئے سعد ترین ساعات اتصال میں خالص مشق، زعفران و عرق گلاب تحریر کریں اور اپنی توقعات سے بڑھ کر نتائج حاصل کریں۔ میرے پاس اس نقش ثاقب الجرس کی 16 چالیں ہیں سردست اس نقش کی 10 دسویں چال حاضر خدمت ہے۔ یہ نقش 16 خانوں پر مشتمل ہے ہر چار خانوں کا مجموعہ 40 ہے۔ جس مقصد کے لیئے نقش لکھنا مقصود ہو مثلاً: بیماری، نوکری، شادی، سفر، روزگار کاروبار میں ترقی اور سحر بندش شر شیاطین سے محفوظ رہنے کے لیئے وغیرہ وغیرہ۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ نام سائل کے اعداد معہ والدہ + مقصد کے اعداد + 40 قانون کے لیں سب کو جمع کریں اور قلیہ کے 36 منفی کر کے 4 پر تقسیم کریں، جو حاصل ہو خانہ اول میں رکھ کر ایک کے اضافے سے نقش پُر کریں۔ باقی (0) بچے تو کسر نہیں ہوگی اگر (1) بچے تو کسر خانہ نمبر 7 اور 11 میں کسر ہوگی باقی (2) کسر خانہ نمبر 11 میں ہوگی (حاصل سے 1- منفی ہوگا) باقی (3) بچے تو کسر خانہ نمبر 7 میں ہوگی۔

**مثال:** نام اسد بن زاہدہ + مقصد بیماری سے نجات (کینسر) + قانون کے اعداد 40 = قلیہ کے اعداد منفی کریں 36 اور تقسیم 4 سے کریں۔

اسد + زاہدہ + کینسر + قانون = ٹوٹل اعداد

107=4 تقسیم 431 =36 −467=40 +340+22+65

حاصل ہوا۔ اور باقی بچا 3 — اب کسر خانہ نمبر 7 میں ہوگی۔

نقش پُر کرنے کے لیئے مشق خالص، زعفران اور عرق گلاب کا محلول تیار کریں۔

1. دشمن کو زیر کرنے کے لیئے، قمر در عقرب میں نقش تحریر کریں
2. شادی میں رکاوٹ، یا بندش کے لیئے ساعت زہرہ (اتصال) میں تحریر کریں۔
3. روزگار کے لئے ساعت شرف شمس میں تحریر کریں۔
4. گھریلو ناچاقی میاں بیوی اور دوستوں کی ناراضگی ختم کرنے کے لئے اور تسخیر خلائق کے لئے کسی بھی سیارے کی نیک ساعت میں تحریر کریں۔
5. حفاظت جسم و جان و مال حفاظت سواری، مکان و دکان، شر شیاطین، سحر بندش، جن بھوت پریت سحر جادو کے لیئے ساعت قمر میں تحریر کریں۔

**عمل اسم اعظم:** دو رکعت نماز نفل بعد نماز مغربین مصلے پر بیٹھے رہیں اور اسم اعظم کا ورد کریں جو درج ذیل ہیں۔ اول آخر 21 مرتبہ درود شریف درمیان میں تعداد کے مطابق اسم اعظم ورد کرنا ہے۔ ہر شخص جو نقش کا متمنی ہو اپنے نام کے مقسومی عدد کے مطابق اسم اعظم منتخب کرے اور عمل کرے۔ اسم اعظم درج ذیل ہیں۔

1. یا واحدُ یا ولیُ / یا مؤمن یا مھیمن 2. یا والیُ یا متعالیُ / یا واسعُ یا ودودُ
3. یا ماجدُ یا مجیبُ / یا الله یا وکیلُ 4. یا عزیزُ یا شکورُ / یا محصیُ یا مُحیُ
5. یا وارثُ یا وھابُ / یا بدیعُ یا باقیُ 6. یا حکیمُ یا رحیمُ / یا سلامُ یا علیمُ
7. یا کبیرُ یا معیدُ / یا غنیُ یا رؤفُ 8. یا قویُ یا قدوسُ / یا حمیدُ یا حفیظُ
9. یا سمیعُ یا کریمُ / یا باسطُ یا رافعُ

اپنے منتخب کردہ اسم اعظم کے بعد "برَحمَتِکَ اَستَغِیثُ" کا اضافہ کرلیں۔

**مثال:** یَا عَلِیُّ یَا عَظِیمُ بِرَحمَتِكَ اَستَغِیثُ

**نوٹ:** جو حضرات خود نہ بنا سکیں وہ ہم سے امامیہ جنتری آفیشل نمبر 03111 888 668 کے ذریعے رابطہ کرلیں۔

چال 10






جابر علی
المعروف شایان علی
(ماہر علوم مخفی)

بندگی

# ہفتہ وار اسم اعظم

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! گذشتہ سے پیوستہ کا تسلسل قائم رکھتے ہوئے جدید تحقیق حاضر ہے۔ میری روزمرہ تحقیق میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ علم الاعداد میں اعداد کی قوت یقینی اور اٹل ہے انتہائی قوی الاثر ہے اس سے آنیوالے مسائل کو لاحق بیماریوں کے متعلق درست معلومات حاصل ہوتی ہیں اور ہفتہ کے حاصلہ برج کے عدد قسمت کے اسم اعظم کو ایک ترتیب سے ورد کرنے سے بہت سے مسائل سے بھی خلاصی ممکن ہوتی ہے اس کی وضاحت پیش خدمت ہے۔ **(قاعدہ 1)** اپنے نام سے برج معلوم کریں جو کہ قبل ازیں ایک گذشتہ کالم میں بتایا جا چکا ہے۔ **(قاعدہ 2)** ہفتہ کا مجموعی عدد حاصل کریں جس کا طریقہ یہ ہے کہ اتوار سے آئندہ ہفتہ تک تاریخیں مع یوم نوٹ کریں اور ہر تاریخ کا جمل اس کے سامنے لکھ دیں پھر اس کے بعد ان حاصلہ اعداد سے تمام ہفتہ کا مجموعی عدد حاصل کریں اور اس حاصلہ مجموعی عدد کو اپنے معروف نام کے برج کے عدد قسمت میں جمع کریں جو عدد مفرد حاصل ہو وہ آپ کا اس ہفتہ کا عدد قسمت ہوگا بعد ازاں جدول اسماالحسنیٰ سے اس مفرد عدد کا کوئی اسم الٰہی جو آپ کے نام کے ابتدائی حرف کے مزاج سے موافقت رکھتا ہو کو اپنا ورد بنالیں تمام ہفتہ وہ ورد جاری رکھیں خاص کر جب کوئی خاص مقصد ہو تو اپنے برج کے عدد قسمت یا برج کے موافق برج کے عدد قسمت مطابق تاریخ کا عدد قسمت دیکھیں مطابقت کر رہا ہو تو اس میں مطابق مقصد ورد کی کثرت کریں ان شاء اللہ سو فیصد مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔

| تاریخ کا مفرد عدد | مقاصد ورد و اسماء الحسنیٰ بمطابق مفرد عدد |
|---|---|
| ۱ | اختلاج قلب و دیگر امراض قلب۔ حصول مراتب۔ پرموشن۔ نمایاں پوزیشن کا حصول |
| اسماء الحسنیٰ | الرحمن، المومن، المهيمن، المقيت، الجليل، المجيب، الولى، الواحد، الاول، الرشيد، الصبور |
| ۲ | امراض جگر سے شفایابی۔ دشمنی کو دوستی میں بدلنا۔ من پسند شادی |
| اسماء الحسنیٰ | الخالق، الرزاق، الخبير، العلى، الواسع، الودود، المبدى، الوالى، المتعالى، ذوالجلال والاكرام، المقسط، المغنى، الضار، الهادى، المنعم |
| ۳ | امراض معدہ و لبلبہ سے شفایابی۔ حصول مال و دولت۔ کاروبار میں اضافہ۔ بیرون ملک سفر |
| اسماء الحسنیٰ | الله، المصور، الغفار، الفتاح، القابض، اللطيف، العظيم، المجيد، الوكيل، القيوم، الماجد، العفو، النافع |
| ۴ | بلڈ پریشر سے تحفظ۔ اعلیٰ عہدہ کا حصول۔ نئی تحقیق میں کامیابی |
| اسماء الحسنیٰ | العزيز، الشكور، الشهيد، المحصى، المميت، الاحد، المقدم، البر، التواب، النور، الستار |
| 5 | ذہنی عوارض کا خاتمہ۔ سیاست میں کامیابی۔ مقدمات میں فتح ہونا۔ بہترین عالم بننا۔ حصول تعلیم۔ |
| اسماء الحسنیٰ | السلام، المتكبر، الوهاب، الخافض، المذل، البصير، الحكم، العدل، المتين، المحى، الواجد، مالك الملك، الباقى، الوارث، البديع |
| ٦ | امراض گردہ سے شفایابی۔ صاحب اولاد ہونا۔ حصول محبت۔ اتفاق زوجین |
| اسماء الحسنیٰ | الرحمن، البارى، العليم، الرقيب، الحكيم، الباعث، المقتدر، الجامع |
| ۷ | امراض چشم سے نجات جادو ٹونہ سے حفاظت۔ روحانی مسائل کا حل۔ زیارات مقدسہ |
| اسماء الحسنیٰ | الحليم۔ الكبير۔ المعيد۔ الرؤف۔ المغنى۔ |
| ۸ | امراض گھٹنہ و جلد سے نجات۔ کینسر سے شفایابی۔ پراپرٹی کی خرید و فروخت میں حصول نفع۔ فقرا مرشد خانہ سے حصول روابط۔ |
| اسماء الحسنیٰ | القدوس، الجبار، الغفور، الحسيب، القوى، الحميد، الصمد، القادر، الظاهر، الباطن، المانع |
| ۹ | خونی عوارض سے شفایابی۔ بواسیر کا خاتمہ۔ مقدمات کے ختم ہونے۔ کامیاب آپریشن کے لیے۔ |



CamScanner

**اسماء الحسنیٰ** الملک، القہار، الباسط، الرافع، المعز، السمیع، الکریم، الحق، المؤخر، الآخر، المنتقم۔

**مثال برائے تفہیم:** مثال کے طور پر ہم نے جنوری 2026 کے پہلے ہفتہ کا عدد قسمت معلوم کرنا ہے تو اس کے لیے یہ دیکھنا ہے کہ جنوری کے پہلے ہفتہ میں اتوار کس تاریخ کو بن رہا ہے وہ نوٹ کر لیں اب ہر تاریخ کے سامنے اس کا عدد قسمت لکھتے جائیں پھر تمام ہفتہ کے اعداد کو جمع کریں اس طرح جو عدد حاصل ہوگا وہ اس ہفتہ کا مجموعی عدد قسمت ہوگا اس میں اپنے برج کا لکی عدد شامل کر کے جو مفرد عدد حاصل ہوگا وہ اس ہفتہ میں آپ کا لکی عدد شمار ہوگا وضاحت درج ذیل ہے۔

04-1-2026=2031=6
05-1-2026=2032=7
06-1-2026=2033=8
07-1-2026=2034=9
08-1-2026=2035=1
09-1-2026=2036=2
10-1-2026=2037=3 Total=36=9

## جدول برج لکی اعداد

| حمل | ثور | جوزا | سرطان | اسد | سنبلہ | میزان | عقرب | قوس | جدی | دلو | حوت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 9 | 6 | 5 | 2 | 1 | 5 | 6 | 9 | 3 | 8 | 4 | 7 |

## عدد قسمت ہفتہ وار سال 2026

| تاریخ ہفتہ وار | 04-01-2026 10-01-2026 | 11-01-2026 17-01-2026 | 18-01-2026 24-01-2026 | 25-01-2026 31-01-2026 | 01-02-2026 07-02-2026 | 08-02-2026 14-02-2026 | 15-02-2026 21-02-2026 | 22-02-2026 28-02-2026 | 01-03-2026 07-03-2026 | 08-03-2026 14-03-2026 | 15-03-2026 21-03-2026 | 22-03-2026 28-03-2026 | 29-03-2026 04-04-2026 | 05-04-2026 11-04-2026 | 12-04-2026 18-04-2026 | 19-04-2026 25-04-2026 | 26-04-2026 02-05-2026 | 03-05-2026 09-05-2026 | 10-05-2026 16-05-2026 | 17-05-2026 23-05-2026 | 24-05-2026 30-05-2026 | 31-05-2026 06-06-2026 | 07-06-2026 13-06-2026 | 14-06-2026 20-06-2026 | 21-06-2026 27-06-2026 | 28-06-2026 04-07-2026 | 05-07-2026 11-07-2026 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حمل | 9 | 4 | 8 | 3 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 6 | 1 | 5 | 9 | 9 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 2 | 6 | 1 | 6 | 4 |
| ثور | 6 | 1 | 5 | 9 | 1 | 5 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 3 | 7 | 2 | 6 | 6 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 8 | 3 | 7 | 3 | 1 |
| جوزا | 5 | 9 | 4 | 8 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 2 | 6 | 1 | 5 | 5 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 7 | 2 | 6 | 2 | 9 |
| سرطان | 2 | 6 | 1 | 5 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 8 | 3 | 7 | 2 | 2 | 5 | 9 | 4 | 8 | 3 | 4 | 8 | 3 | 8 | 6 |
| اسد | 1 | 5 | 9 | 4 | 5 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 7 | 2 | 6 | 1 | 1 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 3 | 7 | 2 | 7 | 5 |
| سنبلہ | 5 | 9 | 4 | 8 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 2 | 6 | 1 | 5 | 5 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 7 | 2 | 6 | 2 | 9 |
| میزان | 6 | 1 | 5 | 9 | 1 | 5 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 3 | 7 | 2 | 6 | 6 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 8 | 3 | 7 | 3 | 1 |
| عقرب | 9 | 4 | 8 | 3 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 6 | 1 | 5 | 9 | 9 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 2 | 6 | 1 | 6 | 4 |
| قوس | 3 | 7 | 2 | 6 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 8 | 9 | 4 | 8 | 3 | 3 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 5 | 9 | 4 | 9 | 7 |
| جدی | 8 | 3 | 7 | 2 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 5 | 9 | 4 | 8 | 8 | 2 | 6 | 1 | 5 | 9 | 1 | 5 | 9 | 5 | 3 |
| دلو | 4 | 8 | 3 | 7 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 9 | 1 | 5 | 9 | 4 | 4 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 6 | 1 | 5 | 1 | 8 |
| حوت | 7 | 2 | 6 | 1 | 2 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 8 | 3 | 4 | 8 | 3 | 7 | 7 | 1 | 5 | 9 | 4 | 8 | 9 | 4 | 8 | 4 | 2 |

| تاریخ ہفتہ وار | 12-07-2026 18-07-2026 | 19-07-2026 25-07-2026 | 26-07-2026 01-08-2026 | 02-08-2026 08-08-2026 | 09-08-2026 15-08-2026 | 16-08-2026 22-08-2026 | 23-08-2026 29-08-2026 | 30-08-2026 05-09-2026 | 06-09-2026 12-09-2026 | 13-09-2026 19-09-2026 | 20-09-2026 26-09-2026 | 27-09-2026 03-10-2026 | 04-10-2026 10-10-2026 | 11-10-2026 17-10-2026 | 18-10-2026 24-10-2026 | 25-10-2026 31-10-2026 | 01-11-2026 07-11-2026 | 08-11-2026 14-11-2026 | 15-11-2026 21-11-2026 | 22-11-2026 28-11-2026 | 29-11-2026 05-12-2026 | 06-12-2026 12-12-2026 | 13-12-2026 19-12-2026 | 20-12-2026 26-12-2026 | 27-12-2026 02-01-2027 | 03-01-2027 09-01-2027 | 10-01-2027 16-01-2027 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حمل | 8 | 3 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 9 | 7 | 2 | 6 | 4 | 9 | 4 | 8 | 3 | 4 | 8 | 3 | 7 | 1 | 1 | 5 | 9 | 3 | 9 | 4 |
| ثور | 5 | 9 | 1 | 5 | 9 | 4 | 8 | 6 | 4 | 8 | 3 | 1 | 6 | 1 | 5 | 9 | 1 | 5 | 9 | 4 | 7 | 7 | 2 | 6 | 9 | 6 | 1 |
| جوزا | 4 | 8 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 5 | 3 | 7 | 2 | 9 | 5 | 9 | 4 | 8 | 9 | 4 | 8 | 3 | 6 | 6 | 1 | 5 | 8 | 5 | 9 |
| سرطان | 1 | 5 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 2 | 9 | 4 | 8 | 6 | 2 | 6 | 1 | 5 | 6 | 1 | 5 | 9 | 3 | 3 | 7 | 2 | 5 | 2 | 6 |
| اسد | 9 | 4 | 5 | 9 | 4 | 8 | 3 | 1 | 8 | 3 | 7 | 5 | 1 | 5 | 9 | 4 | 5 | 9 | 4 | 8 | 2 | 2 | 6 | 1 | 4 | 1 | 5 |
| سنبلہ | 4 | 8 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 5 | 3 | 7 | 2 | 9 | 5 | 9 | 4 | 8 | 9 | 4 | 8 | 3 | 6 | 6 | 1 | 5 | 8 | 5 | 9 |
| میزان | 5 | 9 | 1 | 5 | 9 | 4 | 8 | 6 | 4 | 8 | 3 | 1 | 6 | 1 | 5 | 9 | 1 | 5 | 9 | 4 | 7 | 7 | 2 | 6 | 9 | 6 | 1 |
| عقرب | 8 | 3 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 9 | 7 | 2 | 6 | 4 | 9 | 4 | 8 | 3 | 4 | 8 | 3 | 7 | 1 | 1 | 5 | 9 | 3 | 9 | 4 |
| قوس | 2 | 6 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 3 | 1 | 5 | 9 | 7 | 3 | 7 | 2 | 6 | 7 | 2 | 6 | 1 | 4 | 4 | 8 | 3 | 6 | 3 | 7 |
| جدی | 7 | 2 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 8 | 6 | 1 | 5 | 3 | 8 | 3 | 7 | 2 | 3 | 7 | 2 | 6 | 9 | 9 | 4 | 8 | 2 | 8 | 3 |
| دلو | 3 | 7 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 4 | 2 | 6 | 1 | 8 | 4 | 8 | 3 | 7 | 8 | 3 | 7 | 2 | 5 | 5 | 9 | 4 | 7 | 1 | 8 |
| حوت | 6 | 1 | 2 | 6 | 1 | 5 | 9 | 7 | 5 | 9 | 4 | 2 | 7 | 2 | 6 | 1 | 2 | 6 | 1 | 5 | 8 | 8 | 3 | 7 | 1 | 4 | 2 |



CamScanner

# ہدیہ اعمال

# قرآن کی تاثیر

## آزمودہ و بے نظیر

سید تجمل حسین شیرازی

(ماہر عملیات)

03 111 888 668 —— Youtube ImamiaJantriOfficial

انسان ہمیشہ مسائل اور آزمائشوں میں گھرا رہتا ہے، لیکن بارگاہِ لم یزل سے قرآن پاک کی آیات کے ذریعے ایسی روحانی مدد نصیب ہوتی ہے جس کی تاثیر بے مثل ہے۔ اس کالم میں مختلف مسائل کے حل قرآن کی مبارک آیات سے پیش کیے جا رہے ہیں۔ ہر عمل کے شروع اور آخر میں 9 مرتبہ درود شریف پڑھنا ضروری ہے تا کہ دعا کی قبولیت میں تاخیر نہ ہو۔

### 1۔ رزق میں کشادگی

آیت

وَمَا مِن دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللَّهِ رِزْقُهَا (سورہ ہود: 6)

زمین پر چلنے پھرنے والا کوئی جاندار نہیں مگر اس کا رزق اللہ کے ذمہ ہے

**عمل:** روزانہ 111 مرتبہ اس آیت کو پڑھیں۔ اول و آخر 9 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

**مزید فوائد:** یہ عمل فاقہ کشی کو ختم کرتا ہے، روزگار میں کشادگی آتی ہے، دروازے ایسے کھلتے ہیں جیسے سوکھی زمین پر بارش برسے، اور دسترخوان نعمتوں سے بھر جاتا ہے۔

### 2۔ دل کا سکون اور غم کا ازالہ

آیت

أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ (سورہ الرعد: 28)

خبردار! اللہ کے ذکر سے ہی دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہے

**عمل:** روزانہ فجر کے بعد 313 مرتبہ پڑھیں مع اول و آخر درود پاک 9 مرتبہ

**مزید فوائد:** غموں کی دھند چھٹ جاتی ہے، دل کو ایسا سکون نصیب ہوتا ہے کہ بندہ شکر کے آنسو بہاتا ہے اور بے چینی امید میں بدل جاتی ہے۔

### 3۔ بیماری سے شفا

آیت

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ (سورہ الشعراء: 80)

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے

**عمل:** روزانہ پانی پر 41 مرتبہ مع اول و آخر درود پاک 9 مرتبہ پڑھ کر مریض کو پلائیں اور 120 یوم جاری رکھیں۔

**مزید فوائد:** درد میں کمی آتی ہے، لاعلاج بیماری میں امید جاگتی ہے، اور شفا کی کرنیں جسم میں اترتی ہیں۔

### 4۔ قرض سے نجات

آیت

رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ (سورہ القصص: 24)

اے میرے رب! میں اس خیر کا محتاج ہوں جو تو مجھ پر نازل فرمائے

**عمل:** روزانہ بعد از نماز فجر 121 مرتبہ پڑھیں اول و آخر درود پاک 9 مرتبہ پڑھیں۔

**مزید فوائد:** قرض کی زنجیریں ٹوٹنے لگتی ہیں، محتاجی ختم ہوتی ہے اور دل مطمئن ہو جاتا ہے۔

### 5۔ مشکلات میں آسانی

آیت

فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا (سورہ الشرح: 5)

پس بے شک تنگی کے ساتھ آسانی بھی ہے

**عمل:** 500 مرتبہ بوقت عصر پڑھیں اول و آخر درود پاک 9 مرتبہ پڑھیں

**مزید فوائد:** تنگی کشادگی میں بدل جاتی ہے، دشواریاں آسان ہوتی ہیں اور دل کو حوصلہ ملتا ہے۔

### 6۔ برکت کاروبار

آیت

بَارَكْنَا فِيهَا (سورہ الانبیاء: 81)

ہم نے اس میں برکت رکھی

**عمل:** کاروبار کے آغاز پر 201 مرتبہ پڑھ کر دکان پر دم کریں اول آخر درود پاک 9 مرتبہ پڑھنا ہے۔

**مزید فوائد:** کاروبار میں ترقی ہوتی ہے، آمدنی بڑھتی ہے اور نقصان دور ہوتا ہے۔



CamScanner

## 7۔ دشمنوں کے شر سے حفاظت

آیت

**حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ** (سورۃ آل عمران: 173)

تمہارے لیے اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے

**عمل:** صبح و شام 450 مرتبہ پڑھیں اول و آخر درود پاک 9 مرتبہ۔

**مزید فوائد:** دشمن کی چالیں الٹ جاتی ہیں، سازشیں ناکام ہوتی ہیں اور اللہ کی حفاظت کی چادر سایہ فگن رہتی ہے۔

## 8۔ اولاد کی محبت

آیت

**وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي** (سورۃ احقاف: 15)

اور میری اولاد میں میرے لیے اصلاح فرما

**عمل:** روزانہ 101 مرتبہ پڑھیں اول و آخر درود پاک 9 مرتبہ پڑھنا ہے۔

**مزید فوائد:** اولاد فرمانبردار ہوتی ہے، رشتوں میں محبت بڑھتی ہے اور گھر جنت بن جاتا ہے۔

## 9۔ گناہوں کی معافی

آیت

**رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا وَإِنْ لَمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ** (سورۃ اعراف: 23)

اے ہمارے رب، ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا، اگر تو نے ہمیں معاف نہ کیا اور ہم پر رحم نہ کیا تو ہم خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائیں گے

**عمل:** نماز تہجد کے بعد 70 مرتبہ پڑھیں اول و آخر 9 مرتبہ درود پاک۔

**مزید فوائد:** توبہ کی قبولیت نصیب ہوتی ہے، دل کو سکون ملتا ہے اور پچھلے گناہ ایسے مٹ جاتے ہیں جیسے کبھی تھے ہی نہیں۔

## 10۔ گھر میں سکون اور محبت

آیت

**وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَوَدَّةً وَرَحْمَةً** (سورۃ روم: 21)

اور تمہارے درمیان محبت اور رحمت پیدا کی

**عمل:** روزانہ مغرب کے بعد 111 مرتبہ پڑھیں اول و آخر درود پاک 9 مرتبہ پڑھیں۔

**مزید فوائد:** گھر محبت کا گہوارہ بنتا ہے، جھگڑے ختم ہوتے ہیں اور رحمت کی خوشبو پھیل جاتی ہے۔

**نوٹ:** ہر قسم کی روحانی مشاورت کیلئے امامیہ جنتری آفیشل نمبر 03111 888 668 کے ذریعے رابطہ کیجیے۔

# غربت کا خاتمہ

## ایک آسان روحانی حل

امیر حیدر

03 111 888 668

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! قارئین امامیہ جنتری کیلئے بہت سی دعائیں اللہ تعالیٰ بصدقہ چہاردہ معصومینؑ امت مسلمہ کی تمام مشکلات و پریشانیاں دور فرمائے۔ علماء و عاملین متقدمین کے فرامین اور تجربات کے مطابق میں ایک آسان عمل پیش کر رہا ہوں۔ ہمیشہ کوشش کی ہے کہ مجبور لوگوں کے کسی کام آسکوں۔ اللہ پاک نے اپنی پاک کتاب قرآن الحکیم میں ہر مسئلے کا حل بتا دیا ہے لیکن انسان نے بجائے قرآن پاک سے حل تلاش کرنے کے، قرآن پاک اور نماز جو ہم پر فرض ہے دوری اختیار کر لی ہے۔ اس کا نتیجہ غربت، ظلم، بربریت ہمارے سامنے ہے۔ ہر عمل کی ابتدا اور انتہا نماز پنجگانہ ہے۔ نماز اللہ پاک سے ربط کا واحد راستہ ہے۔ جو عمل پیش خدمت ہے صبح کی نماز کی بعد طلوع آفتاب سے پہلے کرنا ہے۔ یہ عمل کرنے کے پانچویں روز آپ لوگ مجھے جواب دیں گے۔ یہ عمل جائے نماز پر صبح کی نماز کے فوراً بعد خشوع و خضوع سے کریں اللہ پاک آپکی مشکلات و پریشانیاں دور فرمائے گا۔




تانبا پر اس لوح مبارکہ با موکل کو شرف قمر میں کندہ کریں۔ لوح کندہ کرنے کے بعد اس پر حسب ذیل ورد 308 بار کر کے صدقہ ادا کریں اور پرس میں رکھیں۔ 40 یوم کے اندر اللہ تعالیٰ رزق کے دروازے کھول دے گا۔ جو بارروزگار ہیں ان کے رزق میں برکت ہوگی۔ اول آخر درود پاک 11 بار لازمی ورد کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**یارزّاق ترزقت بالرزق فی رزق رزقك یارزّاق** ۳۰۸ بار ورد کرنے کے بعد 10 بار یہ ورد کر کے دعا کریں۔ **الوهاب یارزّاق الوهاب**۔ لوح پر دم کر دیں۔ تیار شدہ لوح ورد شدہ صدقات ادا شدہ، دم شدہ حاصل کرنے کیلئے مجھ سے امامیہ جنتری آفیشل کے نمبر کے ذریعے رابطہ کریں۔ 03111 888 668

درسگاہ

# قرآن کی انقلابی آیات

ڈاکٹر
سید افضال حسین
(روحانی مشیر)
03 111 888 668
Youtube ImamiaJantriOfficial

ان آیات سے اپنے حالات ہی نہیں بلکہ سب کیلئے انقلاب لایا جاسکتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ ۖ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٦﴾ تُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ ۖ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۖ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٢٧﴾ (سورۃ آل عمران)

**مقصد** حصول عزت، ادائیگی قرض، الیکشن میں کامیابی، تسخیر و محبت، حصول ملازمت، ترقی رزق، تسخیر خلق، ملازمت چھوٹ گئی ہو یا ملازمت سے الگ کردیا ہو۔

معزز قارئین کرام السلام علیکم! تمام تعریفیں اسی کیلئے ہیں جو رب العالمین ہے، درود و سلام حضرت محمدؐ پر جو عالمین کیلئے رحمت ہیں۔ میں جو عمل پیش کررہا ہوں اس کے بیشمار فائدے ہیں۔ یہ دور مادہ پرستی کا دور ہے یہی وجہ ہے کہ ہر شخص کسی نہ کسی ذہنی الجھن میں گرفتار ہے۔ مصائب آلام کا ناقابل برداشت بوجھ اس کی پیٹھ پر لدا ہوا ہے اور وہ اس بوجھ کی وجہ سے زمین میں دھنستا چلا جارہا ہے، ایسا کیوں ہورہا ہے، اس کی کیا وجوہات ہیں اس کا سیدھا سادہ جواب صرف یہی ہے کہ اللہ کے بندے رب کائنات کو بھول گئے ہیں اس کے حکم کی نافرمانی کررہے ہیں، اس کی یاد سے غافل ہوچکے ہیں۔ اس نافرمانی وغفلت کے باوجود وہ مسلسل پکار رہا ہے کہ کوئی ہے جو مجھ سے مانگے اور میں اس کو دوں۔ کوئی ہے جو مجھے ان ناموں سے پکارے جن سے تمہاری حاجتیں پوری ہوتی ہیں کیونکہ رب کائنات ہماری ضرورت سے غافل نہیں ہے وہ مناسب وقت پر ہمارے لئے جملہ انتظامات فرماتا رہتا ہے۔ قرآن حکیم جو حکمت سے بھرا ہوا ہے، جس میں ہمارے تمام مسائل کا حل موجود ہے۔ قارئین کے پیش نظر جو مجرب عمل ہے اس کے بے شمار فائدے ہیں یہ قرآن کریم کی ہی آیات سے لیا گیا ہے، جو میں اوپر تحریر کرچکا ہوں۔ اس عمل کیلئے جو لوح تیار کی جائے گی، اس لوح کو شرف شمس اور شرف قمر میں سونا اور چاندی پر تیار کیا جاسکتا ہے۔ اس لوح کے قوانین ازبر کرلینے کے بعد شرائط کا بھی خاص خیال رکھنا ضروری ہے جس میں سرفہرست نماز پنجگانہ کی ادائیگی ہے۔ وقت تیاری باوضو ہونا، خوشبو سے معطر ہونا اور اس ستارے کا بخور روشن کرنا ضروری ہے، جس ستارے کی ساعت میں آپ لوح کندہ کررہے ہیں۔ لوح لکھتے وقت زبان کے نیچے سچا موتی سوراخ دار ضرور رکھیں۔ رجال الغیب کی طرف پشت کرکے بیٹھیں اور یقین کامل رکھیں کہ جو محنت آپ کریں گے، اس کا صلہ ضرور ملے گا۔ لوح کی ایک مثال پیش خدمت ہے۔ زاہد علی ادائیگی قرض چاہتا ہے۔

مثالی نقش:

اعداد آیت مع بسم اللہ = 17674
اعداد نام سائل زاہد علی = 127
اعداد مقصد ادائیگی قرض = 1146
17947
نفی 30 -

```
4) 17917 (4479
   16
   19
   16
   31
   28
   37
   36
    1
```

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۴۸۶ | ۴۴۸۹ | ۴۴۹۳ | ۴۴۷۹ |
| ۴۴۹۲ | ۴۴۸۰ | ۴۴۸۵ | ۴۴۹۰ |
| ۴۴۸۱ | ۴۴۹۵ | ۴۴۸۷ | ۴۴۸۴ |
| ۴۴۸۸ | ۴۴۸۳ | ۴۴۸۲ | ۴۴۹۴ |

یہاں اپنا نام اور مقصد تحریر کریں

مجموعہ اعداد نفی کرنے کے بعد اگر 1 بچے تو خانہ 13 میں ایک کا اضافہ کریں۔ اگر 2 بچے تو خانہ 9 میں 1 کا اضافہ کریں۔ اگر 3 بچے تو خانہ 5 میں 1 کا اضافہ کریں۔ لوح تیار کرنے کے بعد اس پر 21 مرتبہ سورۃ آل عمران کی ان آیات کو پڑھ کر دم کریں اس لوح کو زرد رنگ کے ریشمی کپڑے میں بند کرکے گلے میں پہن لیں اور زرد رنگ کی مٹھائی پر پنجتن پاک کی نذر دلوا کر معصوم بچوں میں تقسیم کریں اور ہاتھ اٹھا کر اللہ تعالیٰ سے بوسیلہ پنجتن پاک اپنی کامیابی کی دعا کریں۔ میں نے ہدایات کی وضاحت کردی ہے۔ پھر بھی ازراہ کرم امامیہ جنتری آفیشل نمبر 03111 888 668 کے ذریعے رابطہ کرکے معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

# سورہ یٰسین کے خواص

سیدہ مادحہ بتول

03 111 888 668 —— Youtube ImamiaJantriOfficial

سورہ یٰسین میں 83 آیات ہیں۔ ہر ایک آیت کی خاصیت ترتیب وار نیچے لکھی جا رہی ہے۔ ان آیات کے عمل کرنے والے شخص کو چاہیے کہ بوقت تلاوت باطہارت ہو اور ان آیات کو صحیح پڑھے۔ اس عمل میں جو شرائط مذکور ہوں ان پر پورا پورا عمل کرے اور وہ خواص یہ ہیں۔

**پہلی آیت:** لفظ یٰسین پڑھنے سے گناہ بخشے جاتے ہیں۔

**دوسری آیت:** نعمت کی زیادتی کے لئے روزانہ وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ کو سو مرتبہ پڑھیں۔ **تیسری آیت:** دیوانے، آسیب زدہ اور مرگی والے پر إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ کو صحت کی بہتری کیلئے سو مرتبہ پڑھیں۔

**چوتھی آیت:** دوستی خدا کیلئے نماز صبح کے بعد سو مرتبہ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ پڑھیں۔ **پانچویں آیت:** بادشاہوں یا حکام کی تسخیر کیلئے نماز صبح کے بعد سو مرتبہ پڑھیں۔ **چھٹی آیت:** خوف دشمن کیلئے پڑھیں اور اپنے پاس لکھ کر رکھیں۔ **ساتویں آیت:** بیابان میں سے تنہا گزرنے اور اس کا خوف طاری ہونے پر یہ آیت پڑھیں۔ **آٹھویں آیت:** تسخیر قلوب کیلئے انگوٹھی پر یہ نقش کروا کر انگلی میں پہنیں۔ **نویں آیت:** دشمنوں کے خوف اور خطر کیلئے سفید مرچوں پر آیت پڑھ کر آگ میں ڈالیں، مجرب ہے۔

**دسویں آیت:** لوگوں میں فتح حاصل کرنے کیلئے یہ آیت پڑھیں۔

**گیارھویں آیت:** کسی دشمن کی اپنے خلاف زبان بندی کیلئے یہ آیت پڑھیں۔ **بارھویں آیت:** امراء اور بادشاہوں کی نظر میں عزیز ہونے کیلئے یہ مشک وزعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں، آزمودہ ہے۔ **تیرھویں آیت:** بخت کی فراخی لئے کاغذ پر یہ آیت لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر پئیں۔

**چودھویں آیت:** مشکلات کے حل کیلئے یہ آیت پڑھیں۔ **پندرھویں آیت:** منہ اور جسم پر پھنسیوں اور چھالوں کیلئے مشک وزعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ **سولھویں آیت:** مرض خناق کے دفعیہ کیلئے یہ مشک و زعفران کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ **سترھویں آیت:** دو مخالف لوگوں کے درمیان صلح کروانے کیلئے اپنے پاس لکھ کر رکھیں اور ان کی صلح کیلئے کوشش کیجئے۔ **اٹھارویں آیت:** منہ زور گھوڑے کو قابو کرنے کیلئے اس پر سوار ہو کر یہ آیت پڑھیں۔ **انیسویں آیت:** عسر ولادت کیلئے یہ آیت لکھ کر عرق گلاب سے لکھ کر دھو کر پلائیں۔ **بیسویں آیت:** جس عورت کے اولاد نرینہ نہ ہوتی ہو، مشک وزعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

**اکیسویں آیت:** عورت سے دوری کیلئے اکیسویں آیت اس کے نام کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ **بائیسویں آیت:** بیماری کے دفعیہ کے لئے لکھ کر پانی میں ڈال دیں اور تین روز تک ناشتے کے بعد پئیں۔

**تئیسویں آیت:** کسی بھی مشکل مرحلے میں آسانی کیلئے اس آیت کا ورد کریں۔ **چوبیسویں آیت:** خواتین کی پوشیدہ بیماریوں کیلئے اس آیت کا ورد کریں، ان شاء اللہ مسائل حل ہوں گے۔ **پچسویں آیت:** دفع تپ کیلئے یہ آیت دھاگے پر پڑھ کر، دھاگہ گلے میں باندھیں۔

**چھبیسویں آیت:** جب آپ پیدل چلتے ہوئے تھک جائیں تو اس آیت کی تلاوت کریں تھکاوٹ دور ہو جائے گی۔ **ستائیسویں آیت:** کمر کے درد کیلئے مشک وزعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں، درد ختم ہو جائے گا ان شاء اللہ۔ **اٹھائیسویں آیت:** زندگی میں اونچا مرتبہ حاصل کرنے کیلئے لاتعداد پڑھیں۔ **انتیسویں آیت:** بچوں کی بے خوابی دور کرنے کیلئے لکھ کر بچوں کے گلے میں ڈالیں، ان شاء اللہ بے خوابی دور ہو جائے گی۔

**تیسویں آیت:** دشمن کی طرف سے کسی نقصان سے محفوظ رہنے کیلئے مشک وزعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ **اکتیسویں آیت:** دشمن پر غالب آنے کیلئے لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ **بتیسویں آیت:** جس شخص پر جن کا سایہ ہو لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں۔ **تینتیسویں آیت:** برص اور جذام کے مریض مشک وزعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

**چونتیسویں آیت:** دشمن کی زبان بندی کیلئے لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

**پینتیسویں آیت:** فشار قبر سے بچنے کیلئے میت کے کفن پر لکھیں۔

**چھتیسویں آیت:** اہم کام پر جانے کیلئے تلاوت کر کے جائیں۔

**سینتیسویں آیت:** لوگوں کو مطیع کرنے کیلئے تیس دفعہ پڑھیں۔

**اڑتیسویں آیت:** دشمن کو خوار کرنے کیلئے اس کے سامنے جا کر پڑھیں۔

**انتالیسویں آیت:** دیوانگی دور کرنے کیلئے یہ آیت لکھ کر دیوانے کے گلے میں ڈالیں۔ **چالیسویں آیت:** کسی بھی بڑی حاجت کیلئے شب جمعہ کو تلاوت کریں، حاجت روا ہو گی ان شاء اللہ۔ **اکتالیسویں آیت:** پل صراط سے گزرنے میں آسانی کیلئے روزانہ تلاوت کیا کریں۔

**بیالیسویں آیت:** یہ آیت روزانہ تیس مرتبہ رات کو تلاوت کر کے سوئیں، یہ عمل لگاتار تیس دن تک جاری رکھیں، ان شاء اللہ زیارت رسول خداؐ سے مشرف

ہوں گے۔ **تینتالیسویں آیت** اس کی روزانہ سو مرتبہ تلاوت کریں، ان شاء اللہ کامل ایمان کے ساتھ دنیا سے اٹھائے جائیں گے۔ **چونتالیسویں آیت** جو شخص اس آیت کے پڑھنے میں مداومت کرے گا، کامیاب اور اہل بہشت میں سے ہوگا۔ **پینتالیسویں آیت** جو شخص اس آیت کی تلاوت کا ورد جاری رکھے گا اس کی ذات مختلف اقسام کی صلاحیتوں کی حامل ہو جائے گی۔ **چھیالیسویں آیت** جو شخص اس آیت کا ورد ہمیشہ جاری رکھے گا کبھی بھی دنیا میں کسی انسان کا محتاج نہیں ہو گا۔ **سینتالیسویں آیت** جو شخص اس آیت کا ورد کرے گا، قبر کے سوالات اس پر آسان ہوں گے۔ **اڑتالیسویں آیت** اگر کوئی شخص لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو دنیا میں اگر پانی کا عظیم طوفان بھی آجائے گا تو اس کا پاؤں تک تر نہ ہوگا۔ **انچاسویں آیت** اگر یہ لکھ کر کوئی شخص اپنے پاس رکھے تو تمام دنیا میں اگر سنگساری ہو رہی ہو تو کوئی پتھر اس تک نہیں پہنچے گا۔

**پچاسویں آیت** اگر اس آیت کو روزانہ پڑھا کریں تو عجیب وغریب اثرات آپ پر ظاہر ہوں گے۔ **اکیاونویں آیت** اگر اس آیت کو اول و آخر 7 مرتبہ درود کے ساتھ ایک مرتبہ پڑھیں تو آپ کی ہر مراد پوری ہوگی۔

**باونویں آیت** نوشادر پر، پڑھ کر آگ میں ڈال دیں تو خلائق کی زبان آپ کے خلاف بند ہو جائے گی۔ **ترپنویں آیت** اگر کوئی شخص اس آیت کی تلاوت جاری رکھے تو اگر ساری دنیا بھی اس کی دشمن ہو جائے تو اس کو کچھ نقصان نہیں پہنچا سکے گی۔ **چوّنویں آیت** اس آیت کی تلاوت کرنے والا بھی دشمنوں کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔

**پچپنویں آیت** اس آیت کو مربع میں لکھ کر اپنے پاس رکھیں، تو کاٹنے والا کوئی جانور آپ کو نہیں کاٹے گا۔ **چھپنویں آیت** جو شخص یہ آیت لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، کبھی محتاج نہیں ہوگا۔ **ستاونویں آیت** جو شخص یہ آیت لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اس کی عمر و مال میں اضافہ ہوگا۔

**اٹھاونویں آیت** اگر کوئی شخص اس آیت کا ورد جاری رکھے گا تو شہداء کے ثواب سے بہرہ مند ہوگا اور اپنی عمر میں برکت سے ہمکنار ہوگا۔

**انسٹھویں آیت** جو شخص اس آیت کو پڑھنے میں مداومت کرے، اس کا ثواب ہزار مرتبہ ختم قرآن کے برابر ہے۔ **ساٹھویں آیت** جو شخص یہ آیت مربع میں لکھ کر اپنے پاس رکھے، لوگوں کی نظروں میں عزیز و مکرم رہے گا۔ **اکسٹھویں آیت** جو شخص اس آیت کی تلاوت کرے گا، ہمزاد اس سے خوف کھائے گا۔ **باسٹھویں آیت** جو شخص اس آیت کی تلاوت جاری رکھے گا وہ اہل بہشت میں سے ہوگا۔ **تریسٹھویں آیت** اگر یہ آیت میت کے کفن پر لکھی جائے تو وہ میت قبر کی عذاب اور تاریکی سے امن میں رہے گی۔ **چونسٹھویں آیت** اگر کوئی شخص چاہے کہ دنیا کی تکلیفوں سے امان میں رہے تو اس آیت کو روزانہ پڑھا کرے۔

**پینسٹھویں آیت** اگر کوئی شخص اس آیت کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو مرض اسہال سے شفاء یاب ہوگا۔ **چھیاسٹھویں آیت** نمونیہ کے مریض کیلئے یہ آیت لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں، ان شاء اللہ شفاء یاب ہوگا۔

**سڑسٹھویں آیت** شیطان رجیم کے وسوسہ سے محفوظ رہنے کیلئے اس آیت کی روزانہ 3 مرتبہ تلاوت کریں۔ **اڑسٹھویں آیت** فقر و تنگدستی کیلئے روزانہ صبح سویرے اس آیت کے تلاوت کرنا اپنا معمول بنا لیں۔

**انھترویں آیت** درد چشم کیلئے اس آیت شریف کو ستر مرتبہ پڑھ کر آنکھ پر دم کریں۔ **سترھویں آیت** مرض سنگ مثانہ کیلئے مشک و زعفران سے یہ آیت لکھ کر اور دھو کر مریض کو پلائیں۔ **اکھترویں آیت** مرض جلو دھر یعنی (پیٹ ہوا سے بڑھ جائے) اس کیلئے یہ آیت کاغذ پر تین دفعہ لکھ کر اور پانی سے دھو کر مریض کو اس کا پانی پلائیں، شفاء ہوگی ان شاء اللہ۔

**بہترویں آیت** عورتوں اور حیوانات کے دودھ کو زیادہ کرنے کیلئے یہ آیت لکھ کر ان کے گلے میں ڈالیں۔ **تہترویں آیت** بچوں کے رونے کو روکنے کیلئے یہ آیت لکھ کر ان کے گلے میں پہنائیں، بلاوجہ رونا کم ہو جائیں گے۔

**چوہترویں آیت** منہ کے چھالوں کیلئے اس آیت کو کاغذ پر لکھ کر کسی برتن میں اُسے دھولیں اور وہی پانی چھالوں پر چھڑکیں۔ **پچھترویں آیت** اگر اس آیت کو میت کے کفن پر لکھیں تو میت عذاب سے امان میں رہے گی۔

**چھہترویں آیت** طلب اولاد کیلئے ہرن کے چمڑے پر مربع میں یہ آیت لکھ کر عورت اپنے پاس رکھے۔ **ستترویں آیت** مرگی کے مریض کیلئے نیلے کپڑے پر اس آیت کو لکھ کر تعویز بنا کر اس کے گلے میں پہنائیں۔

**اٹھترویں آیت** بے ہوشی اور دردسر کیلئے ستر مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ **اناسویں آیت** نظر بد سے حفاظت کیلئے یہ آیت لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ **اسی ویں آیت** دشمن کے دفیعہ کیلئے پاک مٹی کے ڈھیلے پر یہ آیت انگلی سے لکھ کر بہتے پانی میں ڈال دیں۔ **اکیاسویں آیت** راہ چلتے ایک بار یہ آیت پڑھ کر پھونکیں، دشمن آپ کو نہیں دیکھ سکے گا۔

**بیاسویں آیت** سرخ دانوں پر یہ آیت لکھ کر باندھیں، ان شاء اللہ شفاء ہو گی۔ **تراسویں آیت** حصول جائز حاجات کے لئے اس آیت کی روزانہ تلاوت کریں، ان شاء اللہ تمام حاجات قبول ہوں گی۔

یہ انتہائی مجرب عملیات ہیں، اگر ان کو خشوع وخضوع سے انجام دیا جائے تو ان شاء اللہ کامیابی نصیب ہوگی۔

سورہ یٰسین اور مختلف دعاؤں کی کتب کی
خریداری کے لئے ہماری ویب سائٹ
www.iftikharbookdepot.com

# التجا

# اثرات و خواص حروف تہجی

اکرام عباس کاظمی
(روحانی مشیر)
03 111 888 668
Youtube ImamiaJantriOfficial

سب سے پہلے امامیہ جنتری کے بانی اور آغا افتخار حسین کے ایصال ثواب کیلئے دعا اور تمام مرحومین کیلئے دعا جو امامیہ جنتری کیلئے مضامین لکھتے تھے، خداسب کے درجات بلند فرمائے آمین۔ 2025 کی امامیہ جنتری میں حرف "ش" تک کے خواص پیش کئے تھے، اب حرف "ص" تا حرف "ی" تک کے خواص بیان کر کے اپنا مضمون مکمل کرتا ہوں۔

**حرف ص:** اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو اسے چاہیئے ایک برتن لیکر اس پر زعفران سے 95 مرتبہ حرف "ص" لکھے اور اس کو صاف پانی سے دھوئے اور پانی کو اپنے سر پر ڈالیں، ایسا کرنے سے جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔ اگر کوئی شخص سفر میں ہے تو حرف "ص" کا ورد کرتا رہے ان شاء اللہ خیر و عافیت سے منزل مقصود تک پہنچ جائے گا۔

**حرف ط:** یہ حرف تمام عالم میں پرواز کرتا ہے، جب اس حرف کو 9 مرتبہ اور ہ کو 5 مرتبہ کسی تختی پر جب کہ قمر اس کی منزل میں ہو معہ موکل لکھے اور اس کو اپنے پاس رکھے تو تمام عالم اس کے خوف سے کانپے گا، اگر درد سر والا اپنے سر پر باندھے، تو درد سے آرام ملے گا اور اگر اسے ترتیب سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں تو کوئی موذی مرض اس کے قریب نہیں آئے گا۔ اگر کند ذہن حرف "ط" کو روزانہ 18 مرتبہ پڑھے تو اس کی عقل میں اضافہ ہوگا۔

**حرف ظ:** اگر کوئی شخص کسی ظالم سے خائف ہو تو سات دن تک نماز ظہر کے وقت ظالم کو دوست کرنے کی نیت سے ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو ظالم دوست ہو جائے گا۔

**حرف ع:** اگر گھر میں بہن، بھائی یا میاں بیوی میں ناراضگی رہتی ہو تو روزانہ نماز مغرب کے بعد حرف "ع" کو کسی میٹھی چیز پر دم کر کے تمام گھر والوں کو کھلا دیں، ان شاء اللہ ناراضگی ختم ہو جائے گی۔ اگر حرف "ع" کو روزانہ ہر واجب نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھ لیا جائے تو ساری دنیا محبت سے پیش آئے گی۔

**حرف غ:** اگر حرف "غ" کاغذ پر لکھ کر اپنے سر پر باندھیں، تو رزق میں فراوانی ہوگی اور تمام لوگ محبت کریں گے، اور جب شمس اپنی منزل میں ہو تو حرف "غ" لکھ کر پاس رکھیں، عزت میں اضافہ ہوگا۔

**حرف ف:** اگر کوئی شخص کسی کپڑے کے ٹکڑے پر 9 ہزار مرتبہ اس نیت سے پڑھ کر اس پر دم کرے تو اس سے جدا ہونے والا شخص اس کے پاس دوبارہ واپس آجائے گا۔ اگر اس حرف کو بروز بدھ 90 مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھیں ، ہر مراد پوری ہوگی، اس کو لکھتے وقت "یا غیاثُ یا مغیثُ" کا ورد اپنی زبان پر جاری رکھیں۔

**حرف ک:** اگر کوئی شخص نیلے رنگ کے کپڑے پر حرف "ک" معہ اسمائے مؤکلات لکھے اور انگوٹھی کے نگینے کے نیچے رکھ لے اور پہن لے تو پہننے والے کا بہترین نصیب ہوگا۔ اگر اس حرف کو لکھ کر چار ٹھیکریوں پر لکھ کر کھیت کے چاروں کونوں میں دفن کر دیا جائے تو کھیت ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی شخص اس حرف کو 101 مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے، ہر رنج و غم سے امان میں رہے گا۔

**حرف ل:** یہ صرف تعریف کیلئے عام طور پر آتا ہے اور اسم اعظم میں بھی ہے جس سے بسم اللہ کے حروف مراد ہیں۔ اسم لطیف میں بھی یہ صرف ظاہر ہوا ہے اگر کوئی اس حرف کو اعداد کے موافق لکھ کر کسی بیمار کو پلا دے تو آرام ملے گا۔

**حرف م:** کتاب لطائف العوارف میں مولانا اقبال الدین احمد صاحب اردو ترجمہ لکھتے ہوئے کہتے ہیں صرف "م" کا تعلق تین عالموں سے ہے یعنی عالم ملک، عالم ملکوت اور عالم جبروت سے ہے، اگر کسی کے پاس کوئی چیز ہو اور وہ نہ دیتا ہو تو سات مرتبہ پڑھ کر طلب کرے تو ان شاء اللہ وہ واپس دے دے گا۔

**حرف ن:** نماز عشاء کے بعد اگر سو دفعہ پڑھ لیا جائے تو بے خوابی برطرف ہو اگر پیٹ میں درد ہو تو حرف ن تیرہ بار لکھ کر اپنے پاس رکھے تو پیٹ کے درد سے شفا ملے۔ اگر یہ حروف معہ اسمائے نونیہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ اگر کوئی مچھلی کے شکار کا شوق رکھتا ہے تو حرف "ن" سیسہ کی تختی پر جب قمر عروج پر ہو تو معہ اسم موکل تختی پر لکھے اور تختی دریا میں ڈال دے تو چاروں جانب سے مچھلیاں اس کے گرد جمع ہو جائیں گی۔

**حرف و:** اگر درخت کے پتے پر لکھ کر کسی بھی بھاری پتھر کے نیچے اس طرح رکھے کہ پانی اس پر گزرتا رہے تو چشم مردم میں عزیز ہوگا۔ اگر کوئی شخص کسی کپڑے کے ٹکڑے پر واؤ لکھ کر پاس رکھے تو کوئی بھی چیز خدانخواستہ اسے کاٹے یا ڈنگ مارے تو اسے درد ہرگز نہیں ہوگا، اگر کوئی شخص کسی افسر سے

ملنے جا رہا ہو اور اس کا ملازم اسے ملنے نہ دیتا ہو تو حرف "د" ساٹھ مرتبہ پڑھ کر روکنے والے کے منہ پر پھونکے تو وہ اس کے راستے سے ہٹ جائے گا۔

**حرف ہ:** اگر کوئی شخص اس حرف کو 15 مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو پوشیدہ علوم اس پر آشکار ہوں گے۔ اگر کالی مرچ کو شکر اور موم میں لپیٹ کر اس پر 7 سو مرتبہ حرف "ہ" پڑھ کر مطلوب کے گھر کی چوکھٹ میں دفن کر دے مطلوب، طالب ہی کی طرح اس کی محبت میں بے قرار ہوگا۔ اگر میاں بیوی میں ناراضگی ہے تو کالی مرچ پر 5 سو مرتبہ "ہ" پڑھ کر شہد میں ڈبو کر کالی مرچ سالن میں پکا کر شوہر کو یا بیوی کو کھلا دیا جائے، ناراضگی دور ہو جائے گی۔

**حرف ی:** اگر چاہو کہ کسی کی زبان خود اپنے حق میں یا دوسرے کے لئے ہو جائے تو ساٹھ مرتبہ پڑھ کر اس پر پھونکیں، اگر کسی ریشمی کپڑے پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو امراء، وزراء، وسلاطین کی نظر میں ممتاز ہوگا۔ اگر دوران سفر حرف "ی" سو مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے، سفر میں خیر و عافیر رہے۔ جو خاندان ان تمام حروف کو ایک ایک کر کے اپنے پاس رکھے تو روز بروز اس خاندان کی دولت میں اضافہ ہوگا۔ مزید کسی روحانی مشاورت کیلئے مجھ سے امامیہ جنتری آفیشل نمبر 0311 888 668 کے ذریعے رابطہ کریں۔

## نماز کُنْ فَیَکُوْنُ

اگر کسی کا اہم ترین کام یا مشکل ہو بیماری یا تنگدستی ہو۔ شب جمعہ کو غسل کرے اور خلوص کامل کے ساتھ اس عمل کو انجام دے۔

**طریقہ عمل** ۴ رکعت نماز (۲،۲) رکعت کر کے ادا کرے۔

**پہلی رکعت** میں الحمد کے بعد (۱۰۰) مرتبہ کہے،

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ (المومن ۴۴)

**دوسری رکعت** میں سورۃ الحمد کے بعد ۱۰۰ مرتبہ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ ؕ پڑھ کر نماز مکمل کرے۔ (الصف ۱۳)

**پہلی رکعت** میں سورۃ الحمد کے بعد (۱۰۰) مرتبہ کہے۔ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ (الشوریٰ ۵۳)

**دوسری رکعت** میں سورۃ الحمد کے بعد (۱۰۰) مرتبہ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا پڑھ کر نماز مکمل کریں

کسی سے کلام کیے بغیر ۱۰۰ مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ۔ پڑھ کر سجدے میں سر رکھ کر سو مرتبہ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ سجدے سے سر اٹھانے سے پہلے اس کی حاجت پوری ہو جائیگی۔ انشاء اللہ

# نادِ علی کی خصوصیات

نادِ علی وہ خاص کلمات ہیں جو جبرئیل امین غزوہ تبوک کے موقع پر رسولؐ اللہ کی خدمت میں لے کر حاضر ہوئے۔ نادِ علی، جس کے لفظی معنیٰ "علی کو بلاؤ" یا "علی سے مدد طلب کرو" ہیں، اس میں حضرت علیؑ سے مدد کی استدعا کی جاتی ہے۔ یہ دعا مختلف مسائل کے حل، مشکلات سے نجات، اور روحانی مدد کے حصول کے لیے پڑھی جاتی ہے، اگر مکمل اعتقاد کے ساتھ پڑھی جائے تو بہت مجرب ہے۔

1۔ اگر کوئی شخص دشمنوں کے نرغہ میں پھنسا ہوا ہو اور اپنے بچاؤ سے مجبور ہو گیا ہو تو وہ 7 مرتبہ نادِ علی پڑھ کر ان کی طرف دم کرے تو کوئی بھی نقصان نہیں پہنچے گا

2۔ اگر کوئی شخص اپنے دشمنوں سے خوف کھاتا ہو تو ان کلمات کو 27 مرتبہ روزانہ پڑھا کرے۔ اس کے دشمن بہت جلدی چھوڑ کر چلے جائیں گے۔

3۔ اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو تو کنوئیں سے پانی لا کر اس پر 7 مرتبہ نادِ علی پڑھیں اور اس پانی سے سحر زدہ غسل کرے اور کچھ پانی اس میں سے پی لے، جادو کا اثر دور ہو جائے گا۔

4۔ اگر کوئی شخص بیمار ہو جائے اور طبیب اس کے علاج سے عاجز آ جائیں تو بارش کے پانی پر نادِ علی کو اٹھارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو پلا دیں۔ فوراً شفاء یاب ہوگا۔

5۔ اگر کوئی شخص کسی رنج والم میں مبتلا ہو تو نادِ علی ایک ہزار مرتبہ غم دور ہونے کی نیت سے پڑھے، تو اس کا غم اور پریشانی خوشی میں بدل جائیں گے۔

6۔ اگر کوئی شخص حصول دولت کی نیت سے نادِ علی کو روزانہ فجر کی نماز کے بعد 16 مرتبہ پڑھے تو وہ غنی ہو جائے گا۔

7۔ دشمنوں کو دور کرنے کیلئے ہر روز 17 مرتبہ پڑھے۔

8۔ اپنی حاجات کی قبولیت کیلئے 26 یا 34 مرتبہ روزانہ پڑھے تو اس کی مرادان شاء اللہ پوری ہوگی۔

9۔ برائے حصول عزت و شوکت ہر روز دس مرتبہ پڑھے۔ صاحب عزت و شوکت ہوگا۔

10۔ خواب میں جناب رسولؐ خدا کی زیارت کرنے کیلئے ہر روز رات کو نادِ علی 7 مرتبہ پڑھ کر سو جائے تو خواب میں حضور پر نور کی زیارت نصیب ہوگی۔

11۔ پسند کی شادی کے لئے فجر کی نماز کے بعد 25 دفعہ نادِ علی پڑھیں۔ یہ عمل تاحصول مقصد جاری رکھیں۔

جوہری بتائے گا

قسمت بدلتی ہے
۔۔۔۔جب پتھر اصلی ہو

سید ذیشان حیدر علی
(ماہر جواہرات و روحانی مسائل)

03 111 888 668 —— Youtube ImamiaJantriOfficial

**تعارف**: رنگ...ایک ایسا جادو جو کائنات کی ہر شے میں پوشیدہ ہے۔ اگر ہم ایک لمحے کے لیے تصور کریں کہ دنیا میں رنگ نہ ہوں تو ہمیں زندگی بے جان، بے ذائقہ اور ادھوری محسوس ہوگی۔ رنگ نہ صرف ہماری آنکھوں کو بھاتے ہے بلکہ یہ کائنات کی زینت اور کائناتی وجود کی بنیادوں میں شامل ایک لازمی عنصر ہیں۔ اس مضمون میں ہم رنگوں کی کائناتی اہمیت، انسانی زندگی پر ان کے اثرات اور خاص طور پر قیمتی پتھروں میں رنگوں کے کردار کا تفصیل سے جائزہ لیں گے۔

**کائنات میں رنگوں کی اہمیت**: سب سے پہلے ہم بات کریں گے قرآن مجید فرقان حمید سے اور رنگوں کی اہمیت کو سمجھنے کی کوشش کریں گے۔ اللہ تبارک تعالیٰ فرماتے ہیں:

وَمَا ذَرَأَ لَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُخْتَلِفًا أَلْوَانُهُ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ ﴿١٣﴾ سورۃ النحل (16:13)

اور جو کچھ اللہ نے تمہارے لیے زمین میں رنگ برنگ چیزیں پیدا کی ہیں، ان میں بھی یقیناً ان لوگوں کے لیے نشانی ہے جو نصیحت حاصل کرتے ہیں۔

پھر آگے سورہ فاطر کی آیت آتی ہے کہ: سورۃ فاطر (35:27)

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ ثَمَرَاتٍ مُخْتَلِفًا أَلْوَانُهَا وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيضٌ وَحُمْرٌ مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهَا وَغَرَابِيبُ سُودٌ ﴿٢٧﴾

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی برسایا، پھر ہم نے اس کے ذریعے رنگ برنگے پھل نکالے — اور پہاڑوں میں سفید اور سرخ رنگوں کے قطعات ہیں اور (بعض) کالے سیاہ ہیں۔

یہ دونوں آیات نہایت خوبصورت انداز میں کائنات میں رنگوں کی اہمیت اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کو ظاہر کرتی ہیں۔ کائنات کی تخلیق کے آغاز میں روشنی تھی، اور روشنی میں رنگ پوشیدہ تھے۔ یہ سات بنیادی رنگ (سرخ، نارنجی، پیلا، سبز، نیلا، انڈیگو اور بنفشی) سفید روشنی میں ضم ہو کر دنیا کو روشن کرتے ہیں۔ سائنس ہمیں بتاتی ہے کہ ہر رنگ ایک مخصوص طول موج یعنی (wavelength) رکھتا ہے اور توانائی کی ایک خاص مقدار خارج کرتا ہے۔ یہ توانائی مخلوقات، پودوں، جانوروں اور یہاں تک کہ جمادات پر بھی اثر انداز ہوتی ہے۔

**رنگوں کے بغیر کائنات نامکمل ہے**: پودے سبز ہیں کیونکہ وہ سبز روشنی کو منعکس کرتے ہیں، اور یہی رنگ فوٹو سنتھیسس (photosytnesis) میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے جس سے زندگی کو توانائی ملتی ہے۔ آسمان نیلا نظر آتا ہے کیونکہ نیلی روشنی کا بکھراؤ زیادہ ہوتا ہے، جو زمین کی فضا میں ٹھنڈک اور توازن پیدا کرتا ہے۔ پھولوں کے رنگ شہد کی مکھیوں کو متوجہ کرتے ہیں، یوں زندگی کا ایک خوبصورت سلسلہ جاری رہتا ہے ہر رنگ اپنی مخصوص فریکوئنسی اور توانائی رکھتا ہے، اور پوری کائنات ان توانائیوں کے باہمی تعامل سے زندہ اور متحرک ہے۔

**انسانی زندگی پر رنگوں کا اثر**: انسان بھی کائنات کا ایک حصہ ہے، اور رنگوں کی یہ توانائیاں براہ راست انسانی جسم، ذہن اور روح پر اثر ڈالتی ہیں۔ رنگوں کا انسانی جذبات، رویوں، حتیٰ کہ جسمانی صحت پر بھی گہرا اثر پڑتا ہے۔

**مثال کے طور پر**:

**سرخ رنگ**: حرارت، توانائی، جوش اور جذبے کی علامت ہے۔ یہ دل کی دھڑکن بڑھا سکتا ہے اور جسم میں خون کے بہاؤ کو تیز کر سکتا ہے۔

**نیلا رنگ**: سکون، اطمینان اور روحانی بیداری سے منسلک ہے۔ نیلا رنگ خون کا دباؤ کم کرنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

**سبز رنگ**: شفا، توازن اور ہارمونی کا رنگ ہے۔ یہ آنکھوں کے لیے سکون دہ ہے اور ذہنی دباؤ کو کم کرتا ہے۔

**پیلا رنگ**: خوشی، ذہانت اور توانائی کی نمائندگی کرتا ہے، لیکن بہت زیادہ پیلا رنگ بے چینی پیدا کر سکتا ہے۔

**بنفشی رنگ**: روحانیت اور تخلیقی قوتوں کا رنگ ہے، جو مراقبے اور وجدان میں مدد کرتا ہے۔

**رنگوں کا نفسیاتی اثر**: (Color Psychology)

سائنس نے یہ بھی ثابت کیا ہے کہ مختلف رنگ انسانوں کی دماغی کیفیت کو

(Mood) کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہسپتالوں میں اکثر ہلکے سبز یا نیلے رنگ استعمال کیے جاتے ہیں تاکہ مریضوں میں سکون پیدا ہو۔

**انسان اور روشنی کے سات رنگ:** انسانی جسم بھی سات رنگوں سے بنا ہے، جو ہماری توانائی کے مراکز سے جڑے ہیں اور ہر مرکز ایک مخصوص رنگ کی توانائی سے وابستہ ہے۔

| رنگ | مقام/مرکز | رنگ | مقام/مرکز |
|---|---|---|---|
| سرخ | ریڑھ کی ہڈی کی بنیاد | نارنجی | ناف کے نیچے |
| پیلا | معدہ | سبز | دل |
| نیلا | گلا | انڈیگو | ماتھا |
| بنفشی | سر کی چوٹی | — | — — |

یہی رنگ ہمارے جسمانی، ذہنی اور روحانی توازن کے ضامن ہیں۔ اگر کسی رنگ یا مرکز کی توانائی میں کمی آجائے تو جسمانی یا ذہنی بیماری پیدا ہو سکتی ہے۔ اسی لیے رنگ تھراپی (colortherapy) میں ان رنگوں کے ذریعے جسمانی اور ذہنی بیماریوں کا علاج کیا جاتا ہے۔

## قیمتی پتھروں کے رنگ اور انسانی زندگی پر اثر

قیمتی پتھروں کا جادو ہزاروں سال پرانا ہے۔ قدیم زمانے میں بادشاہ، روحانی پیشوا اور معالج قیمتی پتھروں کو نہ صرف زینت کے طور پر بلکہ شفاء کے ذرائع کے طور پر بھی استعمال کرتے تھے۔ آج سائنس بھی اس بات کو تسلیم کرتی ہے کہ قیمتی پتھر مخصوص ارتعاش (viberation) اور توانائیوں کے حامل ہوتے ہیں، جو انسانی توانائی کے نظام پر اثرانداز ہوتے ہیں۔

قیمتی پتھروں میں رنگوں کی اہمیت: ہر قیمتی پتھر اپنے رنگ، توانائی اور خاصیت کی بنیاد پر مخصوص جسمانی، ذہنی یا روحانی فوائد دیتا ہے۔ مثلاً

| قیمتی پتھر | رنگ | اثرات |
|---|---|---|
| روبی (یاقوت) | سرخ | خود اعتمادی، توانائی اور جذبہ بڑھاتا ہے |
| نیلم | نیلا | ذہنی سکون، روحانی بیداری اور تخلیقی قوت |
| زمرد | سبز | محبت، ہمدردی اور جذباتی توازن پیدا کرتا ہے |
| پکھراج | پیلا | خوشی، حکمت اور مالی خوشحالی لاتا ہے |
| امیتھسٹ | بنفشی | ذہنی دباؤ کم کرتا ہے، وجدان کو تیز کرتا ہے |

**صحیح رنگ کا پتھر کیوں ضروری ہے؟** جب انسان کی توانائی یا رنگوں کا توازن بگڑتا ہے، تو صحت، خوشی اور کامیابی متاثر ہو سکتی ہے۔ صحیح رنگ کا پتھر پہننا اس کمی کو پورا کرتا ہے اور انسانی جسم کی توانائی کے مراکز کو دوبارہ متوازن کرتا ہے۔

**مثال کے طور پر:** اگر کوئی شخص خود اعتمادی میں کمی محسوس کر رہا ہے، تو روبی (سرخ رنگ کا پتھر) اس کی توانائی کو بڑھا سکتا ہے۔ اگر کوئی مسلسل ذہنی دباؤ یا نیند کی خرابی کا شکار ہے تو امیتھسٹ (بنفشی رنگ کا پتھر) پہننا مددگار ثابت ہوتا ہے۔ یہاں اس بات کا خیال رکھنا بہت ضروری ہوتا ہے کہ یہ فوائد اسی وقت حاصل ہو سکتے ہیں کہ اگر یہ پتھر اس انسان کی مقناطیسی حصار کے ساتھ میل کھاتا ہو۔

## قیمتی پتھر روشنی کے سات رنگ اور انسان:

چونکہ انسان خود بھی سفید روشنی کے سات رنگوں سے بنا ہے، لہٰذا قیمتی پتھروں کے انتخاب میں اس بات کا خاص خیال رکھنا چاہیے کہ کون سا رنگ اس کے جسمانی یا روحانی نظام کو متوازن کرے گا۔ ہر انسان کا ذاتی رنگ (Personal Color)، اس کی تاریخ پیدائش، (Astrological Influences) اور موجودہ جسمانی کیفیت کے مطابق طے ہوتا ہے۔

## قیمتی پتھروں کے انتخاب کے اصول:

پیدائش کی تاریخ کے حساب سے وقت کو مدنظر رکھنا۔ موجودہ جسمانی، ذہنی یا روحانی مسائل کو دیکھنا جس کے لیے ضروری ہے کہ جس شخص کے لئے پتھر کا انتخاب کیا جا رہا ہے وہ بذات خود موجود ہو یا پھر اس کی مقناطیسی طاقت، اور اس کی انرجی فیلڈ کے حلقے کا پتا ہو اس کے لئے اس شخص کی مکمل تصویر یا ہاتھ کی تصویر بھی کافی ہوتی ہے۔ ان تمام امور کو مدنظر رکھتے ہوئے ہی صحیح پتھر کا انتخاب ممکن ہے لہٰذا ضروری ہے کہ جب آپ اپنے لئے پتھر کا انتخاب کریں تو کسی ماہر گوہر شناس سے مشورہ لیں جو ان قوانین سے واقفیت رکھتا ہو۔

## رنگوں اور قیمتی پتھروں کا شاندار امتزاج:

قارئین مندرجہ بالا بحث سے جو نتیجہ اخذ ہوتا ہے وہ کچھ یوں ہے کہ: رنگ، روشنی، توانائی اور زندگی کا آپس میں گہرا ربط ہے۔ قیمتی پتھر، اپنی رنگین توانائی کے ذریعے انسانوں کی زندگی میں توازن، شفا اور کامیابی لانے کی طاقت رکھتے ہیں۔
صحیح رنگ کے صحیح پتھر کا انتخاب ایک ایسا راز ہے جو زندگی کو خوشیوں، سکون اور کامیابی سے بھر سکتا ہے۔ اگر ہم کائناتی اصولوں کو سمجھ کر رنگوں اور پتھروں کی طاقت سے فائدہ اٹھائیں، تو نہ صرف بیماریوں سے بچ سکتے ہیں بلکہ روحانی اور مادی زندگی میں بھی ترقی حاصل کر سکتے ہیں۔

**یاد رکھیں:** آپ ہم سے رابطہ کر کے اپنے نا صرف موافق نگینے کے بارے میں جان سکتے ہیں بلکہ اگر آپ روزمرہ زندگی میں پیش آنے والے مسائل کے حل کے حوالے سے جاننا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے آفیشل نمبر 03111 888 668 پر کال کر کے تمام معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

احمد سٹیشنرز 18/20 فیڈرل بی ایریا کراچی 03334127866

الحسن بک ڈپو سہراب اعظم ناظم آباد کراچی 021 6626074

# خواصِ سورۃ آلِ عمران

ایمن فاطمہ

03 111 888 668 —— Youtube ImamiaJantriOfficial

حضرت رسولؐ خدا کا فرمان ہے کہ جو شخص سورۃ آل عمران کو جمعہ کے روز پڑھے تو حق تعالیٰ اور اس کے فرشتے اس سورۃ کے پڑھنے والے پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں، اس وقت تک جب آفتاب غروب ہو جائے۔ ایک اور روایت ہے کہ حضرت رسولؐ خدا نے فرمایا کہ جو شخص سورۃ البقرہ اور سورۃ آل عمران کو پڑھتا ہے تو قیامت کے دن یہ بادل بن کر یا ایسے پرندے بن کر اور اپنے پر پھیلا کر اپنے قاری پر سایہ کریں گے اور اس کے حق میں مجادلہ کریں گے۔ ایک دوسری خبر میں اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ جو شخص سورۃ آل عمران کی تلاوت کرے گا حق تعالیٰ اسے ایک شہید کے برابر ثواب عطا فرمائے گا، نیز جو شخص اس سورۃ کو پڑھے گا تو حق تعالیٰ اس کے ایک ایک حرف کے بدلے میں پل صراط پر اس کو امن عطا کرے گا۔ حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص ادائیگی قرض کیلئے اس سورۃ کو تیرہ مرتبہ پڑھے گا تو اس کے قرض کی ادائیگی جلد ہو جائے گی اور یہ بھی آنحضرتؐ سے منقول ہے کہ جو شخص اس سورۃ کو لکھ کر کسی حاملہ عورت کو دے گا تو اس کو وضع حمل میں آسانی ہوگی، اور اگر ایسے درخت پر باندھے جس کو پھل نہ لگتا ہو، پھل زیادہ دے گا اور اس کا میوہ نہیں گرے گا۔

## برائے اُم الصبیان

الٓمٓ ۔ اللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ ۔ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ
بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَأَنزَلَ التَّوْرَاةَ وَالْإِنجِيلَ
مِن قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَأَنزَلَ الْفُرْقَانَ

اس آیت کو مشک و زعفران اور گلاب سے لکھ کر املی کی گٹھلی کے درمیان سورج طلوع ہونے سے پہلے رکھ کر موم سے اچھی طرح مضبوط کر کے بچے کے گلے میں باندھ دیا جائے تو وہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا اور بچہ دیو، پری کے سایہ اور مرض ام الصبیان سے محفوظ رہے گا۔

## برائے اضافہ حافظہ

هُوَ الَّذِي أَنزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ آيَاتٌ مُّحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ
الْكِتَابِ وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ ۖ فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ
فَيَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيلِهِ ۗ
وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللّٰهُ ۗ وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ يَقُولُونَ
آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِّنْ عِندِ رَبِّنَا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ ۔ رَبَّنَا
لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً
إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ ۔ رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ
فِيهِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ

اگر کوئی شخص اس آیت کو خرمہ یا چینی پر تین مرتبہ تلاوت کر کے جس درد معدہ والے مریض کو کھلائے گا اس کا درد دور ہو جائے گا۔

## برائے دوری شک وسوسہ و فکرات فاسدہ وغیرہ

الصَّابِرِينَ وَالصَّادِقِينَ وَالْقَانِتِينَ وَالْمُنفِقِينَ
وَالْمُسْتَغْفِرِينَ بِالْأَسْحَارِ ۔ شَهِدَ اللّٰهُ أَنَّهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ
وَالْمَلَائِكَةُ وَأُولُو الْعِلْمِ قَائِمًا بِالْقِسْطِ ۚ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ
الْحَكِيمُ ۔ إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللّٰهِ الْإِسْلَامُ ۗ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِينَ
أُوتُوا الْكِتَابَ إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۗ
وَمَن يَكْفُرْ بِآيَاتِ اللّٰهِ فَإِنَّ اللّٰهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ

ان آیات کو چینی پر پڑھ کر اس کو شبنم کے پانی میں جو درختوں اور پودوں کے پتوں پر پڑتی ہے، اسے جمع کر کے یہ چینی اس میں ملا لیں، پھر اس پانی میں سے ساڑھے چار ماشے لگاتار چار دنوں تک پینے سے شک، وسوسے، فکرات فاسدہ دور ہو جاتے ہیں۔ اس عمل کے دوران غذا کے وقت سفید انجیر کھاتے رہیں۔ اس سے تمام سختیاں آسان ہو جاتی ہیں۔

## برائے قیام شاہی، برکت مال و رزق

قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَن تَشَاءُ وَتَنزِعُ
الْمُلْكَ مِمَّن تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَن تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَاءُ ۖ بِيَدِكَ
الْخَيْرُ ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۔ تُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ
النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ ۖ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ
مِنَ الْحَيِّ ۖ وَتَرْزُقُ مَن تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ



CamScanner

حدیث میں واقع ہے، جو شخص ان احادیث کی تلاوت میں مداومت کرے۔ اگر وہ بادشاہ ہے تو حق تعالیٰ اُس کی شاہی کو برقرار رکھے گا۔ اگر بادشاہ نہیں ہے تو اس کو مال عطا فرمائے گا اور اس کی تونگری بحال رہے گی۔ نیز یہ کہا گیا ہے جو شخص ہر نماز فریضہ کے بعد اور سوتے وقت ان آیات کی تلاوت میں مداومت کرے گا اس کی مفلسی دور ہو گی اور رزق کے دروازے اس پر کھل جائیں گے، جو مال اس کے پاس ہو گا، اس میں اضافہ ہوتا جائے گا۔

## برائے حفاظت حمل

إِذْ قَالَتِ امْرَأَتُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي

مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّي ۖ إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ. فَلَمَّا

وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ إِنِّي وَضَعْتُهَا أُنثَىٰ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا

وَضَعَتْ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنثَىٰ ۖ وَإِنِّي سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّي

أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ. فَتَقَبَّلَهَا

رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَأَنبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۖ

كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِندَهَا رِزْقًا ۖ قَالَ يَا

مَرْيَمُ أَنَّىٰ لَكِ هَٰذَا ۖ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِندِ اللَّهِ ۖ إِنَّ اللَّهَ يَرْزُقُ مَن

يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ

اگر ان آیات کو ہرن کی کھال پر زعفران اور گلاب سے لکھ کر حاملہ خاتون کے شکم پر باندھے تو وہ تمام آفتوں سے امان میں رہے گی اور اس کے شکم سے اولاد سلامتی کے ساتھ پیدا ہو گی ان شاء اللہ۔

## برائے دوری خوف حاکم

إِذْ هَمَّت طَّائِفَتَانِ مِنكُمْ أَن تَفْشَلَا وَاللَّهُ وَلِيُّهُمَا ۗ وَعَلَى

اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ. وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللَّهُ بِبَدْرٍ وَأَنتُمْ

أَذِلَّةٌ ۖ فَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ. إِذْ تَقُولُ لِلْمُؤْمِنِينَ

أَلَن يَكْفِيَكُمْ أَن يُمِدَّكُمْ رَبُّكُم بِثَلَاثَةِ آلَافٍ مِّنَ

الْمَلَائِكَةِ مُنزَلِينَ. بَلَىٰ ۚ إِن تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا وَيَأْتُوكُم مِّن

فَوْرِهِمْ هَٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُم بِخَمْسَةِ آلَافٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ

مُسَوِّمِينَ. وَمَا جَعَلَهُ اللَّهُ إِلَّا بُشْرَىٰ لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ

قُلُوبُكُم بِهِ ۗ وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِندِ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ

اگر ان آیات کو شب جمعہ آدھی رات کے قریب باوضو ہو کر لکھے۔ جب نماز صبح سے فارغ ہو تو طلوع آفتاب تک تعقیبات نماز میں مصروف رہے۔ اس کے بعد دو رکعت نماز نافلہ اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد آیت الکرسی اور دوسری رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد

آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مِن رَّبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ ۚ كُلٌّ

آمَنَ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ

مِّن رُّسُلِهِ ۚ وَقَالُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا

وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ. لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَهَا

مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۗ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا

إِن نَّسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا

كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا

مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ ۖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا ۚ

أَنتَ مَوْلَانَا فَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ

نماز کے بعد سات مرتبہ استغفار پڑھیں، سات مرتبہ توبہ کہیں، پھر یہ پڑھیں

حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

اس کے بعد تجدید وضو کریں اور آل عمران کی آیات کو لکھیں اور اپنے پاس رکھیں، اگر کسی بادشاہ یا ظالم حاکم سے خائف ہو تو یہ خوف ان آیات کی برکت سے زائل ہو جائے گا۔

## برائے دوری مہم سخت، شر دشمن اور سر درد

ثُمَّ أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّن بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُّعَاسًا يَغْشَىٰ طَائِفَةً

مِّنكُمْ ۖ وَطَائِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِاللَّهِ غَيْرَ

الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۖ يَقُولُونَ هَل لَّنَا مِنَ الْأَمْرِ مِن شَيْءٍ ۗ قُلْ

إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ ۗ يُخْفُونَ فِي أَنفُسِهِم مَّا لَا يُبْدُونَ لَكَ ۖ

يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هَاهُنَا ۗ قُل لَّوْ

كُنتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلَىٰ

مَضَاجِعِهِمْ ۖ وَلِيَبْتَلِيَ اللَّهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِي

قُلُوبِكُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ

اگر کسی شخص کو کوئی مہم در پیش ہو تو اس آیت کو لگاتار چالیس روز تک چالیس مرتبہ پڑھے، مہم حل ہو جائے گی۔

# نماز کی پابندی کے فوائد

سیدہ مہوش اعجاز

03 111 888 668 Youtube ImamiaJantriOfficial

نماز اسلام کا بنیادی رکن اور سب سے اہم عبادت ہے جسے اللہ تعالیٰ نے ہر مسلمان پر فرض کیا ہے۔ اسلامی نقطہ نظر کے مطابق نماز نہ صرف ایک عبادت ہے بلکہ یہ انسان کی روح، جسم، اخلاق اور معاشرتی زندگی کو سنوارنے کا ذریعہ بھی ہے۔ معصومین علیہ سلام نے نماز کو دین کا ستون قرار دیا ہے اور بار با اس بات پر زور دیا کہ نماز کی پابندی کرنا ایمان کی پختگی اور قرب خداوندی کا سب سے مؤثر وسیلہ ہے۔

## ۱۔ اللہ تعالیٰ سے قربت اور روحانی سکون

نماز کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ انسان کا براہ راست اللہ تعالیٰ سے رابطہ قائم کرواتی ہے۔ ہر سجدہ، ہر رکوع اور ہر دعا انسان کو اس حقیقت کی یاد دلاتی ہے کہ وہ عاجز ہے اور اللہ اس کا پروردگار ہے۔ نماز کو "مومن کی معراج" کہا گیا ہے۔ امام علیؑ نے فرمایا: "نماز دین کا ستون ہے، اگر یہ قبول ہو جائے تو باقی اعمال بھی قبول ہوں گے اور اگر یہ رد ہو جائے تو باقی اعمال بھی رد ہو جائیں گے۔

## ۲۔ اخلاقی و روحانی تربیت

اللہ تعالیٰ قرآن کریم کی سورۃ العنکبوت کی آیت نمبر 45 میں فرماتا ہے کہ" آپ، جس کتاب کی آپ کی طرف وحی کی گئی ہے اسے پڑھ کر سنائیں اور نماز قائم کریں کہ نماز ہر برائی اور بدکاری سے روکنے والی ہے اور اللہ کا ذکر بہت بڑی شے ہے اور اللہ تمہارے کاروبا سے خوب باخبر ہے"۔ اسلامی تعلیمات میں اس آیت کی گہری وضاحت ملتی ہے کہ نماز انسان کو گناہوں سے بچاتی ہے اور دل میں تقویٰ کو مستحکم کرتی ہے۔ امام جعفر صادق نے فرمایا کہ: "جو نماز اسے گناہوں سے نہ روکے وہ نماز نہیں بلکہ ایک خالی رسم ہے۔" اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز کا مقصد محض ظاہری حرکات نہیں بلکہ یہ انسان کے اخلاق اور کردار میں تبدیلی پیدا کرتی ہے۔ پانچ وقت کی نماز انسان کو بار بار یاد دلاتی ہے کہ اسے اپنے اعمال کا حساب دینا ہے، اور یہی احساس انسان کو برائی سے روکتا ہے۔

## ۳۔ جسمانی صحت کے فوائد

نماز کے ارکان انسانی صحت کے لئے بے پناہ فوائد رکھتے ہیں۔ رکوع، سجدہ اور قیام جسمانی ورزش کی صورت ہیں یہ دوران خون کو بہتر کرتے ہیں، اعصاب کو سکون دیتے ہیں اور جسمانی ساخت میں توازن پیدا کرتے ہیں۔ سجدہ دل و دماغ کو تازہ خون فراہم کرتا ہے جس سے ذہنی سکون ملتا ہے۔ جدید تحقیق بھی یہ بات ثابت کرتی ہے کہ جو لوگ باقاعدگی سے نماز پڑھتے ہیں وہ ذہنی دباؤ، اضطراب اور بے چینی سے زیادہ محفوظ رہتے ہیں۔

## ۴۔ نظم و ضبط اور وقت کی پابندی

نماز دن کے مختلف اوقات میں فرض کی گئی ہے تاکہ انسان کی زندگی میں وقت کی پابندی اور نظم و ضبط پیدا ہو۔ ایک مومن جب دن میں پانچ مرتبہ نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو وہ اپنی روزمرہ زندگی میں بھی وقت کی اہمیت کو سمجھتا ہے۔

## ۵۔ معاشرتی اتحاد اور بھائی چارہ

نماز جماعت اسلام میں خاص اہمیت رکھتی ہے۔ جب لوگ ایک امام کے پیچھے کھڑے ہو کر نماز پڑھتے ہیں تو مساوات اور بھائی چارہ قائم ہوتا ہے۔ امیر و غریب، طاقتور و کمزور سب ایک صف میں کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اس طرح نماز مسلمانوں میں اتحاد و یکجہتی کو فروغ دیتی ہے۔ حضرت امام جعفر صادق نے فرمایا کہ: "جماعت کے ساتھ ادا کی گئی نماز فرادا نماز سے چوبیس گنا زیادہ ثواب رکھتی ہے۔" یہ بات ظاہر کرتی ہے کہ اسلام فرد کے ساتھ ساتھ اجتماعی فائدے پر بھی زور دیتا ہے۔

## ۶۔ گناہوں کی بخشش اور دل کا سکون

نماز کو اہل بیتؑ نے گناہوں کی مغفرت کا بہترین ذریعہ قرار دیا ہے۔ ہر نماز کے بعد مومن دعا کرتا ہے اور اپنے رب سے مغفرت مانگتا ہے۔ امام زین العابدینؑ نے اپنی دعاؤں میں نماز کو روح کی راحت اور دل کا سکون قرار دیا۔ نماز کے ذریعے انسان دنیاوی پریشانیوں سے نجات پا کر اپنے دل کو سکون اور اطمینان بخشتا ہے۔ یہ وہ سکون ہے جو کسی اور ذریعے سے حاصل نہیں ہو سکتا۔ ہمیں چاہیے معصومین علیہم اسلام کے بتائے گئے اصولوں کے مطابق زندگی گزاریں اور دنیا اور آخرت کیلئے راہ نجات پر گامزن ہو جائیں۔ کیونکہ نماز اور معصومین کے فرمودات نہ صرف عبادت بلکہ انسان کی روحانی تربیت کا ذریعہ بھی ہیں یہ انسان کا تعلق خالق سے مضبوط کر کے اسے ممتاز بناتے ہیں اگر ہم نماز کو توجہ اور اخلاص کے ساتھ ادا کریں تو زندگی میں کامیابی اور سکون حاصل کر سکتے ہیں۔



CamScanner

جابر علی
المعروف شایان علی
([illegible])

# یک سالہ زائچے 2026

03 111 888 668

**نوٹ** مندرجہ ذیل دعا 9 مرتبہ روزانہ مقررہ وقت پر مع اول و آخر 9 مرتبہ درود پڑھ کر دم کریں۔ مشکلات آسان ہونگیں۔

**دعا رد نحوست سیارگان** بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اَللهُ يَا اَللهُ يَا اَللهُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا كَافِيْ يَا غَنِيُّ يَا مَالِكُ يَا قُدُّوْسُ يَا كَبِيْرُ يَا مُتَعَالُ يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِحْفَظْنِيْ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَمِنْ نُحُوْسَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالْعُطَارِدِ وَالزُّهْرَةِ وَالْمِرِّيْخِ وَالْمُشْتَرِيْ وَالزُّحَلِ وَالرَّاْسِ وَالذَّنْبِ بِحَقِّ يَا اَللهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّعَلِيٍّ وَّفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَعَلِيِّ ابْنِ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ وَّجَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَّمُوْسٰى ابْنِ جَعْفَرٍ وَّعَلِيِّ ابْنِ مُوْسٰى وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ وَّعَلِيِّ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَّحَسَنِ ابْنِ عَلِيٍّ وَّالْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

## حمل ARIES
21 Mar - 20 Apr
**سیارہ:** مریخ

**دن:** منگل **عدد:** 9 **حروف:** ا، ل، ع، ی



**رنگ:** ______ گلابی، ہلکا نیلا
**عنصر:** ______ آتشی
**جواہر:** ______ مرجان، یاقوت، اوپل، عقیق، یمنی
**بہترین شریک حیات:** ______ اسد، قوس
**ناموافق ساتھی:** ______ سرطان، میزان، جدی

**بیماریاں:** تیز بخار، اعصابی تناؤ، السر، شدید سر کا درد، درد شقیقہ

**ستاروں کی گردش و اہم معاملات:** 14 فروری سے ساڑھ ستی کا دوسرا ڈھائی سالہ وقت شروع ہو رہا ہے شخصی وقار متاثر ہونے کا اندیشہ ہے بالخصوص 27 جولائی سے 11 ستمبر کا دورانیہ محتاط کن ہوگا۔ مشتری کی رجعت 11 مارچ کو ختم ہوگی اولاد منگنی انعامی بانڈز کے حوالے سے کوئی فیصلہ نہ کریں۔ جبکہ 12 مارچ سے 12 دسمبر تک بہت اچھا وقت ہوگا اولاد کی جانب سے اچھی خبر مل سکتی ہے۔ انعامی بانڈز میں قسمت آزمائی کا اچھا وقت ہوگا۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام:** 14 فروری سے ساڑھ ستی کا دوسرا دور شروع ہو رہا ہے۔ آپ کو اپنے مزاج میں تبدیلی پیدا کرنی ہوگی گو کہ آپ سخت طبعیت کے حامل ہیں غلط بات برداشت نہیں کرتے ہیں لیکن بعض مقامات پر تحمل سے کام لینا ہوگا۔ بالخصوص 27 جولائی سے 11 دسمبر کا دورانیہ انتہائی محتاط کن ہوگا کیونکہ سیارہ زحل اس میں رجعت پذیر ہوگا اس کے منفی اثرات آپ کو مزید سخت مزاج کر سکتے ہیں۔ اس لیے اپنے ہر فیصلہ پر غور کریں تحمل سے ہر قدم اٹھائیں وقت کو اطمینان سے گزاریں کسی سے جھگڑا نہ کریں ورنہ دیرینہ رنجش میں تبدیل ہو جائے گا۔ 26 جنوری سے اختتام سال تک زحل اور نیپچون کا قران آپ پر دھوکے اور غلط فہمیوں کو بے نقاب کرے گا۔ مشتری کی نظر تثلیث 30 جون سے آخر سال تک ہوگی، لیکن اس کے ثمرات کا دورانیہ 30 جون سے 26 جولائی تک ہوگا۔ عزت و وقار میں بہتری آئے گی۔ اس دوران ذہنی عوارض کا علاج فائدہ مند ہوگا۔

**معاشی و مالی استحکام:** روزگار کے لیے 10 فروری سے 6 مارچ کا دورانیہ اچھے نتائج کا حامل ہوگا۔ نئے کام کی ابتداء اچھی ثابت ہوگی۔ جبکہ 9 جولائی سے 7 اگست کا دورانیہ روزگار کے لیے منفی نتائج کا حامل ہوگا آمدن میں کمی واقع ہونے کا امکان ہے۔ یا اخراجات بڑھنے کا اندیشہ ہے۔ 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی دوسرے گھر سے نظر تربیع اختتام سال تک رہے گی۔ اس دوران کاروبار میں مصروفیت بڑھے گی جبکہ آمدن میں اضافہ خاطر خواہ نہیں ہوگا۔ جبکہ 03 اکتوبر سے 14 نومبر تک زہرہ کی رجعت ہوگی۔ نیا کام ہرگز شروع نہ کریں۔ اس دوران غذا کی احتیاط کریں گلے کے عوارض ہو سکتے ہیں۔

**تعلقات خاص و عام اور بہن بھائی:** 26 اپریل سے اختتام سال تک تیسرے گھر سے زحل کی نظر تسدیس ہوگی۔ اسی طرح 30 جون

سے اختتام سال تک مشتری کی تیسرے گھر سے نظر تسدیس ہوگی۔ بہن بھائیوں سے روابط اچھے رہیں گے۔ تعلقات میں بھی بہتری آئے گی۔ جبکہ 26 فروری سے 21 مارچ، 29 جون سے 24 جولائی اور 24 اکتوبر سے 13 نومبر سیارہ عطارد کی رجعت ہوگی اس دوران بہن بھائیوں کی طرف سے کوئی بری خبر آسکتی ہے یا آپ کے مزاج پر کنٹرول نہ رہنے سے رنجش بھی پیدا ہوسکتی ہے، اس لیے اس دورانیہ میں محتاط رہیں۔

**گھر والدہ رہائش و جائیداد:** مشتری کی 30 جون تک موجودگی آپ کے لیے اچھے ثمرات کی حامل ہے ماسوائے ابتدائے سال سے 11 مارچ تک کیونکہ اس دوران مشتری کی رجعت ہوگی پراپرٹی کا لین دین نقصان دہ ثابت ہوگا۔ 12 مارچ سے 29 جون تک پراپرٹی سے نفع اٹھائیں۔ یہ سازگار دورانیہ ہے۔ والدہ کی طرف سے اگر صحت کی تشویش لاحق تھی تو اس دوران معالج بدلیں، صحت میں بہتری آسکتی ہے۔

**منگنی اولاد انعام ولاٹری:** 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی یہاں موجودگی آپ کو اولاد کی جانب سے مثبت نتائج دے گی انعامی بانڈز سے بھی فائدہ کا امکان نظر آرہا ہے۔ کوشش کریں 13–31– 44 کی سیریل کے بانڈ خرید کریں۔

**صحت اور لاحق امراض:** 19 اگست سے اختتام سال تک کیتو آپ کے چھٹے گھر میں قیام پذیر ہوگا۔ صحت کا خاص خیال رکھیں۔ اس کے علاوہ اپنی اشیاء کو سنبھال کر رکھیں کوئی چیز گم ہوسکتی ہے۔ 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی چھٹے گھر سے نظر تسدیس کے مثبت اثرات سے فائدہ اٹھائیے۔ اس دوران معالج سے کی گئی مشاورت سے صحت پر اچھے اثرات مرتب ہوں گے۔ اگر کوئی چیز گم ہوگئی تھی تو اس کا سراغ لگ جائے گا۔

**شراکتی ازدواجی معاملات و شادی بیاہ:** 10 فروری سے 6 مارچ کا دورانیہ بہت اچھا ہے سیارہ زہرہ کو شرف حاصل ہوگا۔ اس دوران عدالتی معاملات میں خاطر خواہ نتائج نظر آرہے ہیں۔ 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی ساتویں گھر سے نظر تثلیث ہوگی اس دوران ازدواجی معاملات میں بہتری آئے گی۔ جبکہ شراکت داری آپ کے لیے ساڑھ ستی ختم ہونے تک موزوں نہیں ہے۔ اس دوران عدالتی معاملات میں بھی اچھے نتائج کا امکان ہے۔ جبکہ 9 جولائی سے 7 اگست تک ہبوط زہرہ اور 03 اکتوبر سے 14 نومبر تک سیارہ زہرہ کی رجعت سے ازدواجی معاملات میں خرابی پیدا ہوسکتی ہے۔

**وراثت اور قرضے:** تمام سال مریخ کو رجعت نہیں ہوگی۔ ابتدائے سال سے 22 جنوری تک مریخ درجدی ہوگا شرف کے فوائد حاصل ہوں گے۔ وراثتی معاملات کو اس دورانیہ میں سلجھانے کی کوشش کریں تو بہترین نتائج ملیں گے۔ یوں تو ساڑھ ستی کے ازدواجی زندگی پر بھی اثرات مرتب ہوں گے لیکن زحل کی رجعت سے 27 جولائی سے 11 دسمبر کے دوران ان ثرات میں کمی واقع ہوگی۔

**حج زیارات بیرون ملک سفر قسمت اعلی تعلیم اور روحانیت:** 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی اپنے ہی گھر سے نظر تثلیث رہے گی اس دوران کی گئی تمام کوششوں کے اچھے نتائج سامنے آئیں گے۔ اگر آپ بیرون ملک جانے کے خواہشمند ہیں تو اس دوران آپ پر قسمت مہربان ہے باہر جاسکتے ہیں لیکن یاد رہے ساڑھ ستی کے دور میں باہر اپنا کام شروع نہ کریں بلکہ پرائیوٹ جاب کا سہارہ لیں تاکہ نقصان سے دوچار نہ ہوں۔

**آپ کی ساکھ آپ کا عھدہ:** دسویں گھر کا حاکم سیارہ زحل 14 فروری سے اپنے ہبوط کے برج حمل میں داخل ہوگا۔ یہاں ڈھائی سال تک موجود رہے گا۔ دوسری جانب زحل کی 27 جولائی سے 11 دسمبر تک رجعت ہوگی جو اس بات پر مدلل ہے کہ آپ کی ساکھ کو نقصان پہنچے گا۔ اور ایسا بھی ممکن ہے کہ آپ کا تبادلہ ایسی جگہ کر دیا جائے جہاں آپ کو کافی دشواریوں کا سامنا ہو۔ یا آپ کو ایسا منصب دے دیا جائے جسے سنبھالنا ایک مسئلہ بن جائے۔

**تجارت اور دیرینہ دوست احباب:** گیارہویں گھر کا حاکم سیارہ یورینس 26 اپریل سے برج جوزا میں داخل ہوگا۔ جبکہ زحل 27 جولائی سے 11 ستمبر تک رجعت پذیر ہوگا۔ اس دوران دیرینہ دوست احباب سے رنجش پیدا ہوسکتی ہے۔ اس لیے کوشش کریں بحث ومباحثہ سے حتی الوسع اجتناب کریں۔

**امیگریشن خفیہ معاملات:** 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی اپنے شرف کے گھر میں موجودگی آپ کے لیے خوش قسمتی کا باعث ہوگی۔ امیگریشن کے مسائل حل ہوں گے۔ خفیہ معاملات پر گفت وشنید مثبت نتائج لائے گی۔ بارہویں گھر کا حاکم سیارہ نیپچون ہے جو کہ 26 جنوری سے برج حمل میں داخل ہوگا۔ اور اس کی رجعت 07 جولائی سے 13 دسمبر تک ہوگی۔ اس دوران کسی سے بھی اپنا راز شیئر نہ کریں ورنہ راز فاش ہوسکتا ہے۔ امیگریشن کے مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔

**شمسی وقمری گرہن:** پہلا شمسی گرہن 17 فروری کو برج دلو یعنی گیارہویں گھر میں ہوگا جس کے دیرینہ دوست احباب اور خواہشات پر منفی اثرات ہوں گے۔ دوسرا شمسی گرہن 12 اگست کو برج اسد یعنی پانچویں گھر میں ہوگا جس کے اولاد پر منفی اثرات ہوسکتے ہیں۔ یا کوئی خبر غم

آسکتی ہے۔ پہلا قمری گرہن 03 مارچ کو برج سنبلہ یعنی چھٹے گھر میں ہوگا جس کے صحت پر منفی اثرات ہوسکتے ہیں یا کوئی چیز گم ہوسکتی ہے۔ دوسرا قمری گرہن 28 اگست کو برج حوت میں یعنی بارہویں گھر میں ہوگا اس لیے امیگریشن کے مسائل سے واسطہ پڑے گا اور ممکن ہے کہ بے احتیاطی آپ کو ہسپتال تک لے جائے۔

**صدقات وظائف اور جواهرات:** جب تک ساڑھ ستی کے دوسرے دور سے گزر رہے ہیں تب تک منگل کے دن گوشت کا صدقہ ضرور دیں۔ اس سال کا بادشاہ سیارہ زہرہ ہے جس کا عدد 6 ہے اسے آپ کے لکی عدد 9 میں جمع کریں تو مفرد عدد 6 بنتا ہے اس لیے یاعلیم کو 60 یا 600 مرتبہ پڑھیں تاکہ معاملات میں بہتری آئے۔

**نوٹ:** اپنے ستارے کے ماہانہ حالات جاننے کے لئے امامیہ جنتری آفیشل یوٹیوب چینل IMAMIAJANTRIOFFICIAL جوائن کریں۔

## ثور TAURUS سیارہ: زہرہ
21 Apr - 21 May



**دن:** جمعہ **عدد:** ٦ **حروف:** ب، و
**رنگ:** گہرا نیلا
**عنصر:** خاکی
**جواہر:** الماس، نیلم، فیروزہ
**بہترین شریک حیات:** سنبلہ، جدی
**ناموافق ساتھی:** اسد، عقرب، دلو

**بیماریاں:** حلق اور کانوں کے عوارض، پھوڑے پھنسیاں، تولیدی مسائل

**ستاروں کی گردش واهم معاملات:** 14 فروری سے ساڑھ ستی کا پہلا ڈھائی سالہ دور شروع ہورہا ہے امیگریشن اور خفیہ معاملات میں منفی نتائج کا سامنا ہوگا۔ صحت پر توجہ دینا ہوگی بیماری طول پکڑ سکتی ہے۔ بالخصوص 27 جولائی سے 11 ستمبر کا دورانیہ محتاط کن ہوگا۔ مشتری کی رجعت 11 مارچ کو ختم ہوگی ابتدائے سال سے 11 مارچ تک کا دورانیہ تعلقات عامہ اور بہن بھائیوں کے لیے مسائل پیدا کرسکتا ہے۔ اس حوالے سے کوئی فیصلہ نہ کریں ورنہ منفی نتائج سے دوچار ہوں گے۔ جبکہ 12 مارچ سے 12 دسمبر تک بہت اچھا وقت ہوگا جائیداد کے معاملات خوش اسلوبی سے طے پائیں گے۔ والدہ کی طبعیت اگر ناساز ہے تو بہتری آئے گی۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام:** شخصی وقار کے لیے 10 فروری سے 6 مارچ کا دورانیہ اچھے نتائج کا حامل ہوگا۔ مزاج میں بہتری آئے گی اس کے علاوہ ذہنی عوارض میں کمی آئے گی۔ جبکہ 9 جولائی سے 7 اگست کا دورانیہ عزت وقار کے لیے منفی نتائج کا حامل ہوگا۔ کسی بھی منصوبہ سازی کے لیے اس وقت کا انتخاب نہ کریں۔ 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی پہلے گھر سے نظر تربیع رہے گی۔ اس دوران ذہنی الجھاؤ میں پڑ سکتے ہیں۔ جبکہ 03 اکتوبر سے 14 نومبر تک زہرہ کی رجعت ہوگی۔ اس دوران شخصی وقار متاثر ہوگا۔ بہت محتاط رہنا ہوگا۔

**معاشی و معاشرتی مقام:** 26 اپریل سے اختتام سال تک دوسرے گھر سے زحل کی نظر تسدیس ہوگی۔ اسی طرح 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی دوسرے گھر سے نظر تسدیس ہوگی۔ روزگار میں بہتری آئے گی۔ نئے کام کی ابتدا اچھی رہے گی۔ جبکہ 26 فروری سے 21 مارچ، 29 جون سے 24 جولائی اور 24 اکتوبر سے 13 نومبر سیارہ عطارد کی رجعت ہوگی اس دوران کوئی بھی نیا کام ہرگز شروع نہ کریں۔ آمدن میں بھی کمی کا امکان ہے اور اخراجات بڑھنے کا اندیشہ ہے۔

**تعلقات خاص وعام اور بهن بهائی:** مشتری کی 30 جون تک موجودگی آپ کے لیے اچھے ثمرات کی حامل ہے ماسوائے ابتدائے سال سے 11 مارچ تک، کیونکہ اس دوران مشتری کی رجعت ہوگی بہن بھائیوں سے تعلقات خراب ہوسکتے ہیں مزاج پر کنٹرول رکھیں کچھ باتیں نظر انداز کریں۔ 12 مارچ سے 29 جون تک مثبت دورانیہ ہے تعلقات عامہ میں بہتری کا امکان ہے۔ بھرپور فائدہ اٹھائیں مشتری کی سعادت کو ہاتھ سے مت جانے دیں۔

**گھر والدہ رهائش وجائیداد:** 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی یہاں موجودگی آپ کو جائیداد کی جانب سے مثبت نتائج دے گی۔ پراپرٹی کا لین دین کرنا نفع بخش ثابت ہوگا۔ نئے مکان کی تعمیر کے لیے انتہائی سعد وقت ہوگا۔ وہ افراد جو نئے گھر خریدنے کے خواہش مند ہیں اگر کوشش کرتے رہیں تو پروردگار کی جانب سے ان کے لیے نیا گھر خریدنے کے اسباب مہیا ہوں گے۔ وہ افراد جو کرایہ دار ہیں اس دوران اگر گھر تبدیل کرتے ہیں تو ان کے لیے ہجرت خوش قسمتی کا باعث ہوگی۔

**منگنی اولاد انعام ولاٹری:** 19 اگست سے اختتام سال تک کیتو آپ کے پانچویں گھر میں قیام پذیر ہوگا۔ اولاد کی طرف توجہ دینا ہوگی ان کے روشن مستقبل کے لیے اچھی پلاننگ کریں۔ وہ افراد جو بے اولاد ہیں اس دوران کوئی نیا علاج معالجہ نہ کریں ورنہ منفی نتائج ملیں گے۔ 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی پانچویں گھر سے نظر تسدیس کے مثبت اثرات سے فائدہ اٹھائیے۔ اس دوران معالج سے کی گئی مشاورت سے مثبت نتائج ملیں گے۔ اس دوران بے اولاد افراد دعا کریں ان شاءاللہ اولاد کی نعمت سے مستفیض ہوں گے۔

**صحت اور لاحق امراض:** 10 فروری سے 6 مارچ کا دورانیہ بہت اچھا ہے سیارہ زہرہ کو شرف حاصل ہوگا۔ اس دوران صحت کے حوالے سے بہتری آئے گی۔ اگر زیادہ بیمار ہیں اور صحت یابی نہیں ہو رہی تو اس دوران معالج تبدیل کریں رو بہ صحت ہوں گے۔ 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی چھٹے گھر سے نظر تثلیث ہوگی اس دوران رنجشوں کا خاتمہ ہوگا۔ گمشدہ اشیاء یا افراد کا سراغ لگ سکتا ہے۔ جبکہ 9 جولائی سے 7 اگست تک ہبوط زہرہ اور 03 اکتوبر سے 14 نومبر تک سیارہ زہرہ کی رجعت سے صحت پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ خوراک میں اعتدال سے کام لیں۔

**شراکتی و ازدواجی معاملات:** تمام سال مریخ کو رجعت نہیں ہوگی۔ ابتدائے سال سے 22 جنوری تک مریخ درجدی ہوگا شرف کے فوائد حاصل ہوں گے۔ ازدواجی معاملات کو اس دورانیہ میں سلجھانے کی کوشش کریں تو بہترین نتائج ملیں گے۔

**وراثت اور قرضے:** 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی اپنے ہی گھر سے نظر تثلیث رہے گی اس دوران کی گئی تمام کوششوں کے اچھے نتائج سامنے آئیں گے۔ اگر آپ مقروض ہیں تو قرض کی ادائیگی کے اسباب مہیا ہوں گے۔ وراثتی معاملات کو احسن طریقہ سے سلجھایا جا سکتا ہے۔

**حج زیارات بیرون ملک سفر قسمت اعلیٰ تعلیم اور روحانیت:** نویں گھر کا حاکم سیارہ زحل 14 فروری سے اپنے ہبوط کے برج حمل میں داخل ہوگا۔ یہاں ڈھائی سال موجود رہے گا۔ دوسری جانب زحل کی 27 جولائی سے 11 دسمبر تک رجعت ہوگی جو اس بات پر مدلل ہے کہ بیرون ملک معاملات التوا کا شکار ہوں گے۔ اور روحانی امور میں تنزلی کا سامنا کرنا پڑے گا اس لیے معمولات کے ورد و وظائف میں تبدیلی نہ کریں۔

**آپ کی ساکھ آپ کا عہدہ:** دسویں گھر کا حاکم سیارہ یورینس 26 اپریل سے برج جوزا میں داخل ہوگا۔ جبکہ زحل 27 جولائی سے 11 ستمبر تک رجعت پذیر ہوگا۔ اس دوران ساکھ کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ اس لیے کوشش کریں بحث و مباحثہ سے حتی الوسع اجتناب کریں۔

**تجارت اور دیرینہ دوست احباب:** 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی اپنے شرف کے گھر میں موجودگی آپ کے لیے خوش قسمتی کا باعث ہوگی۔ دیرینہ دوست احباب سے تعلقات میں بہتری آئے گی۔ تجارتی امور میں انویسٹمنٹ سے فائدہ متوقع ہے۔ گیارہویں گھر کا حاکم سیارہ نیپچون ہے جو کہ 26 جنوری سے برج حمل میں داخل ہوگا۔ اور اس کی رجعت 07 جولائی سے 13 دسمبر تک ہوگی۔ اس دوران گفت و شنید میں احتیاط برتیں۔ کسی سے بھی مبالغہ آرائی سے کام لیں ورنہ رنجش طول پکڑ سکتی ہے۔

**امیگریشن خفیہ معاملات:** 14 فروری سے ساڑھ ستی کے پہلے دور کا آغاز ہو رہا ہے۔ امیگریشن کے مسائل پیدا ہوں گے۔ کسی بھی نابلد انسان سے راز شیئر نہ کریں ورنہ راز فاش ہو سکتے ہیں ساڑھ ستی کا پہلا دور آپ کو انتہائی احتیاط سے گزارنا ہوگا کیونکہ ساڑھ ستی کے اثرات صحت پر برے مرتب ہوتے ہیں۔ احتیاط نہ کی گئی تو دائمی مریض بن سکتے ہیں۔ بالخصوص 27 جولائی سے 11 دسمبر کا دورانیہ محتاط کن ہوگا کیونکہ سیارہ زحل کی رجعت ہوگی جس سے خفیہ امور کے مسائل شدت پکڑ سکتے ہیں۔ 26 جنوری سے اختتام سال تک زحل اور نیپچون کا قران غلط فہمیوں کو بے نقاب کرے گا اور فضول افراد سے دوری کا باعث بنے گا۔ مشتری کی نظر تثلیث 30 جون سے آخر سال تک ہوگی لیکن اس کے ثمرات کا دورانیہ 30 جون سے 26 جولائی تک ہوگا، اس دوران امیگریشن کے مسائل حل ہوں گے۔ اگر ہسپتال داخل ہیں تو رو بہ صحت ہوں گے۔

**شمسی و قمری گرہن:** پہلا شمسی گرہن 17 فروری کو برج دلو یعنی دسویں گھر میں ہوگا جس کے آپ کی ساکھ پر منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ دوسرا شمسی گرہن 12 اگست کو برج اسد یعنی چوتھے گھر میں ہوگا جس کے جائیداد پر منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ پہلا قمری گرہن 03 مارچ کو برج سنبلہ یعنی پانچویں گھر میں ہوگا جس کے اولاد پر منفی اثرات ہو سکتے ہیں یا کوئی بری خبر آ سکتی ہے۔ دوسرا قمری گرہن 28 اگست کو برج حوت میں یعنی گیارہویں گھر میں ہوگا۔ دیرینہ دوست احباب سے رنجش ہو سکتی ہے یا ان کی طرف سے کوئی بری خبر آ سکتی ہے۔

**صدقات وظائف اور جواہرات:** جب تک ساڑھ ستی کے پہلے دور سے گزر رہے ہیں تب تک جمعہ کے دن سفید رنگ کی اشیاء چاول وغیرہ کا صدقہ ضرور کریں۔ اس سال کا بادشاہ سیارہ زہرہ ہے جس کا عدد 6 ہے اسے آپ کے لکی عدد 6 میں جمع کریں تو مفرد عدد 3 بنتا ہے اس لیے یا لطیف کو 30 یا 300 مرتبہ پڑھیں تا کہ معاملات میں بہتری آئے۔

## دل کے مرض سے محفوظ رہنے کا عمل

ہر واجب نماز کے بعد دل پر ہاتھ رکھ کر پہلے درود پڑھے پھر 11 مرتبہ **یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ** کہے اور بارہویں مرتبہ کہے

**یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ**

اے زندہ، قائم رہنے والے، اے نہیں کوئی معبود مگر تو۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ زندہ کردے میرے دل کو۔ پھر آخر میں درود پڑھے اور دل سے ہاتھ اٹھائے

## جوزا GEMINI سیارہ عطارد

22 May - 21 Jun



**دن:** بدھ **عدد:** ۵ **حروف:** ق، ک

**رنگ:** ہلکا زرد

**عنصر:** بادی

**جواہر:** زمرد، زبرجد، زرد عقیق

**بہترین شریک حیات:** میزان، دلو

**ناموافق ساتھی:** سنبلہ، قوس، حوت

**بیماریاں:** سوء ہضم کے عوارض، کمر اور سانس کی تکالیف، اعصابی تکالیف

**ستاروں کی گردش واہم معاملات:** 14 فروری سے زحل بیت الامید میں ہوگا پرانے دوست احباب سے اور کنٹریکٹ کے معاملات میں آپ الجھ سکتے ہیں۔ دوست احباب کو ساتھ لے کر چلیں ان سے بیزاری کے حالات پیدا نہ ہونے دیں۔ بالخصوص 27 جولائی سے 11 ستمبر کا دورانیہ محتاط کن ہوگا۔ مشتری کی رجعت 11 مارچ کو ختم ہوگی ابتدائے سال سے 11 مارچ تک کا دورانیہ روزگار کے حوالے سے مسائل پیدا کرے گا۔ اس حوالے سے کوئی فیصلہ نہ کریں ورنہ منفی نتائج سے دوچار ہوں گے۔ جبکہ 12 مارچ سے 12 دسمبر تک بہت اچھا وقت ہوگا بالخصوص 12 مارچ سے 30 جون تک کا دورانیہ روزگار کے لیے مواقع پیدا کرے گا۔ 30 جون کے بعد مشتری تیسرے گھر داخل ہوکر اختتام سال 12 دسمبر تک تعلقات عامہ میں بہتری لائے گا۔ بہن بھائیوں سے تعلقات اچھے ہوں گے یا ان کی جانب سے بعض بہت اچھی خبریں سننے کو ملیں گی۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام:** 26 اپریل سے اختتام سال تک پہلے گھر سے زحل کی نظر تسدیس ہوگی۔ اسی طرح 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی پہلے گھر سے نظر تسدیس ہوگی۔ عزت ووقار میں بہتری آئے گی ذہنی عوارض کا خاتمہ ہوگا ڈپریشن میں کمی واقع ہوگی۔ جبکہ 26 فروری سے 21 مارچ، 29 جون سے 24 جولائی اور 24 اکتوبر سے 13 نومبر تک سیارہ عطارد کی رجعت ہوگی اس دوران کوئی بھی ایسا فیصلہ ہرگز نہ کریں جس کا تعلق ڈائریکٹ آپ کی ذات سے ہو جس میں آپ کا وقار مجروح ہونے کا اندیشہ ہو اس میں حتی الوسع اجتناب کریں۔

**معاشی ومالی استحکام:** مشتری کی 30 جون تک موجودگی آپ کے لیے اچھے ثمرات کی حامل ہے ماسوائے ابتدائے سال سے 11 مارچ تک کیونکہ اس دوران مشتری کی رجعت ہوگی اس دوران روزگار کے لیے کوئی نیا فیصلہ نہ کریں کسی بھی کاروبار کی ابتدا سے اجتناب کریں ورنہ رقم اور وقت دونوں کا ضیاع ہوگا۔ 12 مارچ سے 29 جون تک مثبت دورانیہ ہے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ نئے کام کی ابتدا فائدہ مند ثابت ہوگی اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں، مشتری کی سعادت کو ہاتھ سے مت جانے دیں۔

**تعلقات خاص وعام اور بہن بھائی:** 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی یہاں موجودگی تعلقات عامہ میں بہتری کا باعث بنے گی بہن بھائیوں کی جانب سے بعض اچھی خبریں سننے کو ملیں گی۔ اگر بہن بھائیوں سے رنجش چل رہی تھی تو اس دوران کی گئی پیشرفت سے تعلقات ازسر نو بحال ہوں گے۔ اس کے علاوہ معاشرتی حلقہ احباب میں نئے لوگ داخل ہوں گے۔ تعلقات وسعت اختیار کریں گے۔

**گھر والدہ رہائش وجائیداد:** 19 اگست سے اختتام سال تک کیتو آپ کے چوتھے گھر میں قیام پذیر ہوگا۔ جائیداد کے مسائل پیدا ہوسکتے ہیں اگر آپ کرایہ دار ہیں تو عین ممکن ہے گھر تبدیل کرنا پڑے گا۔ اگر نئے مکان کی تعمیر کرنا چاہیں تو کسی ماہر تقویم سے نیک وقت کے انتخاب کے لیے مدد ضرور لیجیے ۔ 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی چوتھے گھر سے نظر تسدیس کے مثبت اثرات سے فائدہ اٹھائیے۔ اس دوران نئے مکان کی تعمیر کریں تو اچھا ثابت ہوگا گھر کا تبدیل کرنا اچھا ثابت ہوگا۔ زراعت شعبہ سے منسلک ہیں تو یہ وقت آپ کے لیے زرعی ڈیلر کے طور پر اچھا ثابت ہوگا۔

**منگنی اولاد انعام ولاٹری:** 10 فروری سے 6 مارچ کا دورانیہ بہت اچھا ہے سیارہ زہرہ کو شرف حاصل ہوگا۔ اس دوران اولاد کی جانب سے اچھی خبر سامنے آسکتی ہے اگر انعامی سکیموں میں حصہ لینا چاہتے ہیں تو یہ وقت سازگار ثابت ہوگا۔ اگر بے اولاد ہیں تو معالج تبدیل کر کے دیکھیں ان شاءاللہ اچھے نتائج ملیں گے۔ 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی پانچویں گھر سے نظر تثلیث ہوگی اس دوران اپنی اولاد کے روشن مستقبل کی منصوبہ بندی کریں مثبت نتائج ملیں گے۔ اگر کسی اچھی خبر کے منتظر تھے تو بہت اچھی خبر سننے کو ملے گی۔ ماسوائے 9 جولائی سے 17 اگست تک ہبوط زہرہ اور 03 اکتوبر سے 14 نومبر تک سیارہ زہرہ کی رجعت ہوگی یہ دورانیہ نحس ہوگا۔ اس میں اچھی خبر کا پس منظر بھی خاص اچھا ثابت نہیں ہوگی یعنی اس دوران خوش خبری راس نہیں آئے گی۔

**صحت اور لاحق امراض:** تمام سال مریخ کو رجعت نہیں ہوگی۔ ابتدائے سال سے 22 جنوری تک مریخ درجدی ہوگا شرف کے فوائد حاصل ہوں گے۔ صحت خراب ہے تو معالج تبدیل کریں اور خوراک پر توجہ دیں ان شاءاللہ بہت جلد روبہ صحت ہوں گے۔ اگر کوئی چیز گم ہوگئی تھی تو اس کا سراغ لگ سکتا ہے۔

**شراکتی وازدواجی معاملات:** 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی اپنے ہی گھر سے نظر تثلیث رہے گی اس دوران کی گئی تمام

کوششوں کے اچھے نتائج سامنے آئیں گے۔ اگر آپ کسی مقدمہ الجھے ہوئے تھے تو اس کی گتھی سلجھتی نظر آ رہی ہے۔ ازدواجی زندگی میں کافی بہتری ہوگی۔ شراکت داری میں صرف ان لوگوں کا انتخاب کریں جن سے آپ کے ستارے ملتے ہیں۔ کم از کم استخارہ ضرور کرلیں۔ ویسے مجموعی طور پر یہ وقت شراکت داری، عدالتی و ازدواجی معاملات کے لیے سازگار ثابت ہوگا۔

## وراثت اور قرضے

آٹھویں گھر کا حاکم سیارہ زحل 14 فروری سے اپنے ہبوط کے برج حمل میں داخل ہوگا۔ یہاں ڈھائی سال تک موجود رہے گا۔ دوسری جانب زحل کی 27 جولائی سے 11 دسمبر تک رجعت ہوگی جو اس بات پر مدلل ہے کہ آپ مقروض ہوسکتے ہیں۔ اس لئے رقم کسی کو قرض کے طور پر دینے سے قبل یہ ضرور سوچ لیں کہ یہ بر وقت واپس نہیں ملے گی۔ اس دوران بینک سے ہرگز قرض نہ لیں ورنہ آپ کے رزق میں کمی واقع ہوگی اور قرض کی ادائیگی ایک معمہ بن کر رہ جائے گی۔

## حج زیارات بیرون ملک سفر قسمت اعلیٰ تعلیم

نویں گھر کا حاکم سیارہ یورینس 26 اپریل سے برج جوزا میں داخل ہوگا۔ جبکہ زحل 27 جولائی سے 11 ستمبر تک رجعت پذیر ہوگا۔ بیرون ملک سفر نہ کریں، سازگار ثابت نہیں ہوگا، بہت مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس کے علاوہ 6 مئی سے 16 اکتوبر تک پلوٹو نویں گھر میں رجعت پذیر ہوگا۔ اس دوران جتنا قدم بڑھانے کی کوشش کریں گے قسمت آپ کو اتنا ہی پیچھے دھکیلے گی۔ اگر آپ روحانی پیشوا ہیں تو کسی عمل میں رجعت کا سامنا ہوسکتا ہے اس دوران نیا ورد، وظیفہ، معمولات میں شامل کریں گے تو بقیہ وظائف کی پابندی سے بھی جاتے رہیں گے۔

## آپ کی ساکھ آپ کا عہدہ

12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی اپنے شرف کے گھر میں موجودگی آپ کے لیے خوش قسمتی کا باعث ہوگی۔ آپ کی کھوئی ہوئی ساکھ بحال ہوگی۔ نوکری پیشہ افراد کی پروموشن متوقع ہے۔ تجارتی امور میں نفع ملے گا۔ دسویں گھر کا حاکم سیارہ نیپچون ہے جو کہ 26 جنوری سے برج حمل میں داخل ہوگا۔ اور اس کی رجعت 07 جولائی سے 13 دسمبر تک ہوگی۔ اس دوران گفت وشنید میں احتیاط برتیں۔ کسی سے بھی مبالغہ آرائی سے کام نہ لیں ورنہ آپ کی ساکھ متاثر ہوگی صحیح بات کا بھی بتنگڑ بنے گا۔

## تجارت اور دیرینہ دوست احباب

14 فروری سے زحل آپ کے بیت الامید میں داخل ہورہا ہے۔ پرانے دوست احباب میں سے کچھ بچھڑ جائیں گے۔ اس دوران کوئی نیا کنٹریکٹ ہاتھ آئے گا لیکن اچھا ثابت نہیں ہوگا۔ بالخصوص 27 جولائی سے 11 دسمبر کا دورانیہ محتاط کن ہوگا کیونکہ سیارہ زحل کی رجعت ہوگی جس سے دوست احباب میں دوری پیدا ہوگی۔ بعض دوستوں سے مایوس ہوجائیں گے اور بعض قدرت کے امر سے بچھڑ جانے کا امکان ہے۔ 26 جنوری سے اختتام سال تک زحل اور نیپچون کا قران غلط فہمیوں کو بے نقاب کرے گا اور فضول افراد سے دوری کا باعث بنے گا۔ مشتری کی نظر تثلیث 30 جون سے آخر سال تک ہوگی لیکن اس کے ثمرات کا دورانیہ 30 جون سے 26 جولائی تک ہوگا اس دوران کوئی نیا کنٹریکٹ ہاتھ لگ سکتا ہے۔ اگر کسی دیرینہ دوست سے رنجش ہوچکی تھی تو اس دوران صلح کا قدم بڑھے گا۔

## امیگریشن خفیہ معاملات

10 فروری سے 6 مارچ شرف زہرہ ہوگا اس دوران امیگریشن کے معاملات حل ہوں گے۔ اس دوران کسی شخص کو آپ ہمراز بناتے ہیں تو ایک اچھا ہمراز ثابت ہوگا۔ 9 جولائی سے 7 اگست تک ہبوط زہرہ ہوگا اس دوران کسی سے جھگڑا نہ کریں ورنہ معاملات اس قدر الجھ سکتے ہیں کہ جیل جانا پڑ سکتا ہے۔ ابتدائے سال سے 30 جون تک مشتری کی برج سرطان میں رہتے ہوئے بارہویں گھر سے نظر تسدیس ہوگی دوسری جانب مشتری کی رجعت ابتدائے سال سے 11 مارچ تک رہے گی اس طرح مجموعی طور پر 12 مارچ سے 30 جون تک یہ مشتری کی نظر تسدیس آپ کے خفیہ معاملات کو سلجھانے میں مدد کرے گی۔ اگر بے جرم قید ہیں تو رہائی کے اسباب بنیں گے۔

## شمسی وقمری گرہن

پہلا شمسی گرہن 17 فروری کو برج دلو یعنی نویں گھر میں ہوگا جس سے قسمت پر منفی اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔ دوسرا شمسی گرہن 12 اگست کو برج اسد یعنی تیسرے گھر میں ہوگا۔ بہن بھائیوں کی جانب سے بری خبر آسکتی ہے یا کوئی جھگڑا ہوسکتا ہے۔ پہلا قمری گرہن 03 مارچ کو برج سنبلہ یعنی چوتھے گھر میں ہوگا جائیداد کے مسائل پیدا ہوسکتے ہیں والدہ کی صحت پر اثر پڑ سکتا ہے۔ دوسرا قمری گرہن 28 اگست کو برج حوت میں یعنی دسویں گھر میں ہوگا۔ نوکری پیشہ افراد عہدہ سے معزول کیے جا سکتے ہیں۔ کاروباری افراد کی ساکھ متاثر ہوسکتی ہے۔

## صدقات وظائف اور جواہرات

بروز بدھ اپنا موافق نگینہ نیلم یا اوپل پہنیں اور سفید یا فیروزی رنگ کی اشیا صدقہ کریں۔ اگر بیمار ہیں تو اپنے وزن کے مطابق گندم کسی مستحق کو صدقہ کریں، ان شاء اللہ بہت جلد شفایاب ہوں گے۔ اس سال کا بادشاہ سیارہ زہرہ ہے، جس کا عدد 6 ہے، اسے آپ کے لکی عدد 5 میں جمع کریں تو مفرد عدد 2 بنتا ہے اس لیے یاودود کو 20 یا 200 مرتبہ پڑھیں تاکہ معاملات میں بہتری آئے۔



CamScanner

# CANCER
سرطان — سیارہ: قمر
22 Jun - 23 Jul



دن: پیر — عدد: ۲ — حروف: ح، ہ
رنگ: سفید و دھیا
عنصر: آبی
جواہر: پکھراج، موتی، زمرد، عقیق
بہترین شریک حیات: عقرب، حوت
ناموافق ساتھی: حمل، جدی، میزان

بیماریاں: پھیپھڑوں اور سانس کی تکلیف، معدہ، گردوں اور پیشاب کی تکالیف

**ستاروں کی گردش واہم معاملات:** 14 فروری سے زحل دسویں گھر میں داخل ہوگا ملازم پیشہ افراد سروس میں محتاط رہیں، عہدہ سے معزول کیے جاسکتے ہیں۔ والد کی صحت کا خاص خیال رکھنا ہوگا۔ بالخصوص 27 جولائی سے 11 ستمبر کا دورانیہ محتاط کن ہوگا۔ مشتری کی رجعت 11 مارچ کو ختم ہوگی ابتدائے سال سے 11 مارچ تک کا دورانیہ شخصی وقار کو متاثر کرے گا ذہنی مسائل میں الجھ سکتے ہیں مزاج پر کنٹرول رکھنا ہوگا۔ جبکہ 12 مارچ سے 12 دسمبر تک بہت اچھا وقت ہوگا بالخصوص 12 مارچ سے 30 جون تک کا دورانیہ عزت ووقار میں اضافہ کا باعث ہوگا نفسیاتی مسائل میں کمی واقع ہوگی۔ اگر ذہنی عوارض میں مبتلا ہیں تو معالج تبدیل کریں نفع بخش ثابت ہوگا۔ 30 جون کے بعد مشتری دوسرے گھر میں داخل ہوکر اختتام سال 12 دسمبر تک آمدن میں اضافہ کا باعث بنے گا۔ علاج بذریعہ غذا میں فائدہ ملے گا۔ نیا کاروبار کرنے کے لیے سازگار وقت ہوگا۔ آمدن کو بے جا اخراجات کی نذر نہ ہونے دیں، یہ وقت دوبارہ میسر نہیں ہوگا۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام:** مشتری کی 30 جون تک موجودگی آپ کے لیے اچھے ثمرات کی حامل ہے ماسوائے ابتدائے سال سے 11 مارچ تک کیونکہ اس دوران مشتری کی رجعت ہوگی اس لیے مزاج پر کنٹرول رکھنا ہوگا آپ کی گفتگو آپ کے شخصی وقار کو متاثر کرسکتی ہے کسی کے ذاتی معاملات پر مشاورت سے مکمل اجتناب کرنا ہوگا۔ اس دوران ذہنی عوارض میں مبتلا ہوسکتے ہیں، بے جا سوچ بچار سے اجتناب کیجیے۔ 12 مارچ سے 29 جون تک مثبت دورانیہ ہے۔ ذہنی عوارض سے نجات ہوگی۔ شخصی وقار میں اضافہ ہوگا۔ قسمت کافی معاملات میں آپ کا ساتھ دے گی۔ معاشرتی تعلقات میں اضافہ ہوگا۔

**معاشی ومالی استحکام:** 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی یہاں موجودگی آپ کے کاروبار میں نئی راہیں کھولنے کا سبب بنے گی۔ آمدن میں بھی اضافہ ہوگا۔ کوشش کیجیے اس دوران آنیوالی رقم کو محفوظ کیجیے اخراجات کو حد سے تجاوز نہ ہونے دیجیے یہ وقت دوبارہ میسر نہیں ہوگا۔

**تعلقات خاص وعام اور بہن بھائی:** 19 اگست سے اختتام سال تک کیتو آپ کے تیسرے گھر میں قیام پذیر ہوگا۔ تعلقات عامہ میں غلط فہمیاں پیدا ہوسکتی ہیں، بات کی بنا تحقیق کیے شخصی وقار پر فیصلہ مت کیجیے، عین ممکن ہے آپ تک پہنچائی جانے والی بات میں کوئی صداقت ہی نہ ہو۔ بہن بھائیوں کی طرف سے تشویش لاحق ہونے کا اندیشہ ہے۔ 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی تیسرے گھر سے نظر تسدیس کے مثبت اثرات نمایاں ہوں گے۔ تعلقات عامہ میں بہتری آئے گی۔ اس دوران پیدا ہونے والے روابط دیرپا ہوں گے۔ بہن بھائیوں کے حوالے سے مثبت دورانیہ ہے۔

**گھر والدہ رہائش و جائیداد:** 10 فروری سے 6 مارچ کا دورانیہ بہت اچھا ہے سیارہ زہرہ کو شرف حاصل ہوگا۔ اس دوران جائیدا کے حوالے سے اچھی خبر سامنے آسکتی ہے اگر کوئی مقدمہ عدالت میں دائر کر رکھا تھا تو اب اس کا خاطر خواہ فیصلہ صادر ہوسکتا ہے۔ پراپرٹی کا لین دین نفع بخش ثابت ہوگا۔ اگر آپ کا ٹائلز کا کاروبار ہے تو یہ دورانیہ کاروباری مصروفیت میں اضافہ کا باعث بنے گا۔ 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی چوتھے گھر سے نظر تثلیث ہوگی اس دوران جائیداد کے مسائل حل ہوں گے۔ اگر والدہ بیمار ہیں تو معالج سے مشاورت کریں ان شا اللہ بہتری دیکھنے کو ملے گی۔ ماسوائے 9 جولائی سے 7 اگست تک ہبوط زہرہ ہوگا اور 03 اکتوبر سے 14 نومبر تک سیارہ زہرہ کی رجعت ہوگی اس دوران والدہ کی صحت کا خاص خیال رکھنا ہوگا۔ پراپرٹی کا لین دین بھی اس دوران نقصان کا موجب ہوسکتا ہے۔

**منگنی اولاد انعام ولاٹری:** تمام سال مریخ کو رجعت نہیں ہوگی۔ ابتدائے سال سے 22 جنوری تک مریخ درجدی ہوگا، شرف کے فوائد حاصل ہوں گے۔ اگر اس دوران منگنی کریں گے تو ازدواجی زندگی اچھی ثابت ہوگی۔ وہ افراد جو لاٹری میں قسمت آزمانا چاہتے ہیں اس عرصہ میں 26- 62 یا 88 سیریل کے پرائز بانڈ خریدیں، انشا اللہ انعام پائیں گے۔ وہ خواتین جو بے اولاد ہیں، اس دوران معالج کو تبدیل کریں، تو اولاد کی نعمت سے فیض یاب ہوں گی۔ اس دوران کوئی بہت اچھی خبر سننے کو مل سکتی ہے۔

**صحت اور لاحق امراض:** 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی اپنے ہی گھر سے نظر تثلیث رہے گی۔ اگر آپ بیمار ہیں تو معالج تبدیل کریں۔ ان شا اللہ روبہ صحت ہوں گے۔ معدہ کے عوارض میں کمی واقع ہوگی۔ اگر کوئی چیز گم ہوچکی تھی تو اس کا سراغ لگ سکتا ہے۔ ماضی میں اگر آپ کافی مشکلات کا شکار تھے تو اب پریشان نہ ہوں درپیش مشکلات کا خاتمہ ہوگا۔


محبوب رضا بخش قومی امام بارگاہ کوہاٹ
بک کارنر اقبال روڈ جہلم 0323-5777931

**شراکتی وازدواجی معاملات:** ساتویں گھر کا حاکم سیارہ زحل 14 فروری سے اپنے ہبوط کے برج حمل میں داخل ہوگا۔ یہاں ڈھائی سال موجود رہے گا۔ دوسری جانب زحل کی 27 جولائی سے 11 دسمبر تک رجعت ہوگی جو اس بات پر مدلل ہے کہ شریک حیات سے بیزاری پیدا ہوسکتی ہے یا کسی بات پر اختلاف رائے قائم ہوسکتا ہے۔ کوشش کریں اس دوران کسی سے پارٹنر شپ نہ کریں آپ کی پارٹنر شپ زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکے گی۔ اگر آپ عدلیہ سے منسلک ہیں تو احتیاط کریں، کوئی غلط فیصلہ سرزد ہوسکتا ہے۔ دلائل کے ساتھ حقائق پر بھی کڑی نظر رکھنی ہوگی۔

**وراثت اور قرضے:** آٹھویں گھر کا حاکم سیارہ یورینس 26 اپریل سے برج جوزا میں داخل ہوگا۔ جبکہ زحل 27 جولائی سے 11 ستمبر تک رجعت پذیر ہوگا۔ بالخصوص رجعت کے دوران قرض کا لین دین نہ کریں ورنہ اپنا وقار یا تعلق خراب کر بیٹھیں گے۔ اس دوران خفیہ امراض پیدا ہوسکتے ہیں ادویات کا بغیر معالج کی تجویز کے استعمال ہرگز نہ کریں۔ اس کے علاوہ 6 مئی سے 16 اکتوبر تک پلوٹو آٹھویں گھر میں رجعت پذیر ہوگا۔ اس دوران عزیز واقارب کی طرف سے خبر غم آسکتی ہے۔ جائیداد کا تنازعہ ہوسکتا ہے۔ وراثتی جائیداد اس دوران فروخت کرتے ہیں تو اس کی رقم آپ کو فوری انویسٹ کرنی ہوگی ورنہ تمام رقم ضائع کر بیٹھیں گے۔ فقط 26 اپریل سے 5 مئی کا دورانیہ ایسا ہے جس میں آپ وراثتی معاملات کو سلجھا سکتے ہیں لیکن فی الفور فیصلہ کرنے کی بجائے، ذرا توقف کر کے قدم اٹھائیے گا تا کہ جلد بازی میں غلط فیصلہ نہ کر بیٹھیں۔

**حج زیارات بیرون ملک سفر قسمت اعلیٰ تعلیم:** ابتدائے سال سے 30 جون تک مشتری اپنے شرف کے گھر میں موجود ہوگا لیکن 11 مارچ تک رجعت پذیر ہوگا اس دوران خاطر خواہ فوائد نہیں ملیں گے جبکہ 12 مارچ سے 30 جون تک کا دورانیہ آپ کے لیے خوش قسمتی کا باعث ہوگا۔ دور دراز کے سفر موافق رہیں گے۔ قسمت کو سنوارنے کے لیے کئے گئے فیصلے اچھے نتائج دیں گے۔ روحانیت کی طرف مائل ہوں گے اگر اس دوران معمولات کے وظائف کو مختصر اور ہمیشگی سے برقرار رکھتے ہیں تو روحانی منزل آپ کی منتظر ہوگی ایسے خواب دیکھیں گے جو مستقبل کی پیشین گوئی ثابت ہوں گے۔ نویں گھر کا حاکم سیارہ نیپچون ہے جو کہ 26 جنوری سے برج حمل میں داخل ہوگا۔ اور اس کی رجعت 07 جولائی سے 13 دسمبر تک دسویں گھر میں ہوگی۔ اس دوران دور دراز کا سفر پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔ مجموعی طور پر 12 مارچ سے 6 جولائی تک کا دورانیہ اچھا ہے اس میں قسمت مہربان رہے گی لیکن یاد رکھیے والد اگر بیمار ہیں تو ان کا صدقہ لازمی دیتے رہیں۔

**آپ کی ساکھ آپ کا عہدہ:** 14 فروری سے زحل آپ کے دسویں گھر میں داخل ہو رہا ہے۔ اور حالت ہبوط میں ہوگا جو کہ 27 جولائی سے 11 دسمبر تک حالت رجعت میں ہوگا۔ دوسری جانب مشتری کی نظر تثلیث 30 جون کے بعد دسویں گھر پر قائم ہوگی، جو کہ اختتام سال تک رہے گی۔ 26 جنوری سے اختتام سال تک زحل اور نیپچون کا قران ہوگا۔ مشتری کی نظر تثلیث 30 جون سے آخر سال تک ہوگی لیکن اس کے ثمرات کا دورانیہ 30 جون سے 26 جولائی تک ہوگا۔ اس دوران زحل اور نیپچون کے قران کے اثرات سمیت مجموعی طور پر یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ آپ کی ساکھ اگر غلط فہمی کی وجہ سے خراب ہوچکی تھی تو وہ غلط فہمی دور ہوجائے گی۔ 30 جون سے 26 جولائی تک مشتری کی نظر تثلیث آپ کی ساکھ اور آپ کے عہدہ کے لیے ایک غیب کی مدد کی حیثیت رکھتی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی پروموشن ہوجائے گی یا پھر آپ کو اعزازی منصب دیا جائے گا۔ والد سے غلط فہمی کے باعث کوئی رنجش تھی، تو وہ ختم ہوتی نظر آرہی ہے۔

**تجارت اور دیرینہ دوست احباب:** 10 فروری سے 6 مارچ تک شرف زہرہ ہوگا، اس دوران کوئی امید پوری ہونے کا امکان ہے۔ کوئی نیا کنٹریکٹ مل سکتا ہے۔ پرانے دوست احباب سے تعلقات بحال ہوں گے۔ 9 جولائی سے 7 اگست تک ہبوط زہرہ ہوگا اس دوران کوئی نیا کنٹریکٹ نہ کریں ورنہ نقصان کا خدشہ موجود ہے۔ مزاج پر کنٹرول رکھیں کسی دیرینہ دوست سے تلخ کلامی ہوسکتی ہے۔ ابتدائے سال سے 30 جون تک مشتری کی برج سرطان میں رہتے ہوئے گیارہویں گھر سے نظر تسدیس ہوگی، دوسری جانب مشتری کی رجعت ابتدائے سال سے 11 مارچ تک رہے گی اس طرح مجموعی طور پر 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی نظر تسدیس سے مثبت اثرات رونما ہوں گے۔ یہ دورانیہ ماضی کے کچھ دیرینہ معاملات کو سلجھانے کا بہتر موقع ہوگا۔

**امیگریشن خفیہ معاملات:** 26 اپریل سے اختتام سال تک بارہویں گھر سے زحل کی نظر تسدیس ہوگی۔ اسی طرح 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی بارہویں گھر سے نظر تسدیس ہوگی۔ خفیہ معاملات میں بہتری آئے گی، اگر آپ کسی خفیہ ٹیم کا حصہ ہیں تو آپ اس دوران اپنی صلاحیتوں کا بھرپور فائدہ اٹھا سکیں گے۔ جبکہ 26 فروری سے 21 مارچ، 29 جون سے 24 جولائی اور 24 اکتوبر سے 13 نومبر تک سیارہ عطارد کی رجعت ہوگی اس دوران صحت کا خاص خیال رکھیں اچانک بیماری کا حملہ ہوسکتا ہے پاؤں پر چوٹ لگ سکتی ہے۔ یا ٹانگوں میں درد رہنے کا امکان ہے۔ اور

ایک بات یاد رکھیں کسی سے مت الجھیں، جھگڑا آپ کو قید خانے تک لے جا سکتا ہے۔ اس دوران امیگریشن کے معاملات التوا کا شکار ہوں گے، بیرون ملک رہتے ہوئے قانونی خلاف ورزی آپ کو ملک بدر کر سکتی ہے، محتاط رہنا ہوگا۔ اس دوران اپنا راز بھی شیئر نہ کریں، ورنہ راز فاش ہو جائے گا۔

**شمسی وقمری گرہن:** پہلا شمسی گرہن 17 فروری کو برج دلو یعنی آٹھویں گھر میں ہوگا، جس سے طبیعت بے وجہ پریشان ہو سکتی ہے۔ دوسرا شمسی گرہن 12 اگست کو برج اسد یعنی دوسرے گھر میں ہوگا۔ غذا کی احتیاط کریں گلے کے عوارض لاحق ہو سکتے ہیں۔ رزق کی بندش ہو سکتی ہے۔ پہلا قمری گرہن 03 مارچ کو برج سنبلہ یعنی تیسرے گھر میں ہوگا، بہن بھائیوں میں غلط فہمیاں پیدا ہو سکتی ہیں قریبی سفر صدقہ دے کر کریں، تا کہ کسی بھی حادثے سے محفوظ رہ سکیں۔ دوسرا قمری گرہن 28 اگست کو برج حوت میں یعنی نویں گھر میں ہوگا۔ گرہن کے دو ہفتہ بعد تک کوئی طویل سفر اختیار نہ کریں، ورنہ کسی پریشانی سے دوچار ہوں گے۔

**صدقات وظائف اور جواہرات:** اس سال کا بادشاہ سیارہ زہرہ ہے جس کا عدد 6 ہے اسے آپ کے کلی عدد 2 میں جمع کریں تو مفرد عدد 8 بنتا ہے۔ اس لیے یا قدوس کو 80 یا 800 مرتبہ پڑھیں اور اپنا موافق نگینہ پکھراج کو بروز جمعرات پہنیں تا کہ معاملات میں بہتری آئے۔

**نوٹ:** اصلی پکھراج، اوپل اور دیگر سرٹیفائیڈ نگینے حاصل کرنے کے لئے امامیہ جنتری کے نمبر 03111 888 668 پر ابھی کال ملائیں نیز اپنے ستارے کے ماہانہ حالات جاننے کے لئے امامیہ جنتری آفیشل یوٹیوب چینل IMAMIAJANTRIOFFICIAL جوائن کریں۔

## اسد — LEO — سیارہ شمس
24 Jul - 23 Aug



**دن:** اتوار **عدد:** 1 **حروف:** م، ث

**رنگ:** گولڈن، نارنجی

**دھات:** تانبہ

**جواہر:** ہیرا، الیگزینڈرائٹ

**بہترین شریک حیات:** حمل، قوس، ثور

**ناموافق ساتھی:** عقرب، دلو

**بیماریاں:** ہائی بلڈ پریشر، ریڑھ کی ہڈی، کمر کی تکلیف، دل کی تکلیف

**ستاروں کی گردش واہم معاملات:** 14 فروری سے زحل نویں گھر میں داخل ہوگا چونکہ یہاں حالت ہبوط میں ہوگا اس لیے بیرون ملک کے حوالے سے سازگار نہیں ہوگا، بالخصوص 27 جولائی سے 11 ستمبر کا دورانیہ محتاط کن ہوگا۔ مشتری کی رجعت 11 مارچ کو ختم ہوگی، ابتدائے سال سے 11 مارچ کا دورانیہ امیگریشن کے مسائل میں اضافہ کا باعث ہوگا۔ جبکہ 12 مارچ سے 12 دسمبر تک بہت اچھا وقت ہوگا، بالخصوص 12 مارچ سے 30 جون تک کا دورانیہ خفیہ معاملات میں اور امیگریشن کے مسائل میں بہتری لائے گا اگر خفیہ ایجنسی سے منسلک ہیں تو صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ 30 جون کے بعد مشتری پہلے گھر داخل ہو کر اختتام سال 12 دسمبر تک عزت ووقار میں اضافہ کا باعث بنے گا آپ کا مزاج اگر ناخوش گوار رہا تھا تو یقیناً اس دوران خوش گوار ہو جائے گا۔ ذہنی عوارض سے کافی حد تک نجات ملے گی۔ الجھنوں کا بہتر حل نکل آئے گا۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام معاشی و مالی استحکام:** 19 اگست سے اختتام سال تک کیتو آپ کے دوسرے گھر میں قیام پذیر ہوگا، آمدن میں کمی واقع ہوگی یا پھر اخراجات تجاوز کریں گے۔ 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی دوسرے گھر سے نظر تسدیس کے مثبت اثرات نمایاں ہوں گے۔ آمدن میں اضافہ ہوگا۔ گلے کے عوارض میں مبتلا ہیں تو اس دوران معالج تبدیل کریں، ان شاء اللہ بہت جلد روبہ صحت ہوں گے۔

**تعلقات خاص وعام اور بہن بھائی:** تیسرے گھر کا حاکم سیارہ زہرہ 10 فروری سے 6 مارچ تک حالت شرف میں ہوگا۔ بہن بھائیوں سے تعلقات بہتر ہوں گے۔ تعلقات عامہ میں اضافہ ہوگا قریبی سفر کافی حد تک سازگار رہیں گے۔ 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی تیسرے گھر سے نظر تسدیس ہوگی، اس دوران بہن بھائیوں کی جانب سے کوئی اچھی خبر سننے کو ملے گی۔ ماسوائے 9 جولائی سے 17 اگست تک ہبوط زہرہ اور 03 اکتوبر سے 14 نومبر تک سیارہ زہرہ کی رجعت ہوگی، اس دوران بہن بھائیوں سے بحث ومباحثہ نہ کریں ورنہ دائمی رنجش ہو سکتی ہے، اگر چہ آپ حق پر ہوں گے، لیکن رشتے نبھانے کے لیے انا ختم کرنی پڑے گی۔

**گھر والدہ رہائش وجائیداد:** تمام سال مریخ کو رجعت نہیں ہوگی۔ امسال یکم جنوری سے 22 جنوری تک مریخ درجدی ہوگا اس دوران شرف کے فوائد حاصل ہوں گے۔ اس دوران رہائش کی تبدیلی موافق ثابت ہوگی۔ والدہ اگر بیمار ہیں تو اس دوران معالج تبدیل کیجیے، ان شاء اللہ روبہ صحت ہوں گی۔ پراپرٹی کا لین دین بھی فائدہ مند رہے گا تاہم خرید وفروخت کا زیادہ امکان نظر نہیں آرہا لیکن جو بھی خرید وفروخت ہوگی وہ نفع بخش رہے گی۔ جبکہ 23 جنوری سے اختتام سال تک کسی سیارے کی نظر یا موجودگی نہ ہونے کے باعث کوئی خاص فائدہ یا نقصان نظر نہیں آتا۔

**منگنی اولاد انعام ولاٹری:** 30 جون سے اختتام سال تک

مشتری کی اپنے ہی گھر سے نظر تثلیث رہے گی۔ وہ افراد جن کی نسبت طے نہیں پا رہی تھی اس دوران اگر کہیں بات چیت ہوتی ہے تو قوی امکان ہے کہ نسبت طے پا جائے گی۔ پرائز بانڈز کے شائقین کے لیے 16,61 اور 77 کی سیریل لکی ثابت ہوگی اس لیے اس سیریل کے پرائز بانڈ خریں اور قسمت آزمائیں۔

**صحت اور لاحق امراض** چھٹے گھر کا حاکم سیارہ زحل 14 فروری سے اپنے ہبوط کے برج حمل میں داخل ہوگا۔ یہاں ڈھائی سال تک موجود رہے گا۔ دوسری جانب زحل کی 27 جولائی سے 11 دسمبر تک رجعت ہوگی، جو اس بات پر مدلل ہے کہ صحت کا خاص خیال رکھنا ہوگا، آپ سب کے لیے حاضر رہتے ہیں، مگر اپنے لیے لاپرواہ ہیں، یہ عادت ترک کریں۔ ویسے تو مکمل سال آپ کا صحت کے حوالے سے احتیاط کا ہے لیکن 27 جولائی سے 11 دسمبر تک، کسی قسم کی لاپرواہی نہ کریں ورنہ بیماری غلبہ کر سکتی ہے۔

**شراکتی و ازدواجی معاملات** ساتویں گھر کا حاکم سیارہ یورینس 26 اپریل سے برج جوزا میں داخل ہوگا۔ جبکہ زحل 27 جولائی سے 11 ستمبر تک رجعت پذیر ہوگا۔ بالخصوص رجعت کے دوران شادی ہرگز طے نہ کریں، ورنہ تمام زندگی بے وجہ اضطراب اور بے سکونی کا شکار رہیں گے۔ شعبہ وکالت سے منسلک افراد مقدمات کا بغور جائزہ لیں، تھوڑی سی لاپرواہی سے جیتنے والا مقدمہ ہارنے کا اندیشہ ہے۔ اس کے علاوہ 6 مئی سے 16 اکتوبر تک پلوٹو ساتویں گھر میں رجعت پذیر ہوگا۔ شراکت داری ہرگز نہ کریں، کیونکہ نقصان کا قوی امکان موجود ہے۔ فقط 26 اپریل سے 5 مئی کا دورانیہ سال بھر میں شراکت داری کے لیے اچھا ہے۔

**وراثت اور قرضے** ابتدائے سال سے 30 جون تک مشتری اپنے شرفی گھر میں موجود ہوگا لیکن 11 مارچ تک رجعت پذیر ہوگا اس دوران خاطر خواہ فوائد نہیں ملیں گے جبکہ 12 مارچ سے 30 جون تک کا دورانیہ آپ کے لیے خوش قسمتی کا باعث ہوگا۔ اس دوران قرض کا لین دین بھی فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اس دوران اگر کسی انتہائی پیچیدہ معاملہ پر گفت و شنید کر کے سلجھانے کی کوشش کرتے ہیں تو دائمی اور ناقابل تلافی نقصان سے بچ جائیں گے۔ آٹھویں گھر کا حاکم سیارہ نیپچون ہے جو کہ 26 جنوری سے برج حمل میں داخل ہوگا یہاں حالت ہبوط میں ہوگا۔ اور اس کی رجعت 07 جولائی سے 13 دسمبر تک نویں گھر میں ہوگی۔ اس دوران دور دراز کا سفر پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔ مجموعی طور پر 12 مارچ سے 6 جولائی تک کا دورانیہ اچھا ہے، قسمت مہربان رہے گی۔ کوشش کیجیے اس وقت سے فائدہ اٹھائیے۔ خفیہ امراض کا شکار ہیں تو اس دوران معالج تبدیل کیجیے تو بہتری محسوس کریں گے۔

**حج زیارات بیرون ملک سفر قسمت اعلیٰ تعلیم**

14 فروری سے زحل آپ کے نویں گھر میں داخل ہو رہا ہے۔ اور حالت ہبوط میں ہوگا جو کہ 27 جولائی سے 11 دسمبر تک حالت رجعت میں ہوگا، دوسری جانب مشتری کی نظر تثلیث 30 جون کے بعد نویں گھر پر قائم ہوگی، جو کہ اختتام سال تک رہے گی۔ 26 جنوری سے اختتام سال تک زحل اور نیپچون کا قران ہوگا۔ مشتری کی نظر تثلیث 30 جون سے آخر سال تک ہوگی لیکن اس کے ثمرات کا دورانیہ 30 جون سے 26 جولائی تک ہوگا۔ اس دوران زحل اور نیپچون کے قران کے اثرات سمیت مجموعی طور پر یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے، مشتری کے ثمرات کے دوران آپ کو کسی نے بیرون ملک کا لالچ دے کر رقم بٹورنے کی کوشش کی، تو وہ بے نقاب ہو جائے گا۔ جبکہ یکم جنوری سے 29 جون اور 27 جولائی سے 31 دسمبر تک کا دورانیہ بڑا محتاط کن ہے۔ بیرون ملک سفر کا اول تو کم امکان ہے اور بفرض محال سفر کے اسباب پیدا بھی ہو جاتے ہیں تب بھی آپ بیرون ملک بہت سے مسائل سے دوچار ہوں گے۔

**آپ کی ساکھ آپ کا عہدہ** دسویں گھر کے حاکم سیارہ زہرہ کا شرف 10 فروری سے 6 مارچ تک ہوگا، اس دوران کھوئی ہوئی ساکھ بحال ہو سکتی ہے۔ اور قوی امکان ہے کہ آپ کو کوئی اہم ذمہ داری سونپ دی جائے یا پھر آپ کا عہدہ بڑھا دیا جائے۔ 9 جولائی سے 7 اگست تک ہبوط زہرہ ہوگا، اس دوران اپنے فرائض منصبی میں لاپرواہی آپ کی ساکھ خراب کر سکتی ہے، مخالفین آپ پر کڑی نظر رکھیں گے، احتیاط اپنے اوپر لازم کر لیں۔ ابتدائے سال سے 30 جون تک مشتری کی برج سرطان میں رہتے ہوئے دسویں گھر سے نظر تسدیس ہوگی، دوسری جانب مشتری کی رجعت ابتدائے سال سے 11 مارچ تک رہے گی، اس طرح مجموعی طور پر 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی نظر تسدیس سے مثبت اثرات رونما ہوں گے۔ کوشش کریں کہ فرصت کے لمحات کو والد کے ساتھ گزاریں ان کی دعائیں لیں تاکہ مستقبل بعید تک دعاؤں کے سبب اللہ لوگوں کے دلوں میں آپ کا وقار ہمیشہ قائم رکھے۔

**تجارت اور دیرینہ دوست احباب** 26 اپریل سے اختتام سال تک گیارہویں گھر سے زحل کی نظر تسدیس ہوگی۔ اسی طرح 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی گیارہویں گھر سے نظر تسدیس ہوگی۔ کوئی نیا کنٹریکٹ مل سکتا ہے۔ پرانے دوست احباب کی جانب سے اچھی خبر متوقع ہے۔ جبکہ 26 فروری سے 21 مارچ، 29 جون سے 24 جولائی اور 24 اکتوبر سے 13 نومبر سیارہ عطارد کی رجعت ہوگی اس دوران کوئی بھی نیا معاہدہ



CamScanner

# VIRGO سنبلہ
24 Aug - 23 Sep
ستارہ: عطارد



دن: بدھ عدد: ۵ حروف: پ، غ
رنگ: ________ گہرا زرد، پیلا
عنصر: ________ خاکی
جواہر: ________ گومیدک، زرد، عقیق، فیروزہ
بہترین شریک حیات: ________ جدی، ثور
ناموافق ساتھی: ________ قوس، حوت، جوزا
بیماریاں: معدہ، جگر، آنتوں کی بیماریاں، مثانہ، سرطان کی تکالیف

## ستاروں کی گردش واہم معاملات
14 فروری سے زحل آٹھویں گھر میں داخل ہوگا چونکہ یہاں حالت ہبوط میں ہوگا۔ مقروض ہوسکتے ہیں یا کسی کو قرض دی گئی رقم ڈوب سکتی ہے بالخصوص 27 جولائی سے 11 ستمبر کا دورانیہ محتاط کن ہوگا۔ مشتری کی رجعت 11 مارچ کو ختم ہوگی۔ ابتدائے سال سے 11 مارچ کا دورانیہ کنٹریکٹ اور دیرینہ خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ کا باعث بنے گا۔ جبکہ 12 مارچ سے 12 دسمبر تک بہت اچھا وقت ہوگا، بالخصوص 12 مارچ سے 30 جون تک کا دورانیہ دیرینہ خواہشات کی تکمیل اور پرانے تعلقات بحال کرنے کے لیے سازگار ہوگا۔ 30 جون کے بعد مشتری بارہویں گھر داخل ہوکر اختتام سال 12 دسمبر تک خفیہ معاملات میں بہتری کا باعث بنے گا۔ امیگریشن کے مسائل حل ہوں گے۔

## عزت وقار و معاشرتی مقام
19 اگست سے اختتام سال تک کیتو آپ کے پہلے گھر میں قیام پذیر ہوگا آپ کو بڑے تدبرانہ انداز سے کام لینا ہوگا، کسی بھی معاملہ پر بغیر غور وفکر کیے فی البدیع کلام عزت ووقار کی خرابی کا باعث ہوگا۔ 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی پہلے گھر سے نظر تسدیس کے مثبت اثرات نمایاں ہوں گے۔ عزت ووقار میں اضافہ ہوگا۔ کسی محفل میں مہمان خصوصی ہوسکتے ہیں۔ مزاج خوش گوار ہوگا۔ وہ افراد جو بلڈ پریشر یا ذہنی عوارض میں مبتلا ہیں، معالج سے مشاورت کریں یا معالج تبدیل کریں، ان شاءاللہ کافی بہتر محسوس کریں گے۔

## معاشی ومالی استحکام
دوسرے گھر کا حاکم سیارہ زہرہ 10 فروری سے 6 مارچ تک حالت شرف میں ہوگا۔ روزگار میں بہتری آئے گی۔ کسی سے دلی رغبت بہت بڑھے گی۔ وہ افراد جو گلے کے عوارض میں مبتلا ہیں ان کے لیے اچھا وقت ہے، معالج تبدیل کریں یا دوبارہ مشاورت کریں ان شاءاللہ روبہ صحت ہوں گے۔ 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی دوسرے گھر سے نظر تسدیس ہوگی اس دوران آمدن میں اضافہ متوقع ہے۔ ماسوائے 9 جولائی سے 7 اگست تک ہبوط زہرہ اور 03 اکتوبر سے 14

ہرگز نہ کریں، ورنہ بعد میں غلط نتائج کی وجہ سے پچھتانا پڑے گا۔ مشتری کی 30 جون تک موجودگی آپ کے لیے اچھے ثمرات کی حامل ہے ماسوائے ابتدائے سال سے 11 مارچ تک کیونکہ اس دوران مشتری کی رجعت ہوگی اس لئے بہتر ہے کہ اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ لاپرواہی سے ہسپتال داخل ہوسکتے ہیں۔ اس دوران ڈرائیونگ میں بھی احتیاط کرنی ہوگی، ورنہ پاؤں یا ٹانگوں پر چوٹ لگ سکتی ہے۔ 12 مارچ سے 29 جون تک مثبت دورانیہ ہے، اگر بے جرم قید ہیں تو رہائی ہوگی۔ اگر خفیہ امراض کا شکار ہیں تو معالج سے مشاورت کیجیے یا معالج تبدیل کیجیے، ان شاءاللہ روبہ صحت ہوں گے۔ بیرون ملک مقیم ہیں تو آسانیوں کا وقت ہے۔

## امیگریشن خفیہ معاملات
30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی یہاں موجودگی آپ کے کاروبار میں نئی راہیں کھولنے کا سبب بنے گی۔ آمدن میں بھی اضافہ ہوگا۔ کوشش کیجیے اس دوران آنیوالی رقم کو محفوظ کیجیے اخراجات کو حد سے تجاوز نہ ہونے دیجیے، یہ وقت دوبارہ میسر نہیں ہوگا۔

## شمسی وقمری گرہن
پہلا شمسی گرہن 17 فروری کو برج دلو یعنی چھٹے گھر میں ہوگا اشیا سنبھال کر رکھیں کوئی چیز کھو سکتی ہے۔ دوسرا شمسی گرہن 12 اگست کو برج اسد یعنی بارہویں گھر میں ہوگا۔ امیگریشن کے معاملات خرابی کا شکار ہوسکتے ہیں۔ پہلا قمری گرہن 03 مارچ کو برج سنبلہ یعنی پہلے گھر میں ہوگا۔ ذہنی عوارض پیدا ہوسکتے ہیں یا سخت مزاج ہوسکتے ہیں۔ دوسرا قمری گرہن 28 اگست کو برج حوت میں یعنی ساتویں گھر میں ہوگا۔ اس دوران شریک حیات سے رنجش ہوسکتی ہے۔

## صدقات وظائف اور جواہرات
اس سال کا بادشاہ سیارہ زہرہ ہے جس کا عدد 6 ہے اسے آپ کے لکی عدد 5 میں جمع کریں تو مفرد عدد 2 بنتا ہے اس لیے یا ودود کو 20 یا 200 مرتبہ پڑھیں اور اپنا موافق نگینہ عقیق یمنی یا پھر فیروزہ کو بروز ہفتہ پہنیں تا کہ معاملات میں بہتری آئے۔

**نوٹ:** اصلی عقیق یمنی، فیروزہ اور دیگر سرٹیفائیڈ نگینے حاصل کرنے کے لئے امامیہ جنتری کے نمبر 03111 888 668 پر ابھی کال ملائیں نیز اپنے ستارے کے ماہانہ حالات جاننے کے لئے امامیہ جنتری آفیشل یوٹیوب چینل IMAMIAJANTRIOFFICIAL جوائن کریں۔

آیت الکرسی کو وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ تک جو شخص اپنے نام کے اعداد کے مطابق 40 روز پڑھے۔ اول و آخر 100 مرتبہ درود پاک پڑھے تو رزق کے بند دروازے کھل جائیں گے۔ بزرگ علماء کا آزمودہ ہے۔

نومبر تک سیارہ زہرہ کی رجعت ہوگی۔ اس دوران کوشش کریں اخراجات کو تجاوز نہ کرنے دیں۔ ورنہ زحل آٹھویں گھر میں پہلے ہی ہبوط کا شکار ہے، اس لیے مقروض ہونے میں دیر نہیں لگے گی۔

**تعلقات خاص و عام اور بہن بھائی** تمام سال مریخ کو رجعت نہیں ہوگی۔ امسال یکم جنوری سے 22 جنوری تک مریخ در جدی ہوگا، شرف کے فوائد حاصل ہوں گے۔ اس دوران بہن بھائیوں کی جانب سے اچھی خبر آسکتی ہے۔ قریبی تعلقات میں بہتری کا امکان ہے۔ قریبی سفر کافی حد تک وسیلہ ظفر ہوں گے۔ جبکہ 23 جنوری سے اختتام سال تک کسی سیارے کی نظر یا موجودگی نہ ہونے کے باعث کوئی خاص فائدہ یا نقصان نظر نہیں آتا۔

**گھر والدہ رہائش و جائیداد** 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی اپنے ہی گھر سے نظر تثلیث رہے گی۔ وہ افراد جو اپنا گھر بنانا چاہتے ہیں بھرپور محنت کرتے رہیں، قدرت کی جانب سے ان کے لیے مقصد کی تکمیل کا راستہ ہموار ہونے کا قوی امکان ہے۔ کرایہ دار ہیں تو مناسب کرایہ پر رہائش مل جائے گی۔ یہ سال آپ کے لیے پراپرٹی کے حوالے سے بہت اچھا ہے انویسٹمنٹ کریں اگر جلد بازی نہ کریں تو اچھا منافع کما سکتے ہیں۔

**منگنی اولاد انعام و لاٹری** پانچویں گھر کا حاکم سیارہ زحل 14 فروری سے اپنے ہبوط کے برج حمل میں داخل ہوگا۔ یہاں ڈھائی سال موجود رہے گا۔ دوسری جانب زحل کی 27 جولائی سے 11 دسمبر تک رجعت ہوگی جو اس بات پر مدلل ہے کہ اولاد کی جانب سے تشویش لاحق ہو سکتی ہے۔ وہ خواتین جو امسال حاملہ ہوں انہیں چاہیے کہ اپنا بھرپور خیال رکھیں، باقاعدگی سے اپنے معالج سے رابطہ میں رہیں، بالخصوص 27 جولائی سے 11 دسمبر تک کسی قسم کی لاپرواہی نہ کریں، ورنہ اولاد کے حوالے سے مایوسی ہو سکتی ہے۔ منگنی کے حوالے سے یہ سال خاص اچھا معلوم نہیں ہو رہا بالخصوص 27 جولائی سے 11 دسمبر کے دوران اچھے وقت کا انتخاب کیے بغیر نسبت طے نہ کریں ورنہ ختم ہو سکتی ہے۔ لاٹری کے شائقین افراد اچھے وقت کا انتخاب کر کے پرائز بانڈ کی سیریل نمبر 20-47-56- 92 خریدیں تو فائدہ ہوگا۔

**صحت اور لاحق امراض** چھٹے گھر کا حاکم سیارہ یورینس 26 اپریل سے برج جوزا میں داخل ہوگا۔ جبکہ زحل 27 جولائی سے 11 ستمبر تک رجعت پذیر ہوگا۔ بالخصوص رجعت کے دورانیہ میں صحت کا خاص خیال رکھنا ہوگا ورنہ کسی بیماری میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ اپنی اشیاء کی حفاظت کرنی ہوگی کوئی چیز کھو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ 6 مئی سے 16 اکتوبر تک پلوٹو چھٹے گھر میں رجعت پذیر ہوگا۔ صحت کے لیے سال کا سب سے محتاط دورانیہ ہوگا، خوراک میں اعتدال سے کام لینا ہوگا۔ فقط 26 اپریل سے 5 مئی کا دورانیہ سال بھر میں سب سے اچھا ہے اس دوران آپ کی گم شدہ اشیاء کا سراغ لگ سکتا ہے۔ اگر آپ نوکری پیشہ ہیں تو نوکری میں بہتری آ رہی ہے، اس وقت سے فائدہ اٹھائیے۔

**شراکتی و ازدواجی معاملات:** ابتدائے سال سے 30 جون تک مشتری اپنے شرف کے گھر میں موجود ہوگا لیکن 11 مارچ تک رجعت پذیر رہے گا، اس دوران خاطر خواہ فوائد نہیں ملیں گے۔ جبکہ 12 مارچ سے 30 جون تک کا دورانیہ آپ کے لیے خوش قسمتی کا باعث ہوگا۔ ازدواجی معاملات میں بہتری آئے گی۔ اگر آپ شعبہ وکالت سے منسلک ہیں تو کوئی مقدمہ جیت سکتے ہیں۔ ساتویں گھر کا حاکم سیارہ نیپچون ہے جو کہ 26 جنوری سے برج حمل میں داخل ہوگا۔ اور اس کی رجعت 07 جولائی سے 13 دسمبر تک آٹھویں گھر میں ہوگی۔ اس دوران بحث سے اجتناب کریں، فضول سی بات پر گھریلو جھگڑا طویل رنجش یا علیحدگی کا باعث بن سکتا ہے۔ مجموعی طور پر 12 مارچ سے 6 جولائی تک کا دورانیہ اچھا ہے اس میں قسمت مہربان رہے گی۔ کوشش کیجیے اس وقت سے فائدہ اٹھائیے۔ ازدواجی و شراکتی لحاظ سے مثبت نتائج ملیں گے۔

**وراثت اور قرضے** 14 فروری سے زحل آپ کے زائچہ کے آٹھویں گھر میں داخل ہو رہا ہے۔ اور حالت ہبوط میں ہوگا جو کہ 27 جولائی سے 11 دسمبر تک حالت ہبوط میں رہتے ہوئے مزید رجعت کا شکار ہوگا، دوسری جانب مشتری کی نظر تثلیث 30 جون کے بعد آٹھویں گھر پر قائم ہوگی جو کہ اختتام سال تک رہے گی۔ 26 جنوری سے اختتام سال تک زحل اور نیپچون کا آٹھویں گھر میں قران ہوگا۔ مشتری کی نظر تثلیث 30 جون سے آخر سال تک ہوگی، لیکن اس کے ثمرات کا دورانیہ 30 جون سے 26 جولائی تک ہوگا۔ اس دوران زحل اور نیپچون کے قران کے اثرات سمیت مجموعی طور پر یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ مشتری کے ثمرات کے دوران ڈوبی ہوئی رقم واپس ملنے کا امکان ہے۔ اس دوران قرض کی ادائیگی کے اسباب بن سکتے ہیں۔ جبکہ یکم جنوری سے 29 جون اور 27 جولائی سے 31 دسمبر تک کا دورانیہ بڑا احتیاط کن ہے۔ مقروض ہو سکتے ہیں یا رقم کا ضیاع ہو سکتا ہے۔

**حج زیارات بیرون ملک سفر قسمت اعلیٰ تعلیم:**

نویں گھر کے حاکم سیارہ زہرہ کا شرف 10 فروری سے 6 مارچ تک ہوگا اس دوران قسمت آپ پر مہربان ہوگی، وقت کا بھرپور فائدہ اٹھائیے۔ دور دراز

کا سفر نہ کریں ورنہ پریشانی کا شکار ہوں گے یا مجموعی طور پر سفر لاحاصل ثابت ہوگا۔ ابتدائے سال سے 30 جون تک مشتری کی برج سرطان میں رہتے ہوئے نویں گھر سے نظر تسدیس ہوگی، دوسری جانب مشتری کی رجعت ابتدائے سال سے 11 مارچ تک رہے گی، اس طرح مجموعی طور پر 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی نظر تسدیس ہوگی، مثبت اثرات رونما ہوں گے۔ اس دوران زیارات کی سعادت نصیب ہوسکتی ہے۔ یا کسی روحانی شخصیت سے ملاقات ہوسکتی ہے۔ دور دراز کے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں گے۔

**آپ کی ساکھ آپ کا عہدہ:** 26 اپریل سے اختتام سال تک دسویں گھر سے زحل کی نظر تسدیس ہوگی۔ اسی طرح 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی دسویں گھر سے نظر تسدیس ہوگی۔ آپ کی ساکھ بحال ہوگی والد کی طرف سے یا کارجین کی طرف سے اچھی خبر آسکتی ہے۔ اگر آپ سعودیہ مقیم ہیں تو کفیل سے اچھے تعلقات قائم ہوسکتے ہیں۔ جبکہ 26 فروری سے 21 مارچ، 29 جون سے 24 جولائی اور 24 اکتوبر سے 13 نومبر سیارہ عطارد کی رجعت ہوگی، اس دوران تحریری معاملات میں احتیاط کریں، خاص کر ایسے معاملات جو براہ راست آپ کی ساکھ پر اثرانداز ہوتے ہوں۔

**تجارت اور دیرینہ دوست احباب:** مشتری کی 30 جون تک موجودگی آپ کے لیے اچھے ثمرات کی حامل ہے ماسوائے ابتدائے سال سے 11 مارچ تک کیونکہ اس دوران مشتری کی رجعت ہوگی، اس دوران کوئی کنٹریکٹ ہاتھ سے نکل سکتا ہے۔ دیرینہ دوست احباب سے بحث و مباحثہ سے اجتناب کرنا ہوگا ورنہ طویل رنجش پیدا ہونے کا امکان ہے۔ 12 مارچ سے 29 جون تک مثبت دورانیہ ہے۔ اگر کسی سے رنجش پیدا ہوچکی تھی تو اس دوران رنجش ختم ہوجائے گی۔ کوئی نیا کنٹریکٹ مل سکتا ہے۔ خواہشات کی تکمیل کے لیے اچھا وقت ہوگا۔

**امیگریشن خفیہ معاملات:** 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی یہاں موجودگی آپ کے لیے امیگریشن کے مسائل حل کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔ خفیہ ایجنسی سے منسلک افراد کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ انہیں اہم خفیہ امور کے لیے تعینات کیا جائے گا۔ امیگریشن کے مسائل میں کمی آئے گی۔

**شمسی و قمری گرہن:** پہلا شمسی گرہن 17 فروری کو برج دلو یعنی چھٹے گھر میں ہوگا اشیاء سنبھال کر رکھیں کوئی چیز کھو سکتی ہے۔ دوسرا شمسی گرہن 12 اگست کو برج اسد یعنی بارہویں گھر میں ہوگا۔ امیگریشن کے معاملات خرابی کا شکار ہوسکتے ہیں۔ پہلا قمری گرہن 03 مارچ کو برج سنبلہ یعنی پہلے گھر میں ہوگا۔ ذہنی عوارض پیدا ہوسکتے ہیں یا سخت مزاج ہوسکتے ہیں۔ دوسرا قمری گرہن 28 اگست کو برج حوت میں یعنی ساتویں گھر میں ہوگا۔ شریک حیات سے رنجش پیدا ہوسکتی ہے۔

**صدقات وظائف اور جواہرات:** اس سال کا بادشاہ سیارہ زہرہ ہے، جس کا عدد 6 ہے اسے آپ کے لکی عدد 5 میں جمع کریں تو مفرد عدد 2 بنتا ہے اس لیے یا ودود کو 20 یا 200 مرتبہ پڑھیں اور اپنا موافق نگینہ عقیق یمنی یا پھر فیروزہ کو بروز ہفتہ پہنیں تاکہ معاملات میں بہتری آئے۔

**نوٹ:** اصلی عقیق یمنی، فیروزہ اور دیگر سرٹیفائیڈ نگینے حاصل کرنے کے لئے امامیہ جنتری کے نمبر 03111 888 668 پر ابھی کال ملائیں نیز اپنے ستارے کے ماہانہ حالات جاننے کے لئے امامیہ جنتری آفیشل یوٹیوب IMAMIAJANTRIOFFICIAL چینل جوائن کریں۔

## میزان LIBRA 24 Sep - 23 Oct سیارہ: زہرہ



دن: جمعہ عدد: ۷ حروف: ر، ت، ط

رنگ: نیلا، فیروزی، ہلکا سبز، نارنجی

عنصر: ہوا

جواہر: ہیرا، اوپل

بہترین شریک حیات: دلو، جوزا

ناموافق ساتھی: جدی، حمل

**بیماریاں:** نزلہ، زکام، سر درد، گردوں کا درد، آنکھوں کی بیماریاں

**ستاروں کی گردش و اہم معاملات:** 14 فروری سے زحل ساتویں گھر میں داخل ہوگا چونکہ یہاں حالت ہبوط میں ہوگا۔ ازدواجی معاملات میں خرابی پیدا ہوسکتی ہے شریک حیات سے فضول باتوں پر بھی جھگڑا کریں گے۔ بالخصوص 27 جولائی سے 11 ستمبر کا دورانیہ محتاط کن ہوگا۔ مشتری کی رجعت دسویں گھر 11 مارچ کو ختم ہوگی، ابتدائے سال سے 11 مارچ کا دورانیہ آپ کی کھوئی ہوئی ساکھ بحال کرے گا، لیکن ساتھ ہی محتاط بھی رہیں چونکہ پس پردہ دیکھیں تو دسواں مشتری کا ہبوط ہوتا ہے رجعت کے ایام ابتدائے سال سے 11 مارچ تک آپ کی ساکھ خراب کریں گے۔ جبکہ 12 مارچ سے 12 دسمبر تک بہت اچھا وقت ہوگا، بالخصوص 12 مارچ سے 30 جون تک کا دورانیہ آپ کی ساکھ کو از سر نو بحال کرے گا والد کی جانب سے یا ان کی معرفت سے فائدہ حاصل ہوگا۔ 30 جون کے بعد مشتری گیارہویں گھر داخل ہوکر اختتام سال 12 دسمبر تک آپ کے لیے نئے کنٹریکٹ کے مواقع فراہم کرے گا۔ دیرینہ خواہشات میں سے کوئی خاص خواہش پوری ہوگی۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام:** پہلے گھر کا حاکم سیارہ زہرہ 10

فروری سے 6 مارچ تک حالت شرف میں ہوگا۔ اس دوران آپ کا مزاج بھی اچھا رہے گا۔ وہ افراد جو ذہنی عوارض میں مبتلا ہیں اس دوران معالج تبدیل کریں ان شاء اللہ رو بہ صحت ہوں گے۔ 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی پہلے گھر سے نظر تسدیس ہوگی اس دوران آپ کی شخصیت نمایاں ہوگی۔ ماسوائے 9 جولائی سے 17 اگست تک ہبوط زہرہ اور 03 اکتوبر سے 14 نومبر تک سیارہ زہرہ کی رجعت ہوگی اس دوران مزاج پر کنٹرول رکھنا ہوگا کیونکہ ذرا سی بحث و تمحیص آپ کی نمایاں شخصیت پر گہرے منفی اثرات مرتب کرے گی۔

## معاشی و مالی استحکام

تمام سال مریخ کو رجعت نہیں ہوگی۔ امسال یکم جنوری سے 22 جنوری تک مریخ درجدی ہوگا، شرف کے فوائد حاصل ہوں گے۔ اس دوران آپ کی آمدن میں اضافہ ہوگا۔ معاشرتی تعلقات میں بہتری ہوگی۔ جبکہ 23 جنوری سے اختتام سال تک کسی سیارے کی نظر یا موجودگی نہ ہونے کے باعث معاشرتی تعلقات اور آمدن کے حوالہ سے کوئی خاص فائدہ یا نقصان نظر نہیں آ رہا۔

## تعلقات خاص و عام اور بہن بھائی

30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی برج اسد میں رہتے ہوئے برج قوس کی اپنے ہی گھر سے نظر تثلیث رہے گی۔ بہن بھائیوں سے تعلقات بہتر رہیں گے۔ قریبی سفر کافی حد تک نفع بخش ثابت ہوں گے۔ کوشش کیجیے اس وقت میں تعلقات بنائیے کیوں کہ اس دوران بنائے گئے تعلقات آپ کے مستقبل کے ایسے وقت میں کام آئیں گے، جب آپ کو ان کی اشد ضرورت ہوگی۔

## گھر والدہ رہائش و جائیداد

چوتھے گھر کا حاکم سیارہ زحل 14 فروری سے اپنے ہبوط کے برج حمل میں داخل ہوگا۔ یہاں ڈھائی سال موجود رہے گا۔ دوسری جانب زحل کی 27 جولائی سے 11 دسمبر تک رجعت ہوگی۔ یہ دورانیہ پراپرٹی سے متعلق منفی نتائج دے گا۔ پراپرٹی فروخت کر سکتے ہیں لیکن خرید یں نہیں۔ بالخصوص 27 جولائی سے 11 دسمبر تک کوشش کریں کہ پراپرٹی کی خرید و فروخت ہرگز نہ کریں۔ والدہ کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ کوئی بھی لاپرواہی والدہ کی جانب سے تشویش کا باعث بن سکتی ہے۔

## منگنی اولاد انعام و لاٹری

پانچویں گھر کا حاکم سیارہ یورینس 26 اپریل سے برج جوزا میں داخل ہوگا۔ جبکہ زحل 27 جولائی سے 11 ستمبر تک رجعت پذیر ہوگا۔ بالخصوص رجعت کے دوران اولاد کی جانب سے پریشان ہو سکتے ہیں۔ کوئی ناگوار قسم کی خبر بھی سننے کو ملے گی۔ 6 مئی سے 16 اکتوبر تک پلوٹو پانچویں گھر میں رجعت پذیر ہوگا۔ اس دوران منگنی کی تقریبات منعقد نہ کریں ورنہ نسبت زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکے گی۔ فقط 26 اپریل سے 5 مئی کا دورانیہ سال بھر میں سب سے اچھا ہے۔ اس دوران کی گئی منگنی مستقبل کے لیے اچھی ثابت ہوگی۔ لاٹری کے شائقین افراد کے لیے 03-33-21-93 کی سیریل کے پرائز بانڈ بہت لکی ثابت ہوں گے۔

## صحت اور لاحق امراض

ابتدائے سال سے 30 جون تک مشتری اپنے شرف کے گھر میں موجود ہوگا لیکن 11 مارچ تک رجعت پذیر رہے گا، اس دوران خاطر خواہ فوائد نہیں ملیں گے۔ جبکہ 12 مارچ سے 30 جون تک کا دورانیہ آپ کے لیے خوش قسمتی کا باعث ہوگا۔ درپیش مشکلات کا کافی حد تک خاتمہ ہوگا۔ گم شدہ اشیا کا سراغ لگ سکتا ہے۔ اگر امراض معدہ میں مبتلا ہیں تو کسی اچھے معالج سے مشاورت کریں، ان شاء اللہ رو بہ صحت ہوں گے۔ چھٹے گھر کا حاکم سیارہ نیپچون ہے جو کہ 26 جنوری سے برج حمل میں داخل ہوگا۔ اور اس کی رجعت 07 جولائی سے 13 دسمبر تک ساتویں گھر میں ہوگی۔ اس دوران بحث سے اجتناب کریں۔ فضول سی بات پر گھریلو جھگڑا طویل رنجش یا علیحدگی کا باعث بن سکتا ہے۔ مجموعی طور پر 12 مارچ سے 6 جولائی تک کا دورانیہ اچھا ہے، اس دوران قسمت مہربان رہے گی۔ آپ اپنے مطلوبہ ہدف کو حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔

## شراکتی و ازدواجی معاملات

14 فروری سے زحل آپ کے زائچہ کے ساتویں گھر میں داخل ہو رہا ہے۔ اور حالت ہبوط میں ہوگا جو کہ 27 جولائی سے 11 دسمبر تک حالت ہبوط میں رہتے ہوئے مزید رجعت کا شکار ہوگا۔ دوسری جانب مشتری کی نظر تثلیث 30 جون کے بعد ساتویں گھر پر قائم ہوگی، جو کہ اختتام سال تک رہے گی۔ 26 جنوری سے اختتام سال تک زحل اور نیپچون کا ساتویں گھر میں قران ہوگا۔ مشتری کی نظر تثلیث 30 جون سے آخر سال تک ہوگی لیکن اس کے ثمرات کا دورانیہ 30 جون سے 26 جولائی تک ہوگا۔ اس دوران زحل اور نیپچون کے قران کے اثرات سمیت مجموعی طور پر یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ مشتری کے ثمرات کے دوران ازدواجی معاملات کو احسن طریقے سے سلجھایا جا سکتا ہے۔ شراکت داری میں درپیش مسائل حل ہوں گے۔ اگر شعبہ وکالت سے منسلک ہیں تو بعض مقدمات میں آپ بہت جلد فتح یاب نظر آ رہے ہیں۔ جبکہ یکم جنوری سے 29 جون اور 27 جولائی سے 31 دسمبر تک کا دورانیہ بڑا محتاط کن ہے۔ اس دوران اپنے تحریری معاملات پر کڑی نظر رکھیں، لاپرواہی سے مقدمہ ہارنے کا اندیشہ ہے۔ ازدواجی معاملات میں بھی نرم مزاجی سے کام لیں فضول بحث و تکرار کی طرف طبیعت مائل ہوگی لیکن، آپ کو کنٹرول کرنا ہوگا۔

**وراثت اور قرضے:** آٹھویں گھر کے حاکم سیارہ زہرہ کا شرف 10 فروری سے 6 مارچ تک ہوگا، اس دوران ڈوبی ہوئی رقم واپس مل سکتی ہے۔ اگر مقروض ہیں تو کسی حد تک قرض بھی اتر جائے گا۔ 9 جولائی سے 7 اگست تک ہبوط زہرہ ہوگا اس دوران قرض کا لین دین ہرگز نہ کریں ورنہ نقصان سے دوچار ہوں گے۔ وراثتی معاملات التوا کا شکار ہوں گے۔ ابتدائے سال سے 30 جون تک مشتری کی برج سرطان میں رہتے ہوئے آٹھویں گھر سے نظر تسدیس ہوگی، دوسری جانب مشتری کی رجعت ابتدائے سال سے 11 مارچ تک رہے گی۔ اس طرح مجموعی طور پر 12 مارچ سے 30 جون تک، مشتری کی نظر تسدیس سے مثبت اثرات رونما ہوں گے۔ اس دوران وراثتی معاملات کو احسن طریقے سے سلجھا سکتے ہیں۔

**حج زیارات بیرون ملک سفر قسمت اعلی تعلیم**

26 اپریل سے اختتام سال تک نویں گھر سے زحل کی نظر تسدیس ہوگی۔ اسی طرح 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی نویں گھر سے نظر تسدیس ہوگی۔ دور دراز کا سفر وسیلہ ظفر ہوگا۔ روحانیت میں دلچسپی بڑھے گی۔ قسمت آپ پر مہربان ہوگی۔ کسی ایسے شخص سے تعلق قائم ہوگا جو پراپرٹی سے متعلق پیشہ سے وابستہ ہے۔ جبکہ 26 فروری سے 21 مارچ، 29 جون سے 24 جولائی اور 24 اکتوبر سے 13 نومبر سیارہ عطارد کی رجعت ہوگی۔

**آپ کی ساکھ آپ کا عہدہ:** مشتری کی 30 جون تک موجودگی آپ کے لیے اچھے ثمرات کی حامل ہے، ماسوائے ابتدائے سال سے 11 مارچ تک کیونکہ اس دوران مشتری کی رجعت ہوگی، اس دوران آپ کی ساکھ متاثر ہوسکتی ہے چونکہ پس پردہ دیکھا جائے تو مشتری دسویں گھر میں ہبوط کی حالت میں ہوتا ہے، اگر ساتھ اس کی رجعت بھی ہوگی تو اس کا مطلب ہے کہ کافی محتاط رہنا ہوگا۔ کسی کو بغیر اطمینان کے رقم نہ دیں نہ ہی بغیر اطمینان کے انویسٹمنٹ کریں، بصورت دیگر رقم ڈوب جائے گی۔ 12 مارچ سے 29 جون تک مثبت دورانیہ ہے۔ کھوئی ہوئی ساکھ بحال ہوگی۔ والد یا آپ کے کسی آفیسر کی معرفت سے کسی جانب سے فائدہ کا امکان واضح ہے۔

**تجارت اور دیرینہ دوست احباب:** 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی گیارہویں گھر میں موجودگی آپ کے لیے اچھے مواقع پیدا کرے گی۔ نئے کنٹریکٹ مل سکتے ہیں۔ کسی پرانے دوست کی معرفت سے کوئی اچھی خبر آپ کی منتظر ہے۔ دوست احباب سے تعلقات میں بہتری آئے گی۔

**امیگریشن خفیہ معاملات:** 19 اگست سے اختتام سال تک کیتو آپ کے بارہویں گھر میں قیام پذیر ہوگا آپ کو بڑے تدبرانہ انداز سے کام لینا ہوگا۔ کسی سے مت الجھیں ورنہ طویل دشمنی کا سلسلہ شروع ہوسکتا ہے۔ خفیہ امور کسی سے شیئر نہ کریں، ورنہ راز فاش ہونے کا اندیشہ ہے۔ 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی بارہویں گھر سے نظر تسدیس کے مثبت اثرات نمایاں ہوں گے۔ اگر کسی سے دشمنی چل رہی تھی، تو اب صلح کا وقت ہے۔ اور کوئی منافق کھل کر سامنے آئے گا لیکن منافقت ترک کردے گا۔

**شمسی و قمری گرہن:** پہلا شمسی گرہن 17 فروری کو برج دلو یعنی پانچویں گھر میں ہوگا، اولاد کی جانب سے کوئی منفی خبر آسکتی ہے۔ دوسرا شمسی گرہن 12 اگست کو برج اسد یعنی گیارہویں گھر میں ہوگا۔ کوئی کنٹریکٹ ہاتھ سے نکل سکتا ہے یا کسی پرانے دوست سے رنجش پیدا ہوسکتی ہے۔ پہلا قمری گرہن 03 مارچ کو برج سنبلہ یعنی بارہویں گھر میں ہوگا۔ صحت کا خاص خیال رکھیں ورنہ لاپرواہی ہسپتال لے جاسکتی ہے۔ خفیہ ایجنسی سے منسلک افراد کی کارکردگی میں منفی نتائج کا سامنا ہوسکتا ہے۔ دوسرا قمری گرہن 28 اگست کو برج حوت، یعنی چھٹے گھر میں ہوگا اشیاء سنبھال کر رکھیں کوئی چیز گم ہوسکتی ہے۔ معدہ کے امراض میں مبتلا افراد کی قلیل لاپرواہی بھی نقصان کا موجب بنے گی۔

**صدقات وظائف اور جواہرات:** اس سال کا بادشاہ سیارہ زہرہ ہے جس کا عدد 6 ہے، اسے آپ کے لکی عدد 6 میں جمع کریں تو مفرد عدد 3 بنتا ہے، اس لیے یالطیف کو 30 یا 300 مرتبہ پڑھیں اور اپنا موافق نگینہ اوپل یا پھر فیروزہ کو بروز بدھ پہنیں تا کہ معاملات میں بہتری آئے۔

**نوٹ:** اصلی اوپل، فیروزہ اور دیگر سرٹیفائیڈ نگینے حاصل کرنے کے لئے امامیہ جنتری کے نمبر 03111 888 668 پر ابھی کال ملائیں نیز اپنے ستارے کے ماہانہ حالات جاننے کے لئے امامیہ جنتری آفیشل یوٹیوب IMAMIAJANTRIOFFICIAL چینل جوائن کریں۔

## مشکلات کے حل کے لیے

ہر مشکل کے حل کے لیے درود کی ایک تسبیح امام عالی مقام حضرت امام حسینؑ کو ہدیہ کریں۔ پھر ایک تسبیح پر

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِاللهِ

پڑھیں کچھ ہی دنوں میں حاجت پوری ہوگی۔ ان شاء اللہ ہر شب جمعہ امام زمانؑ کی خدمت میں استغاثہ بلند کیا جاتا ہے کسی بھی مشکل کے لیے بلا ہدیہ دعا کے لیے رابطہ فرمائیں یا میسج کریں۔

## عقرب SCORPIO سیارہ: مریخ
24 Oct - 22 Nov



دن: منگل عدد: 9 حروف: ن، ذ، ض، ظ
رنگ: ______ نیلا، سرخ
منکس: ______ آبی
جواہر: ______ مرجان، عقیق، موتی
بہترین شریک حیات: ______ حوت، سرطان
ناموافق ساتھی: ______ دلو، ثور، اسد
بیماریاں: سر، حلق و ناک کی بیماریاں، بچپش، نزلہ، معدہ

**ستاروں کی گردش واہم معاملات:** 14 فروری سے زحل برج حمل یعنی چھٹے گھر میں داخل ہوگا چونکہ یہاں حالت ہبوط میں ہوگا۔ مشکلات میں اضافہ ہوگا کافی مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ گو کہ بہت کچھ سیکھیں گے لیکن عین ممکن ہے کہ بعض افراد سے بدظن ہو جائیں۔ یہ وقت لا حاصل تعلقات آپ سے دور کردے گا، فقط کام کے لوگ آپ کے حلقہ احباب میں شامل رہیں گے۔ بالخصوص 27 جولائی سے 11 ستمبر کا دورانیہ محتاط کن ہوگا۔ مشتری کی رجعت نویں گھر سے 11 مارچ کو ختم ہوگی ابتدائے سال سے 11 مارچ کا دورانیہ آپ کے لئے بیرون ملک سفر کے حوالے سے مسائل پیدا کرے گا، روحانی طور پر بھی بے سکون ہو سکتے ہیں۔ جبکہ 12 مارچ سے 12 دسمبر تک بہت اچھا وقت ہوگا، بالخصوص 12 مارچ سے 30 جون تک کا دورانیہ آپ کی روحانی زندگی کو جلا بخشے گا۔ کچھ روحانی خواب آپ کو دلی سکون دیں گے۔ بیرون ملک درپیش مسائل میں کمی واقع ہوگی کافی حد تک مسائل حل ہوتے نظر آرہے ہیں۔ 30 جون کے بعد مشتری دسویں گھر میں داخل ہوکر اختتام سال 12 دسمبر تک آپ کے ساکھ کو بحال رکھے گا۔ والد کے تعلقات یا آپ کے افسران میں سے چند ایک آپ کے لیے رہنمائی یا کسی نفع کا باعث بنیں گے۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام:** تمام سال مریخ کو رجعت نہیں ہوگی۔ امسال یکم جنوری سے 22 جنوری تک مریخ درجدی ہوگا، اس دوران شرف کے فوائد حاصل ہوں گے۔ اس دوران شخصی وقار میں اضافہ ہوگا آپ اپنے تعلقات کی وجہ سے نمایاں رہیں گے۔ جبکہ 23 جنوری سے اختتام سال تک کسی سیارے کی نظر یا موجودگی نہ ہونے کے باعث شخصی وقار اور مزاج کے حوالے سے کوئی خاص فوائد یا نقصان کا احتمال نہیں ہے۔

**معاشی و مالی استحکام:** 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی برج اسد میں رہتے ہوئے برج قوس، اپنے ہی گھر سے نظر تثلیث رہے گی۔ مالی استحکام کے لیے اچھا وقت ہے۔ بیمار ہیں تو علاج بذریعہ غذا سے آپ کو کافی فائدہ ہوگا۔ روزگار کے لیے کوشش کریں اگر بے روزگار ہیں تو برسر روزگار ہوں گے۔ آمدن میں اضافہ بھی متوقع ہے۔ تمام سال کوئی خاص مسئلہ روزگار کے حوالے سے معلوم نہیں ہو رہا اگر مسئلہ بنتا ہے تو طویل مدتی نہیں بلکہ قلیل مدتی ہوگا۔

**تعلقات خاص و عام اور بہن بھائی:** تیسرے گھر کا حاکم سیارہ زحل 14 فروری سے اپنے ہبوط کے برج حمل میں داخل ہوگا۔ یہاں ڈھائی سال موجود رہے گا۔ دوسری جانب زحل کی 27 جولائی سے 11 دسمبر تک رجعت ہوگی۔ یہ دورانیہ تعلقات عامہ کے حوالے سے اچھا نہیں ہے، عین ممکن ہے کہ کوئی دوست آپ کے نقصان کا سبب بن جائے۔ بالخصوص 27 جولائی سے 11 دسمبر تک کوشش کریں بہن بھائیوں کے ساتھ، سخت مزاجی سے بات نہ کریں، کسی بات پر طویل بحث مت چھیڑیں، ورنہ بہن بھائیوں میں کشیدگی پیدا ہوگی اور طویل مدت رہ سکتی ہے۔ اگر دیکھا جائے تو تمام سال تعلقات عامہ اور بہن بھائیوں کے حوالے سے منفی نتائج کا حامل ہے۔

**گھر والدہ رہائش و جائیداد:** چوتھے گھر کا حاکم سیارہ یورینس 26 اپریل سے برج جوزا میں داخل ہوگا۔ جبکہ زحل 27 جولائی سے 11 ستمبر تک رجعت پذیر ہوگا۔ بالخصوص رجعت کے دوران پراپرٹی کا لین دین کرنے سے حاصلہ رقم ضائع ہو سکتی ہے یا خاطر خواہ نفع سے محروم ہو سکتے ہیں۔ والدہ کی صحت کا خاص خیال رکھیں، طبیعت خراب ہو سکتی ہے۔

6 مئی سے 16 اکتوبر تک پلوٹو چوتھے گھر میں رجعت پذیر ہوگا۔ اس دوران جائیداد کی خرید و فروخت نہ کریں۔ فقط 26 اپریل سے 5 مئی کا دورانیہ سال بھر میں سب سے اچھا ہے۔ اس دوران جائیداد کی خرید و فروخت میں انویسٹمنٹ کرنا بہت اچھا ثابت ہوگا۔

**منگنی اولاد انعام ولاٹری:** ابتدائے سال سے 30 جون تک مشتری اپنے شرفی گھر میں موجود ہوگا لیکن 11 مارچ تک رجعت پذیر رہے گا اس دوران خاطر خواہ فوائد نہیں ملیں گے جبکہ 12 مارچ سے 30 جون تک کا دورانیہ آپ کے لیے خوش قسمتی کا باعث ہوگا۔ بے اولاد افراد اپنا معالج تبدیل کریں ان شا اللہ بہت جلد اولاد کی نعمت سے فیضیاب ہوں گے۔ لاٹری کے شائقین افراد 06-51-33-87 سیریل کے پرائز بانڈ خریدیں ان شااللہ انعام پائیں گے۔ پانچویں گھر کا حاکم سیارہ نیپچون ہے جو کہ 26 جنوری سے برج حمل میں داخل ہوگا۔ اور اس کی رجعت 07 جولائی سے 13 دسمبر تک چھٹے گھر میں ہوگی۔ اس دوران بحث سے اجتناب کریں فضول سی بات پر اولاد سے جھگڑا پیدا ہو سکتا ہے۔ مجموعی طور پر 12 مارچ سے

6 جولائی تک کا دورانیہ اچھا ہے اس میں قسمت مہربان رہے گی۔ اس دوران لاٹری میں قسمت آزمائی سے فائدہ ہوگا۔ اولاد کی جانب سے اچھی خبر سننے کو مل سکتی ہے۔

**صحت اور لاحق امراض** 14 فروری سے زحل آپ کے زائچہ کے چھٹے گھر میں داخل ہو رہا ہے۔ اور حالت ہبوط میں ہوگا جو کہ 27 جولائی سے 11 دسمبر تک حالت ہبوط میں رہتے ہوئے مزید رجعت کا شکار ہوگا۔ دوسری جانب مشتری کی نظر تثلیث 30 جون کے بعد چھٹے گھر پر قائم ہوگی جو کہ اختتام سال تک رہے گی۔ 26 جنوری سے اختتام سال تک زحل اور نیپچون کا چھٹے گھر میں قران ہوگا۔ اس طرح مشتری کے ثمرات کا دورانیہ 30 جون سے 26 جولائی تک ہوگا۔ اس دوران زحل اور نیپچون کے قران کے اثرات سمیت مجموعی طور پر یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے مشتری کے ثمرات کے دورانیہ میں گم شدہ اشیاء کا سراغ لگ سکتا ہے۔ اگر بیمار ہیں تو اس دوران معالج تبدیل کریں ان شاءاللہ اچھے نتائج ملیں گے۔ 30 جون سے 26 جولائی کے علاوہ بقیہ تمام سال احتیاط کا ہے۔ کوئی خاص نتائج نہیں ملیں گے۔ اشیا گم ہوسکتی ہیں سنبھال کر رکھیے۔ بے جا جھگڑے ہوسکتے ہیں، تحمل سے کام لیجیے گا۔

**شراکتی و ازدواجی معاملات** ساتویں گھر کے حاکم سیارہ زہرہ کا شرف 10 فروری سے 6 مارچ تک ہوگا، اس دوران اگر شادی کی جائے تو بہت اچھی ثابت ہوگی۔ اگر شراکت داری کرنا چاہتے ہیں تو پارٹنر کا زائچہ کسی اچھے منجم سے بنوالیں، آپس میں سیارگان موافقت رکھتے ہوں تو بلا خوف و خطر شراکت داری کیجیے اچھے نتائج ملیں گے۔ ازدواجی زندگی کے حوالے سے بہت اچھا وقت ہے۔ اگر معاملات خرابی کا شکار تھے تو اب احسن طریقے سے سلجھا سکیں گے۔ 9 جولائی سے 7 اگست تک ہبوط زہرہ ہوگا اس دوران شادی ہرگز نہ کریں ورنہ ازدواجی زندگی بے سکونی کا شکار رہے گی۔ ابتدائے سال سے 30 جون تک مشتری کی برج سرطان میں رہتے ہوئے ساتویں گھر سے نظر تسدیس ہوگی دوسری جانب مشتری کی رجعت ابتدائے سال سے 11 مارچ تک رہے گی اس طرح مجموعی طور پر 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی نظر تسدیس سے مثبت اثرات رونما ہوں گے۔ اگر کوئی مقدمہ عدالت میں دائر کر رکھا ہے اور اس دوران اس کی حتمی بحث چھڑ جاتی ہے، تو فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا۔

**وراثت اور قرضے** 26 اپریل سے اختتام سال تک آٹھویں گھر سے زحل کی نظر تسدیس ہوگی۔ اسی طرح 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی آٹھویں گھر سے نظر تسدیس ہوگی۔ ڈوبی ہوئی رقم کے لیے کوشش کیجیے کافی حد تک وصول کر سکیں گے۔ لمبے عرصہ کی انویسٹمنٹ کے لیے سازگار وقت ہوگا اگرچہ آپ کے پاس انویسٹ کی گئی رقم سے زائد رقم محفوظ بھی ہو کیونکہ ایسا دورانیہ بھی آسکتا ہے کہ آپ کو محسوس ہوگا انویسٹمنٹ نہیں کرنی چاہیے تھی، لیکن یہ سوچ فقط سوچ ہوگی وقت گزرنے کے بعد اچھے نتائج ملیں گے۔ کوشش کیجیے شراکت داری سے انویسٹ نہ کیجیے۔ جبکہ 26 فروری سے 21 مارچ، 29 جون سے 24 جولائی اور 24 اکتوبر سے 13 نومبر سیارہ عطارد کی رجعت ہوگی۔ اس لیے ان ایام میں کوئی بھی بڑی انویسٹمنٹ نہ کریں۔ اس دوران وراثتی معاملات بھی التوا کا شکار ہوسکتے ہیں۔

**حج زیارات بیرون ملک سفر قسمت اعلیٰ تعلیم** مشتری کی 30 جون تک موجودگی آپ کے لیے اچھے ثمرات کی حامل ہے ماسوائے ابتدائے سال سے 11 مارچ تک کیونکہ اس دوران مشتری کی رجعت ہوگی، لہٰذا محتاط رہیں۔ دور دراز کا سفر خاص کر رجعت کے ایام میں ہرگز نہ کریں، اگر سفر کرنا اشد ضروری ہو تو صدقہ دے کر روانہ ہوں۔ روحانیت کے حوالے سے عدم دلچسپی کا شکار ہوں گے۔ 12 مارچ سے 29 جون تک مثبت دورانیہ ہے۔ آپ کے لیے قسمت مہربان ہوگی، طویل سفر وسیلہ ظفر ہوں گے۔ کچھ روحانی اشارے بھی مل سکتے ہیں۔ ورد وظائف کے لیے اچھا وقت معلوم ہو رہا ہے۔

**آپ کی ساکھ آپ کا عہدہ** 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی دسویں گھر میں موجودگی آپ کے لیے اچھے مواقع پیدا کرے گی۔ ساکھ کو بحال کرے گی۔ ایسا بھی ممکن ہے کہ آپ کو ایک نئی ذمہ داری سونپ دی جائے یا پھر آپ کا عہدہ بڑھا دیا جائے۔ والد کی جانب سے آپ کے لیے کوئی اچھا مشورہ یا پھر کوئی مدد آپ کی منتظر رہے گی۔

**تجارت اور دیرینہ دوست احباب** 19 اگست سے اختتام سال تک کیتو آپ کے گیارہویں گھر میں قیام پذیر ہوگا۔ کوئی کنٹریکٹ ہاتھ سے نکل جائے گا۔ پرانے دوست احباب میں سے کوئی آپ سے بچھڑ جائے گا۔ 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی گیارہویں گھر سے نظر تسدیس کے مثبت اثرات نمایاں ہوں گے۔ کسی دوست کی معرفت سے کوئی کنٹریکٹ مل سکتا ہے۔ تجارتی لحاظ سے بھی یہ وقت اچھا ہوگا لیکن کچھ احتیاط ضرور کرنی ہوگی جو معاہدہ کریں اس کی پاسداری ضرور کریں۔

**امیگریشن خفیہ معاملات** بارہویں گھر کا حاکم سیارہ زہرہ 10 فروری سے 6 مارچ تک حالت شرف میں ہوگا۔ اس دوران آپ کے لیے خفیہ معاملات میں بہتری ہوگی۔ وہ لوگ جو آپ سے منافقت کر رہے

تھے اب سامنے آجائیں گے۔ آپ اپنے دوست اور دشمن میں پہچان کر سکیں گے۔ 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی بارہویں گھر سے نظر تسدیس ہوگی۔ غیبی طور پر آپ کی مدد ہوگی۔ اگر اپنے برج کا سالانہ ورد کرتے رہیں تو کچھ خفیہ معاملات کا خواب میں اشارہ بھی مل سکتا ہے۔ ماسوائے 9 جولائی سے 17 اگست تک ہبوط زہرہ کے دوران اور 03 اکتوبر سے 14 نومبر تک سیارہ زہرہ کی رجعت کے دوران، اس دوران مزاج پر کنٹرول رکھنا ہوگا۔ کسی لاپرواہی سے ہسپتال داخل ہوسکتے ہیں۔ ان ایام میں حسب توفیق صدقہ ضرور دیتے رہیں۔

**شمسی وقمری گرہن:** پہلا شمسی گرہن 17 فروری کو برج دلو یعنی چوتھے گھر میں ہوگا۔ گھریلو ماحول اور پراپرٹی پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ دوسرا شمسی گرہن 12 اگست کو برج اسد یعنی دسویں گھر میں ہوگا۔ مزاج پر کنٹرول رکھیے گا آپ کی لاپرواہی ساکھ پر بہت بری طرح اثرانداز ہوگی۔ پہلا قمری گرہن 03 مارچ کو برج سنبلہ یعنی گیارہویں گھر میں ہوگا۔ کنٹریکٹ پر توجہ دیجیے کوئی بھی غلطی، مالی نقصان کا پیش خیمہ ہوسکتی ہے۔ دوسرا قمری گرہن 28 اگست کو برج حوت میں یعنی پانچویں گھر میں ہوگا۔ حاملہ خواتین احتیاط کریں، بداحتیاطی ان کے لیے ناخوش گوار واقعہ کا موجب بن سکتی ہے۔

**صدقات وظائف اور جواہرات:** اس سال کا بادشاہ سیارہ زہرہ ہے جس کا عدد 6 ہے اسے آپ کے کلی عدد 9 میں جمع کریں تو مفرد عدد 6 بنتا ہے اس لیے یاعلیم کو 60 یا 600 مرتبہ پڑھیں اور اپنا موافق نگینہ عقیق زرد اور پکھراج کو بروز جمعرات یا سوموار کو بوقت طلوع آفتاب پہنیں تا کہ معاملات میں بہتری آئے۔

## قوس SAGITTARIUS سیارہ مشتری
23 Nov - 22 Dec



دن: جمعرات　عدد: ۳　حروف: ف

رنگ: ________ سفید، سبز
عنصر: ________ آتشی
جواہر: ________ فیروزہ، جمرقحر
بہترین شریک حیات: ________ حمل، اسد
ناموافق ساتھی: ________ حوت، جوزا، سنبلہ

بیماریاں: عرق النسا، حادثات کی چوٹیں، ہاضمے کی خرابیاں

**ستاروں کی گردش واہم معاملات:** 14 فروری سے زحل برج حمل یعنی پانچویں گھر میں داخل ہوگا چونکہ یہاں حالت ہبوط میں ہوگا۔ مشکلات میں اضافہ ہوگا کافی مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ خاص کر اولاد کے حوالے سے محتاط رہیے غلط سوسائٹی کے زیر عتاب ہوسکتے ہیں۔ حاملہ خواتین کو کافی احتیاط کرنا ہوگی۔ بالخصوص 27 جولائی سے 11 ستمبر کا دورانیہ محتاط کن

ہوگا۔ مشتری کی رجعت آٹھویں گھر 11 مارچ کو ختم ہوگی ابتدائے سال سے 11 مارچ کا دورانیہ آپ کے لیے بجٹ میں محتاط رہنے کا ہوگا، اپنے اخراجات اور آمدن میں توازن قائم کیجیے ورنہ مقروض ہوتے نظر آرہے ہیں۔ جبکہ 12 مارچ سے 12 دسمبر تک بہت اچھا وقت ہوگا بالخصوص 12 مارچ سے 30 جون تک کا دورانیہ ڈوبی ہوئی رقم کی وصولی کا ہوگا۔ 30 جون کے بعد مشتری نویں گھر میں داخل ہوکر اختتام سال 12 دسمبر تک آپ کے لیے بیرون ملک میں درپیش مسائل کے خاتمہ کا سبب بنے گا۔ روحانی علوم میں رغبت بڑھے گی۔ طویل سفر وسیلہ ظفر ہوں گے۔

**عزت وقار ومعاشرتی مقام:** 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی برج اسد میں رہتے ہوئے برج قوس یعنی اپنے ہی گھر سے نظر تثلیث رہے گی۔ مزاج پر اچھے اثرات مرتب ہوں گے۔ آپ کا شخصی وقار نمایاں ہوگا۔ ذہنی عوارض میں مبتلا افراد معالج تبدیل کریں ان شاء اللہ روبہ صحت ہوں گے۔ ٹیکنیکل شعبہ سے منسلک افراد کو نمایاں کامیابی حاصل ہوگی۔

**معاشی ومالی استحکام:** دوسرے گھر کا حاکم سیارہ زحل 14 فروری سے اپنے ہبوط کے برج حمل میں داخل ہوگا۔ یہاں ڈھائی سال تک موجود رہے گا۔ دوسری جانب زحل کی 27 جولائی سے 11 دسمبر تک رجعت ہوگی۔ یہ دورانیہ روزگار کے حوالے سے اچھا نہیں ہے، اخراجات اور آمدن میں توازن نہیں رہے گا۔ بالخصوص 27 جولائی سے 11 دسمبر تک کوشش کریں کہ کاروبار پر مکمل توجہ دیں لاپرواہی کی صورت میں آپ کی آمدن پر منفی اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔ ویسے مجموعی طور پر اس سال آپ کو روزگار کے لیے کافی کوشش کرنا پڑے گی۔

**تعلقات خاص وعام اور بہن بھائی:** تیسرے گھر کا حاکم سیارہ یورینس 26 اپریل سے برج جوزا میں داخل ہوگا۔ جبکہ زحل 27 جولائی سے 11 ستمبر تک رجعت پذیر ہوگا۔ بالخصوص رجعت کے دوران کسی قریبی سفر میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ دوران ڈرائیونگ محتاط رہیں۔ بہن بھائیوں کا خیال رکھیے ان سے فضول بحث مت چھیڑیے۔ 6 مئی سے 16 اکتوبر تک پلوٹو تیسرے گھر میں رجعت پذیر ہوگا۔ اس دوران اپنے قریبی تعلقات میں محتاط رہیں، کوئی دوستی کی آڑ میں نقصان پہنچا سکتا ہے۔ فقط 26 اپریل سے 5 مئی کا دورانیہ سال بھر میں سب سے اچھا ہے۔ اس دوران تعلقات عامہ میں بہتری آئے گی۔ بہن بھائیوں سے اگر کسی وجہ سے رنجش پیدا ہوچکی تھی تو اس دوران کوشش کریں صلح کا امکان ہے۔

For Online shopping 03214127000
WWW.IFTIKHARBOOKDEPOT.COM

**گھر والدہ رہائش و جائیداد** ابتدائے سال سے 30 جون تک مشتری اپنے شرف کے گھر میں موجود ہوگا لیکن 11 مارچ تک رجعت پذیر ہوگا اس دوران خاطر خواہ فوائد نہیں ملیں گے۔ جبکہ 12 مارچ سے 30 جون تک کا دورانیہ آپ کے لیے خوش قسمتی کا باعث ہوگا۔ اس دوران پراپرٹی کی خرید و فروخت فائدہ مند ثابت ہوگی۔ والدہ اگر بیمار ہیں تو معالج تبدیل کریں ان شاءاللہ روبہ صحت ہوں گی یا کافی حد تک بہتری دیکھنے کو ملے گی۔ چوتھے گھر کا حاکم سیارہ نیپچون ہے جو کہ 26 جنوری سے برج حمل میں داخل ہوگا۔ اور اس کی رجعت 07 جولائی سے 13 دسمبر تک پانچویں گھر میں ہوگی۔ اس دوران بحث سے اجتناب کریں فضول سی بات پر گھریلو ماحول خراب ہو سکتا ہے۔ مجموعی طور پر 12 مارچ سے 6 جولائی تک کا دورانیہ اچھا ہے اس میں قسمت مہربان رہے گی۔ اس دوران گھریلو ماحول خوشگوار ہوگا۔ جائیداد کے مسائل کے حل کے لیے کی گئی پیشرفت کے مستقبل قریب میں اچھے نتائج ملیں گے۔ والدہ سے کسی غلط فہمی کے سبب معمولی سی رنجش تھی تو اس دوران وہ ختم ہو جائے گی۔

**منگنی اولاد انعام و لاٹری** 14 فروری سے زحل آپ کے زائچے کے پانچویں گھر میں داخل ہو رہا ہے۔ اور حالت ہبوط میں ہوگا جو کہ 27 جولائی سے 11 دسمبر تک حالت ہبوط میں رہتے ہوئے مزید رجعت کا شکار ہوگا۔ دوسری جانب مشتری کی نظر تثلیث 30 جون کے بعد پانچویں گھر پر قائم ہوگی جو کہ اختتام سال تک رہے گی۔ 26 جنوری سے اختتام سال تک زحل اور نیپچون کا پانچویں گھر میں قران ہوگا۔ اس طرح مشتری کے ثمرات کا دورانیہ 30 جون سے 26 جولائی تک ہوگا۔ اس دوران زحل اور نیپچون کے قران کے اثرات سمیت مجموعی طور پر یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ مشتری کے ثمرات کے دوران وہ خواتین جو اولاد سے محروم ہیں انہیں چاہیے معالج تبدیل کریں، ان شاءاللہ بہت جلد صاحب اولاد ہوں گی۔ وہ افراد جو لاٹری کے شوقین ہیں انہیں چاہیے 09—18—81—99 کی سیریل کے پرائز بانڈ خریدیں ان شاءاللہ فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ 30 جون سے 26 جولائی کے علاوہ بقیہ تمام سال احتیاط کا ہے۔ اس لیے دیگر ایام میں کوئی انعامی بانڈ ہرگز نہ خریں۔

**صحت اور لاحق امراض** چھٹے گھر کے حاکم سیارہ زہرہ کا شرف 10 فروری سے 6 مارچ تک ہوگا اس دوران معالج سے صحت کے حوالے سے کی گئی مشاورت کے اچھے اثرات مرتب ہوں گے۔ کسی سے جھگڑا ہو گیا تھا تو اس دوران اس معاملے کو احسن طریقہ سے سلجھایا جا سکتا ہے۔ کوئی چیز گم ہو گئی تھی تو اس دوران اس کا سراغ لگ سکتا ہے۔ 9 جولائی سے 7 اگست تک ہبوط زہرہ ہوگا، اس دوران اپنی اشیاء سنبھال کر رکھنا ہوں گی، کوئی چیز گم ہو سکتی ہے۔ ابتدائے سال سے 30 جون تک مشتری کی برج سرطان میں رہتے ہوئے، چھٹے گھر سے نظر تسدیس ہوگی دوسری جانب مشتری کی رجعت ابتدائے سال سے 11 مارچ تک رہے گی۔ اس طرح مجموعی طور پر 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی نظر تسدیس سے مثبت اثرات رونما ہوں گے۔ اگر بیمار ہیں تو سب سے پہلے پرہیز کے ذریعے مرض کا مقابلہ کریں، اگر باوجود احتیاط کے افاقہ نہیں ہو رہا تو معالج تبدیل کریں، ان شاءاللہ روبہ صحت ہوں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو اچھی ملازمت مل سکتی ہے۔

**شراکتی و ازدواجی معاملات** 26 اپریل سے اختتام سال تک ساتویں گھر سے زحل کی نظر تسدیس ہوگی۔ اسی طرح 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی ساتویں گھر سے نظر تسدیس ہوگی۔ ازدواجی معاملات میں بہتری آئے گی۔ اگر آپ شعبہ وکالت سے منسلک ہیں تو کسی مقدمہ کی اس دوران حتمی بحث میں کامیاب ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔ جبکہ 26 فروری سے 21 مارچ، 29 جون سے 24 جولائی اور 24 اکتوبر سے 13 نومبر تک سیارہ عطارد کی رجعت ہوگی۔ اس لیے ان ایام میں کسی مقدمہ کی حتمی بحث میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ازدواجی معاملات کے حوالے سے بھی ان ایام میں احتیاط کریں، فضول بحث طویل رنجش کا باعث بن سکتی ہے۔ ان ایام میں شراکت داری سے حتی الوسع اجتناب کریں ورنہ نقصان سے دوچار ہو سکتے ہیں۔

**وراثت اور قرضے** مشتری کی 30 جون تک موجودگی آپ کے لیے اچھے ثمرات کی حامل ہے ماسوائے ابتدائے سال سے 11 مارچ تک کیونکہ اس دوران مشتری کی رجعت ہوگی، لہٰذا محتاط رہیں۔ قرض کا لین دین ہرگز نہ کریں ورنہ طویل مدت کے لیے مقروض ہو جائیں گے۔ 12 مارچ سے 29 جون تک مثبت دورانیہ ہے۔ آپ کے لیے قسمت مہربان ہوگی، ڈوبی ہوئی رقم واپس مل سکتی ہے اگر مقروض تھے تو اب قرض کی ادائیگی کی جانب مثبت پیشرفت ہوگی۔

**حج زیارات بیرون ملک سفر قسمت اعلی تعلیم**

30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی نویں گھر میں موجودگی آپ کے لیے اچھے مواقع پیدا کرے گی۔ بیرون ملک جانے کے خواہش مند افراد کے لیے بہت اچھا وقت ہے کوشش کیجیے اور مستقبل کی طرف قدم بڑھائیے۔ کامیابی منتظر ہے۔ لیکن ایک بات یاد رکھیے اگر کچھ ابتدائی پریشانیوں کا سامنا ہو تو گھبرائیں نہیں، یہ سب عارضی ہوں گی۔

**آپ کی ساکھ آپ کا عہدہ** 19 اگست سے اختتام سال تک کیتو آپ کے دسویں گھر میں قیام پذیر ہوگا۔ آپ کی ساکھ متاثر ہو سکتی ہے۔ والد، آفیسر یا اپنے مالک سے فضول بحث آپ کو زوال کی طرف لے جا سکتی ہے۔ لیکن 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی دسویں گھر سے نظر



CamScanner

تسدیس کے مثبت اثرات نمایاں ہوں گے۔آپ کے افسران بالا سے تعلقات میں بہتری آئے گی۔والد، آفیسر یا اپنے مالک سے اگر کسی بحث یا غلط فہمی کے سبب جھگڑا ہوا تھا تو اس دوران کوشش کریں، معاملات کو احسن طریقے سے سلجھانے میں معاون وقت ثابت ہوگا۔

**تجارت اور دیرینہ دوست احباب** گیارہویں گھر کا حاکم سیارہ زہرہ 10 فروری سے 6 مارچ تک حالت شرف میں ہوگا۔اس دوران آپ کو کوئی نیا کنٹریکٹ مل سکتا ہے یا سابقہ کنٹریکٹ میں اچھی کارکردگی دیکھنے کو ملے گی۔پرانے دوستوں کی معرفت سے اچھی خبر بھی مل سکتی ہے۔کسی دیرینہ امید کے پورا ہونے کا امکان ہے۔ 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی گیارہویں گھر سے نظر تسدیس ہوگی۔غیبی طور پر آپ کی مدد ہوگی۔اگر اپنے برج کا سالانہ ورد کرتے رہیں تو کچھ دیرینہ خواہشات پوری ہوں گی۔ماسوائے 9 جولائی سے 7 اگست تک ہبوط زہرہ اور 03 اکتوبر سے 14 نومبر تک سیارہ زہرہ کی رجعت ہوگی اس دوران مزاج پر کنٹرول رکھنا ہوگا۔ورنہ کنٹریکٹ میں خرابی سے دوچار ہوسکتے ہیں۔

**امیگریشن خفیہ معاملات** تمام سال مریخ کو رجعت نہیں ہوگی۔امسال یکم جنوری سے 22 جنوری تک مریخ درجدی ہوگا شرف کے فوائد حاصل ہوں گے۔اس دوران وہ افراد جو خفیہ ایجنسی کا حصہ ہیں ان کی پرموشن ہوسکتی ہے یا انہیں کسی اہم مشن کی سربراہی سونپی جاسکتی ہے۔خواتین اپنے خفیہ مسائل کے حل کے لیے معالج تبدیل کریں، ان شاءاللہ جلد روبہ صحت ہوں گی۔جبکہ 23 جنوری سے اختتام سال تک کسی سیارے کی نظر یا موجودگی نہ ہونے کے باعث خفیہ امور یا اچانک پیش آنیوالے معاملات کے حوالے سے کوئی خاص فوائد یا نقصان کا احتمال نہیں ہے۔

**شمسی وقمری گرہن** پہلا شمسی گرہن 17 فروری کو برج دلو یعنی تیسرے گھر میں ہوگا۔قریبی سفر میں احتیاط برتیں ڈرائیونگ میں لاپرواہی نہ کریں۔اس کے علاوہ دوست احباب سے مایوسی ہوسکتی ہے۔دوسرا شمسی گرہن 12 اگست کو برج اسد یعنی نویں گھر میں ہوگا۔حاملہ خواتین خاص احتیاط کریں، اولاد کے حوالے سے کوئی پریشانی پیش آسکتی ہے۔پہلا قمری گرہن 03 مارچ کو برج سنبلہ یعنی دسویں گھر میں ہوگا۔آپ کی ساکھ متاثر ہوسکتی ہے، والد کی جانب سے پریشانی آسکتی ہے۔دوسرا قمری گرہن 28 اگست کو برج حوت میں یعنی چوتھے گھر میں ہوگا۔گھریلو ماحول پر منفی اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔پراپرٹی کا لین دین نہ کریں۔

**صدقات وظائف اور جواہرات** اس سال کا بادشاہ سیارہ زہرہ ہے جس کا عدد 6 ہے اسے آپ کے لکی عدد 3 میں جمع کریں تو مفرد عدد 9 بنتا ہے، اس لیے یَامَلِکُ کو 90 یا 900 مرتبہ پڑھیں، آپ کا موافق نگینہ مرجان ہے جس کو بروز اتوار 900 گرام گوشت صدقہ کرنے کے بعد بوقت طلوع آفتاب پہنیں تاکہ معاملات میں بہتری آئے۔

**نوٹ:** اصلی مرجان اور دیگر سرٹیفائیڈ نگینے حاصل کرنے کے لئے امامیہ جنتری کے نمبر 03111 888 668 پر ابھی کال ملائیں نیز اپنے ستارے کے ماہانہ حالات جاننے کے لئے امامیہ جنتری آفیشل یوٹیوب چینل IMAMIAJANTRIOFFICIAL جوائن کریں۔

## جدی CAPRICORN ستارہ زحل
23 Dec - 20 Jan



دن: ہفتہ — عدد: ۸ — حروف: ج، خ، گ

رنگ: سرخ، بھورا، خاکی

منحوس: خاکی

جواہر: سفید رنگ سلیمانی، یاقوت

بہترین شریک حیات: ثور، سنبلہ

ناموافق ساتھی: حمل، سرطان، میزان

بیماریاں: دانتوں کی بیماریاں، اعصابی تناؤ، سردرد، نظام ہضم

**ستاروں کی گردش واہم معاملات** 14 فروری سے زحل برج حمل یعنی چوتھے گھر میں داخل ہوگا چونکہ یہاں حالت ہبوط میں ہوگا۔مشکلات میں اضافہ ہوگا، مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔خاص کر پراپرٹی کے حوالے سے منفی نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔والدہ کی صحت کا خیال رکھنا ہوگا ورنہ بیماری غلبہ کرسکتی ہے۔بالخصوص 27 جولائی سے 11 ستمبر کا دورانیہ محتاط کن ہوگا۔مشتری کی رجعت ساتویں گھر 11 مارچ کو ختم ہوگی، ابتدائے سال سے 11 مارچ کا دورانیہ آپ کے لیے ازدواجی مسائل کی طرف اشارہ کررہا ہے۔فضول بحث ازدواجی مسائل میں الجھا سکتی ہے۔مزاج پر کنٹرول رکھنا ہوگا۔جبکہ 12 مارچ سے 12 دسمبر تک بہت اچھا وقت ہوگا بالخصوص 12 مارچ سے 30 جون تک کا دورانیہ ازدواجی مسائل کو حل کرنے میں مثبت نتائج کا حامل ہے۔شراکت داری کے لیے بھی اچھا وقت ہوگا، اور عدالتی معاملات بھی آپ کے حق میں ہوں گے۔ 30 جون کے بعد مشتری آٹھویں گھر داخل ہوکر اختتام سال 12 دسمبر تک آپ کے لیے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا کرے گا۔ڈوبی ہوئی کوئی رقم واپس ملے گی۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام** پہلے گھر کا حاکم سیارہ زحل 14 فروری سے اپنے ہبوط کے برج حمل میں داخل ہوگا۔یہاں ڈھائی سال موجود رہے گا۔دوسری جانب زحل کی 27 جولائی سے 11 دسمبر تک رجعت ہوگی

یہ دورانیہ آپ کے شخصی وقار کے لیے اچھا نہیں ہوگا۔ آپ کے مزاج میں سخت روی کا عنصر غالب رہے گا۔ بلڈ پریشر کے مریضوں کو احتیاط کرنی ہوگی، بالخصوص 27 جولائی سے 11 دسمبر تک کوشش کریں کسی سے فضول بحث نہ کریں، مفت میں جھگڑا مول لینے سے اجتناب کریں، آپ کی بات کا بتنگڑ بنایا جاسکتا ہے۔ کوشش کریں کسی کے معاملات میں غیر ضروری مداخلت یا رہنمائی نہ کریں۔

**معاشی و مالی استحکام:** دوسرے گھر کا حاکم سیارہ یورینس 26 اپریل سے برج جوزا میں داخل ہوگا۔ جبکہ زحل 27 جولائی سے 11 ستمبر تک رجعت پذیر ہوگا۔ بالخصوص رجعت کے دوران، آمدن اور اخراجات میں عدم توازن کے باعث بگاڑ پیدا ہوگا۔ بعض افراد دست روی کا شکار ہوں گے اور ذریعہ معاش ختم کر بیٹھیں گے۔ 6 مئی سے 16 اکتوبر تک پلوٹو دوسرے گھر میں رجعت پذیر ہوگا۔ اس دوران نیا کاروبار ہرگز شروع نہ کریں، بہت مجبوری کی صورت میں کسی ماہر تقویم سے زائچہ بنوا کر ابتداء کریں۔ فقط 26 اپریل سے 5 مئی کا دورانیہ سال بھر میں سب سے اچھا ہے۔ اس دوران نیا کاروبار شروع کریں گے تو مستقبل قریب میں اچھے نتائج ملیں گے۔ اگر ذریعہ معاش نوکری ہے تو آپ کو بتائے گئے رجعت کے دورانیہ میں اپنی نوکری پر توجہ دینا ہوگی، ورنہ نوکری ہاتھ سے جاسکتی ہے۔

**تعلقات خاص و عام اور بہن بھائی:** ابتدائے سال سے 30 جون تک مشتری اپنے شرف کے گھر میں موجود ہوگا لیکن 11 مارچ تک رجعت پذیر ہوگا۔ اس دوران خاطر خواہ فوائد نہیں ملیں گے جبکہ 12 مارچ سے 30 جون تک کا دورانیہ آپ کے لیے خوش قسمتی کا باعث ہوگا۔ اس دوران تعلقات عامہ میں بہتری آئے گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ اگر رنجش چل رہی تھی تو اب اچھا وقت ہے صلح کا قدم بڑھائیے، غلط فہمیاں دور کیجیے۔ تیسرے گھر کا حاکم سیارہ نیپچون ہے جو کہ 26 جنوری سے برج حمل میں داخل ہوگا۔ اور اس کی رجعت 07 جولائی سے 13 دسمبر تک چوتھے گھر میں ہوگی۔ کسی پراپرٹی کی خرید و فروخت کے دوران کوئی تعلق خراب ہونے کا امکان ہے۔ مجموعی طور پر 12 مارچ سے 6 جولائی تک کا دورانیہ اچھا ہے، اس میں قسمت مہربان رہے گی۔ قریبی سفر وسیلہ ظفر ہوں گے۔ تعلقات میں بہتری آئے گی، نئے لوگ آپ کے حلقہ احباب میں شامل ہوں گے۔

**گھر والدہ رہائش و جائیداد:** 14 فروری سے زحل آپ کے زائچہ کے چوتھے گھر میں داخل ہو رہا ہے۔ اور حالت ہبوط میں ہوگا جو کہ 27 جولائی سے 11 دسمبر تک حالت حالت ہبوط میں رہتے ہوئے مزید رجعت کا شکار ہوگا۔ دوسری جانب مشتری کی نظر تثلیث 30 جون کے بعد چوتھے گھر پر قائم ہوگی، جو کہ اختتام سال تک رہے گی۔ 26 جنوری سے اختتام سال تک زحل اور نیپچون کا چوتھے گھر میں قران ہوگا۔ اس طرح مشتری کے ثمرات کا دورانیہ 30 جون سے 26 جولائی تک ہوگا۔ اس دوران زحل اور نیپچون کے قران کے اثرات سمیت مجموعی طور پر یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ مشتری کے ثمرات کے دوران جائیداد کی خرید و فروخت سے فائدہ ہوگا۔ اگر جائیداد کے مسائل چل رہے ہیں تو اس دوران سلجھانے کی کوشش کریں، ان شاء اللہ گفت و شنید سے آپ مسائل کو احسن طریقے سے نمٹا سکیں گے۔ 30 جون سے 26 جولائی کے علاوہ بقیہ تمام سال احتیاط کا ہے۔ اس لیے پراپرٹی کی خرید و فروخت نہ کریں ورنہ رقم باؤنڈ ہوجائے گی اور اچھے داموں میں پراپرٹی فروخت نہیں کرسکیں گے۔ والدہ کی صحت کا خاص خیال رکھیے، ان کو ریسٹ کے ساتھ ساتھ ورزش کروائیے، اگر وہ ضامن صحت اصولوں کی پابندی کریں گی تو ادویات سے دور رہ سکیں گی۔ اگر آپ کرایہ دار ہیں تو رہائش تبدیل ہونے کے قوی امکانات موجود ہیں۔

**منگنی اولاد انعام ولاٹری:** پانچویں گھر کے حاکم سیارہ زہرہ کا شرف 10 فروری سے 6 مارچ تک ہوگا، اس دوران وہ خواتین جو کافی وقت سے بے اولاد ہیں انہیں چاہیے معالج کو تبدیل کریں اور از سر نو علاج شروع کریں۔ ان شاء اللہ بہت جلد اولاد کی نعمت سے فیض یاب ہوں گی۔ 9 جولائی سے 7 اگست تک ہبوط زہرہ ہوگا، اولاد کی طرف توجہ کریں۔ ان کا کسی غلط سوسائٹی کی طرف رغبت یا رجحان پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ ابتدائے سال سے 30 جون تک مشتری کی برج سرطان میں رہتے ہوئے پانچویں گھر سے نظر تسدیس ہوگی دوسری جانب مشتری کی رجعت ابتدائے سال سے 11 مارچ تک رہے گی اس طرح مجموعی طور پر 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی نظر تسدیس سے مثبت اثرات رونما ہوں گے۔ اگر اولاد کی طرف سے پریشانی لاحق ہے، تو اس دوران ان کی رہنمائی کریں۔ حسب منشا اچھے نتائج ملیں گے۔ وہ افراد جو انعامی بانڈز کے شائقین ہیں انہیں چاہیے کہ اس دوران 05–14–55–59– 77 کی سیریل کے انعامی بانڈز خریدیں ان شاءاللہ انعام جیت سکیں گے۔

**صحت اور لاحق امراض:** 26 اپریل سے اختتام سال تک چھٹے گھر سے زحل کی نظر تسدیس ہوگی۔ اسی طرح 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی چھٹے گھر سے نظر تسدیس ہوگی۔ آپ کو ماضی میں جن چیلنجز کا سامنا تھا اور سرگرداں تھے اب ان تمام چیلنجز کا کامیابی سے سامنا کرسکیں گے۔ کوئی

چیز گم ہو چکی تھی تو اس دوران وہ مل سکتی ہے یا اس کا سراغ لگ سکتا ہے۔ جبکہ 26 فروری سے 21 مارچ، 29 جون سے 24 جولائی اور 24 اکتوبر سے 13 نومبر سیارہ عطارد کی رجعت ہوگی۔ اس لیے ان ایام میں کسی سے ہرگز بحث وتمحیص سے کام نہ لیں، مفت کی دشمنی مول لیں گے، اس لیے محتاط رہیں۔ آپ کے ماتحت افراد سے کوئی رنجش پیدا ہوسکتی ہے۔

**شراکتی وازدواجی معاملات:** مشتری کی 30 جون تک برج سرطان میں آپ کے زائچہ کے ساتویں گھر میں موجودگی آپ کے لیے اچھے ثمرات کی حامل ہے ماسوائے ابتدائے سال سے 11 مارچ تک کیونکہ اس دوران مشتری کی رجعت ہوگی، لہذا محتاط رہیں کسی قسم کی شراکت داری نہ کریں اور نہ ہی کوئی ایسا مقدمہ دائر کریں جس کی فتح کے آثار ہی موجود نہ ہوں کیونکہ یہ آپ کو تنزلی کی طرف لے جائے گا۔ 12 مارچ سے 29 جون تک مثبت دورانیہ ہے۔ آپ کے لیے قسمت مہربان ہوگی، ازدواجی زندگی میں سکون ہوگا۔ اس دوران شراکت داری کے نتائج بھی بہت اچھے ملیں گے، لیکن ایک بات یاد رکھیں جس کے ساتھ شراکت داری کرنا چاہتے ہیں، ایک مرتبہ کسی ماہر تقویم سے اس کی اپنے برج کے ساتھ مطابقت ضرور چیک کروا لیں، بعض اوقات بروج ایک دوسرے کو بالکل راس ہی نہیں ہوتے، بیشک سیارگان کی اعلی اور سعد حالت ہی زائچہ میں کیوں نہ آرہی ہو۔

**وراثت اور قرضے:** 30 جون سے اختتام سال تک مشتری کی آٹھویں گھر میں موجودگی آپ کے لیے خوش آئند ہے، اگر مقروض ہیں تو کوشش کریں اپنے قرض کی ادائیگی پر توجہ دیں ان شاءاللہ بہت جلد اسباب پیدا ہوں گے اور کافی حد تک قرض کی ادائیگی ہوسکے گی۔ ایسی رقم جو مدت سے ڈوبی ہوئی تھی جس کا حصول ممکن نظر نہیں آرہا تھا وہ بھی حاصل ہونے کے امکانات ہیں۔

**حج زیارات بیرون ملک سفر قسمت اعلی تعلیم:** 19 اگست سے اختتام سال تک کیتو آپ کے نویں گھر میں قیام پذیر ہوگا۔ بیرون ملک مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔ روحانی حقائق کی تلاش کا شوق پیدا ہوگا۔ لیکن 12 مارچ سے 30 جون تک مشتری کی نویں گھر سے نظر تسدیس کے مثبت اثرات نمایاں ہوں گے۔ آپ کسی روحانی پیشوا سے فیضیاب ہوسکتے ہیں یا پھر روحانیت کی طرف مائل ہو جائیں گے اور دلی سکون پائیں گے۔ بیرون ملک جانا چاہتے ہیں تو کوشش کیجیے، مستقبل قریب میں اچھے نتائج ملیں گے۔ بعض روحانی شخصیات کی عالم رویا میں زیارت ہوسکتی ہے۔

